**DDEC202CCT**

# ابتدائی بچپن میں اعلیٰ درجے کی منصوبہ بندی اور تدریسیات

(Advanced Planning and Pedagogy in Early Childhood)

ڈپلوما ان ارلی چائلڈ ہوڈ کیئر اینڈ ایجوکیشن

(دوسرا سمسٹر)


**نظامت فاصلاتی تعلیم**

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی

حیدرآباد-32، تلنگانہ-انڈیا

**© Maulana Azad National Urdu University, Hyderabad**
**Course:** Advanced Planning and Pedagogy in Early Childhood
**ISBN:** 978-81-969329-6-1
**First Edition :April, 2024**

| | | |
|---|---|---|
| Publisher | : | Registrar, Maulana Azad National Urdu University |
| Publication | : | 2024 |
| Copies | : | 500 |
| Price | : | 170 (The price of the book is included in admission fee of distance mode students.) |
| Copy Editing | : | Dr. Faheem Anwar, DDE, MANUU, Hyderabad |
| Cover Designing | : | Dr. Mohd Akmal Khan, DDE, MANUU, Hyderabad |
| Printer | : | Print Time & Business Enterprises, Hyderabad |

**Advanced Planning and Pedagogy in Early Childhood**
for
Diploma in Early Childhood Care and Education
2nd Semester

*On behalf of the Registrar, Published by:*
**Directorate of Distance Education**
Maulana Azad National Urdu University
Gachibowli, Hyderabad-500032 (TS), India
*Director:*dir.dde@manuu.edu.in*Publication:*ddepublication@manuu.edu.in
Phone number: 040-23008314 Website: manuu.edu.in

*© All right reserved. No part of this publication may be reproduced or transmitted in any form or by any means, electronically or mechanically, including photocopying, recording or any information storage or retrieval system, without prior permission in writing form the publisher (registrar@manuu.edu.in)*

| | |
|---|---|
| Content and Language Editors | مدیران مواد اور زبان |
| Dr. Sameena Basu<br>Associate Professor (Education)<br>DDE, MANUU | ڈاکٹر ثمینہ بسو<br>ایسوسی ایٹ پروفیسر، (تعلیم)<br>ڈی ڈی ای، مانو |
| Dr. Khan Shahnaz Bano<br>Associate Professor (Education)<br>MANUU, CTE - Aurangabad | ڈاکٹر خان شہناز بانو<br>ایسوسی ایٹ پروفیسر (تعلیم)<br>مانو کالج آف ٹیچر ایجوکیشن، اورنگ آباد |

**پروگرام کوآرڈی نیٹر**
ڈاکٹر ثمینہ بسو
ایسوسی ایٹ پروفیسر (تعلیم)، نظامت فاصلاتی تعلیم، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، حیدرآباد

| مصنفین | اکائی نمبر |
|---|---|
| ڈاکٹر راغب بابر، اسسٹنٹ پروفیسر (کانٹریکچول)، تعلیم، مانو کالج آف ٹیچر ایجوکیشن، دربھنگا | 1 |
| ڈاکٹر افروز ظہیر، اسسٹنٹ پروفیسر (کانٹریکچول)، سی پی ڈی یو ایم ٹی، حیدرآباد | 2 |
| ڈاکٹر محمد حسن، اسسٹنٹ پروفیسر، تعلیم، مانو کالج آف ٹیچر ایجوکیشن، دربھنگا | 3 |
| ڈاکٹر شائستہ پروین، اسسٹنٹ پروفیسر، تعلیم، مانو کالج آف ٹیچر ایجوکیشن، بھوپال | 4 |
| ڈاکٹر شبیر احمد، اسسٹنٹ پروفیسر، تعلیم، مانو کالج آف ٹیچر ایجوکیشن، بھوپال | 5 |
| ڈاکٹر ترنم خان، اسسٹنٹ پروفیسر، تعلیم، مانو کالج آف ٹیچر ایجوکیشن، بھوپال | 6 |
| ڈاکٹر نجمہ بیگم، اسسٹنٹ پروفیسر (تعلیم)، شعبہ تعلیم وتربیت، مانو، حیدرآباد | 7 |
| ڈاکٹر سیدہ ہاجرہ، اسسٹنٹ پروفیسر (تعلیم)، مانو کالج آف ٹیچر ایجوکیشن، اورنگ آباد | 8 |

**پروف ریڈرس:**

| | | |
|---|---|---|
| اول | : | ڈاکٹر فہیم انور |
| دوم | : | ڈاکٹر محمد اکمل خان |
| فائنل | : | ڈاکٹر ثمینہ بسو |

# فہرست


| | | |
|---|---|---|
| پیغام | وائس چانسلر | 6 |
| پیغام | ڈائرکٹر | 7 |
| کورس کا تعارف | پروگرام کوآرڈی نیٹر 89 | |

**بلاک 1 : ای سی سی ای فن تدریسیات کو سمجھنا**

| | | |
|---|---|---|
| اکائی 1 | تدریسیات اور منصوبہ بندی | 11 |
| اکائی 2 | تعلقات کی تشکیل | 24 |
| اکائی 3 | کمرہ جماعت کا انصرام | 37 |
| اکائی 4 | اکتسابی ماحول کا نظم | 59 |

**بلاک 2 : تدریس کے لیے مواد کو ترتیب دینا اور سیاق وسباق کے مطابق بنانا**

| | | |
|---|---|---|
| اکائی 5 | درسیات کی تشکیل | 79 |
| اکائی 6 | مواد مضمون کو منظم کرنے کے طریقے | 95 |
| اکائی 7 | ٹیچنگ لرننگ میٹریل | 108 |
| اکائی 8 | کتب اور درسی کتب | 124 |

**نمونہ امتحانی پرچہ** 138

# پیغام

مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی 1998 میں وطنِ عزیز کی پارلیمنٹ کے ایکٹ کے تحت قائم کی گئی۔ اس کے چار نکاتی مینڈیٹس یہ ہیں۔ (1) اردو زبان کی ترویج و ترقی (2) اردو میڈیم میں پیشہ ورانہ اور تکنیکی تعلیم کی فراہمی (3) روایتی اور فاصلاتی تدریس سے تعلیم کی فراہمی اور (4) تعلیم نسواں پر خصوصی توجہ۔ یہ وہ بنیادی نکات ہیں جو اِس مرکزی یونیورسٹی کو دیگر مرکزی جامعات سے منفرد اور ممتاز بناتے ہیں۔ قومی تعلیمی پالیسی 2020 میں بھی مادری اور علاقائی زبانوں میں تعلیم کی فراہمی پر کافی زور دیا گیا ہے۔

اُردو کے ذریعے علوم کو فروغ دینے کا واحد مقصد و منشا اُردو داں طبقے تک عصری علوم کو پہنچانا ہے۔ ایک طویل عرصے سے اُردو کا دامن علمی مواد سے لگ بھگ خالی رہا ہے۔ کسی بھی کتب خانے یا کتب فروش کی الماریوں کا سرسری جائزہ اس بات کی تصدیق کر دیتا ہے کہ اُردو زبان سمٹ کر چند "ادبی" اصناف تک محدود رہ گئی ہے۔ یہی کیفیت اکثر رسائل و اخبارات میں دیکھنے کو ملتی ہے۔ اُردو قاری اور اُردو سماج دورِ حاضر کے اہم ترین علمی موضوعات سے نابلد ہیں۔ چاہے یہ خود ان کی صحت و بقا سے متعلق ہوں یا معاشی اور تجارتی نظام سے، یا مشینی آلات ہوں یا ان کے گرد و پیش ماحول کے مسائل ہوں، عوامی سطح پر اِن شعبہ جات سے متعلق اردو میں مواد کی عدم دستیابی نے عصری علوم کے تئیں ایک عدم دلچسپی کی فضا پیدا کر دی ہے۔ یہی وہ چیلنجز ہیں جن سے اُردو یونیورسٹی کو نبرد آزما ہونا ہے۔ نصابی مواد کی صورت حال بھی کچھ مختلف نہیں ہے۔ اِسکولی سطح پر اُردو کتب کی عدم دستیابی کے چرچے ہر تعلیمی سال کے شروع میں زیر بحث آتے ہیں۔ چوں کہ اُردو یونیورسٹی کا ذریعہ تعلیم اُردو ہے اور اس میں عصری علوم کے تقریباً سبھی اہم شعبہ جات کے کورسز موجود ہیں لہٰذا اِن تمام علوم کے لیے نصابی کتابوں کی تیاری اِس یونیورسٹی کی اہم ترین ذمہ داری ہے۔

مجھے اِس بات کی بے حد خوشی ہے کہ یونیورسٹی کے ذمہ داران بشمول اساتذہ کرام کی انتھک محنت اور ماہرین علم کے بھرپور تعاون کی بنا پر کتب کی اشاعت کا سلسلہ بڑے پیمانے پر شروع ہو چکا ہے۔ ایک ایسے وقت میں جب کہ ہماری یونیورسٹی اپنی تاسیس کی 25 ویں سالگرہ منا رہی ہے، مجھے اس بات کا انکشاف کرتے ہوئے بہت خوشی محسوس ہو رہی ہے کہ یونیورسٹی کا نظامتِ فاصلاتی تعلیم از سرِ نو اپنی کارکردگی کے نئے سنگِ میل کی طرف رواں دواں ہے اور نظامتِ فاصلاتی تعلیم کی جانب سے کتابوں کی اشاعت اور ترویج میں بھی تیزی پیدا ہوئی ہے۔ نیز ملک کے کونے کونے میں موجود تشنگانِ علم فاصلاتی تعلیم کے مختلف پروگراموں سے فیضیاب ہو رہے ہیں۔ گرچہ گزشتہ برسوں کے دوران کووڈ کی تباہ کن صورتِ حال کے باعث انتظامی امور اور ترسیل و ابلاغ کے مراحل بھی کافی دشوار کن رہے تاہم یونیورسٹی نے اپنی حتی المقدور کوششوں کو بروئے کار لاتے ہوئے نظامتِ فاصلاتی تعلیم کے پروگراموں کو کامیابی کے ساتھ روبہ عمل کیا ہے۔ میں یونیورسٹی سے وابستہ تمام طلبا کو یونیورسٹی سے جڑنے کے لیے صمیم قلب کے ساتھ مبارک باد پیش کرتے ہوئے اس یقین کا اظہار کرتا ہوں کہ ان کی علمی تشنگی کو پورا کرنے کے لیے مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کا تعلیمی مشن ہر لمحہ ان کے لیے راستے ہموار کرے گا۔

**پروفیسر سید عین الحسن**

وائس چانسلر

# پیغام

موجودہ دور میں فاصلاتی طریقۂ تعلیم کو پوری دنیا میں ایک انتہائی کارگر اور مفید طریقۂ تعلیم کی حیثیت سے تسلیم کیا جاچکا ہے اور اس طریقۂ تعلیم سے بڑی تعداد میں لوگ مستفید ہورہے ہیں۔ مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی نے بھی اپنے قیام کے ابتدائی دنوں ہی سے اردو آبادی کی تعلیمی ضروریات کے پیش نظر فاصلاتی طرز تعلیم کو متعارف کرایا۔ مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کا آغاز 1998 میں نظامتِ فاصلاتی تعلیم سے ہوا اور 2004 میں باقاعدہ روایتی طرز تعلیم (Regular Courses) کا آغاز ہوا اور بعد ازاں متعدد روایتی تدریس کے شعبہ جات قائم کیے گئے۔

ملک میں تعلیمی نظام کو بہتر انداز سے جاری رکھنے میں یو جی سی کا مرکزی کردار رہا ہے۔ فاصلاتی تعلیم (ODL) کے تحت جاری مختلف پروگرام UGC-DEB سے منظور شدہ ہیں۔ UGC-DEB اس بات پر زور دیتا رہا ہے کہ فاصلاتی نظامِ تعلیم کے نصابات اور نظامات کو روایتی نظامِ تعلیم کے نصابات اور نظامات سے کماحقہ ہم آہنگ کر کے فاصلاتی تعلیم کے طلبا کے معیار کو بلند کیا جائے۔ چوں کہ مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی فاصلاتی اور روایتی طرزِ تعلیم کی جامعہ (Dual Mode University) ہے، لہٰذا اس مقصد کے حصول کے لیے یو جی سی۔ڈی ای بی کے رہنمایانہ اصولوں کے مطابق (Credit Based Credit System (CBCS نظام متعارف کرایا گیا اور خود اکتسابی مواد (Self Learning Material) از سرِ نو، جس میں یو جی اور پی جی طلبا کے لیے چھ بلاک چوبیس اکائیوں اور چار بلاک سولہ اکائیوں پر مشتمل نئے طرز کی ساخت پر تیار کیا گیا ہے۔

نظامتِ فاصلاتی تعلیم یو جی، پی جی، بی ایڈ، ڈپلوما اور سرٹیفکیٹ کورسز پر مشتمل جملہ سترہ (17) کورسز چلا رہا ہے۔ ساتھ ہی تکنیکی ہنر پر مبنی کورسز بھی شروع کیے جارہے ہیں۔ متعلمین کی سہولت کے لیے ملک کے مختلف حصوں میں 9 علاقائی مراکز بنگلورو، بھوپال، دربھنگہ، دہلی، کولکاتا، ممبئی، پٹنہ، رانچی اور سری نگر اور 6 ذیلی علاقائی مراکز حیدرآباد، لکھنؤ، جموں، نوح، وارانسی اور امراوتی کا ایک بہت بڑا نیٹ ورک موجود ہے۔ اس کے علاوہ وجے واڑہ میں ایک ایکسٹنشن سنٹر بھی قائم کیا گیا ہے۔ ان مراکز کے تحت سرِ دست 160 سے زیادہ متعلم امدادی مراکز (Learner Support Centres) نیز 20 پروگرام سنٹرس (Programme Centres) کام کر رہے ہیں، جو طلبا کو تعلیمی اور انتظامی مدد فراہم کرتے ہیں۔ نظامت فاصلاتی تعلیم اپنی تعلیمی اور انتظامی سرگرمیوں میں آئی سی ٹی کا بھرپور استعمال کرتا ہے، نیز اپنے تمام پروگراموں میں داخلے صرف آن لائن طریقے ہی سے دے رہا ہے۔

نظامتِ فاصلاتی تعلیم کی ویب سائٹ پر متعلمین کو خود اکتسابی مواد کی سافٹ کاپیاں بھی فراہم کی جارہی ہیں، نیز آڈیو۔ویڈیو ریکارڈنگ کا لِنک بھی ویب سائٹ پر فراہم کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ متعلمین کے درمیان رابطے کے لیے ای میل اور وہاٹس ایپ گروپ کی سہولت فراہم کی گئی ہے، جس کے ذریعے متعلمین کو پروگرام کے مختلف پہلوئوں جیسے کورس کے رجسٹریشن، مفوضات، کونسلنگ، امتحانات وغیرہ کے بارے میں مطلع کیا جاتا ہے۔ پچھلے دو سال سے ریگولر کاؤنسلنگ کے علاوہ ایڈیشنل رمیڈیل آن لائن کاؤنسلنگ مہیا کی جارہی ہے تاکہ طلبا کے تعلیمی معیار کو بلند کیا جاسکے۔

امید ہے کہ ملک کی تعلیمی اور معاشی حیثیت سے پچھڑی اردو آبادی کو عصری تعلیم کے مرکزی دھارے سے جوڑنے میں نظامتِ فاصلاتی تعلیم کا بھی نمایاں رول ہو گا۔ آنے والے دنوں میں تعلیمی ضروریات کے پیش نظر نئی تعلیمی پالیسی (NEP-2020) کے تحت مختلف کورسز میں تبدیلیاں کی جائیں گی اور امید ہے کہ یہ فاصلاتی نظام کو زیادہ مؤثر و کارگر بنانے میں مددگار ثابت ہو گی۔

**پروفیسر محمد رضاء اللہ خان**

ڈائرکٹر، نظامت فاصلاتی تعلیم

# کورس کا تعارف

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے نظامت فاصلاتی تعلیم کی طرف سے پیش کردہ ڈپلومہ پروگرام "ابتدائی بچپن کی نگہداشت اور تعلیم" خواہش مند افراد کے لئے ابتدائی بچپن کی تعلیم کے اصولوں اور طریقوں کی جامع تربیت فراہم کرتا ہے اورانہیں اس طرح کی مہارتوں اور علم سے آراستہ کرتا ہے جو چھوٹے بچوں کی زندگیوں میں مثبت اثر ڈالنے کے لیے درکار ہیں۔ اس پروگرام میں کورس "**ابتدائی بچپن تعلیم میں اعلی درجے کی منصوبہ بندی اور تدریسات**" ابتدائی بچپن کے اساتذہ کو ضروری علم اور مہارتوں سے آراستہ کرے گا تاکہ سیکھنے کا دلفریب ماحول پیدا کیا جا سکے اور نوجوان ذہنوں کی مؤثر طریقے سے پرورش ہو سکے۔ اس پورے کورس کے دوران، بنیادی مقاصد ابتدائی بچپن کی دیکھ بھال اور تعلیمی درس گاہ کی سمجھ کو گہرا کرنا، کمرہ جماعت کے انتظام کرنے کی صلاحیت کو بڑھانا، اور تدریس کے لیے مواد کو منظم اور سیاق وسباق کے مطابق بنانا ہے۔

اس کورس میں تدریسی اصولوں، منصوبہ بندی کے طریقہ کار، اور امتیازی ہدایات کے لیے حکمت عملیاں، اساتذہ، بچوں، خاندانوں، اور کمیونٹی کے درمیان مثبت تعلقات کو فروغ دینے اور کمرہ جماعت کی حرکیات اور طرز عمل کو تعمیری طور پر منظم کرنے کی وضاحت کی گئی ہے۔ نصاب کو تیار کرنے، مواد کو ترتیب دینے کے لیے متنوع طریقے استعمال کرنے، تدریسی مواد کو مؤثر طریقے سے بنانے اور استعمال کرنے، اور بچوں کے لیے عمر کے لحاظ سے موزوں نصابی کتب کی اہمیت اور ڈیزائن کے معیارات کو سمجھنے پر بھی توجہ مرکوز کی گئی ہے۔

یہ کورس اساتذہ کو چھوٹے بچوں کے لیے تدریس اور منصوبہ بندی کے اہم تصورات کو سمجھنے میں مدد کرنے کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے۔ کورس کے اختتام تک، اساتذہ کے پاس خوش آئند اور دل چسپ کلاس روم بنانے کے لیے علم اور مہارت ہو گی۔ ان کے پاس اپنی تدریس کو بہتر بنانے کے لیے عملی آلات بھی ہوں گے، جو بچوں کو سیکھنے اور مزید بڑھنے میں مدد فراہم کریں گے۔

ڈاکٹر ثمینہ بسو
پروگرام کوآرڈی نیٹر

# ابتدائی بچپن میں اعلی درجے کی منصوبہ بندی اور تدریس

# (Advanced Planning and Pedagogy in Early Childhood)

# اکائی 1۔ تدریسیات اور منصوبہ بندی

(Pedagogy and Planning)

اکائی کے اجزا


1.0 تعارف(Introduction)

1.1 مقاصد(Objectives)

1.2 ایام طفولیت کے تدریسیات(Pedagogy of Early Children)

1.3 تدریسیات کے اصول(Principles of Pedagogy)

1.4 تدریس کے لیے منصوبہ بندی-تدریسی منصوبے کے اجزاء
(Planning for Teaching- Components of a Teaching Plan)

1.5 تفریق شدہ ہدایات، سہاروں اور ذمہ داری کی بتدریج رہائی کے لیے منصوبہ بندی
(Planning for Differentiated Instruction, Scaffolding and Gradual Release of Responsibility)

1.6 اکتسابی نتائج(Learning Outcomes)

1.7 فرہنگ(Glossary)

1.8 اکائی کے اختتام کی سرگرمیاں(Unit End Exercise)

1.9 تجویز کردہ اکتسابی مواد(Suggested Learning Resources)


## 1.0 تعارف(Introduction)

فن تدریس(Pedagogy) سے مراد تدریس اور تعلیم کا نظریہ اور عمل ہے۔ یہ آموزش میں سہولت فراہم کرنے اور طلباء کو آموزش کے عمل میں مشغول کرنے کے لیے معلمین کی جانب سے استعمال کی جانے والی حکمت عملیوں، طرز رسائی اور طریقوں کو شامل کرتا ہے۔ فن تدریس میں ڈیزائننگ اور ہدایات کی فراہمی طالب علم کی پیشرفت کا اندازہ لگانا اور سیکھنے کا ایک معاون ماحول پیدا کرنا شامل ہے۔ یہ مختلف عوامل کے مطابق ہوتا ہے جیسے سیکھنے والوں کی ضروریات، صلاحیتوں اور دلچسپیوں کے ساتھ ساتھ موضوع اور مطلوبہ سیکھنے کے نتائج وغیرہ۔ مؤثر تدریس افعال سیکھنے، تنقیدی سوچ، مسئلہ حل کرنے کی مہارتوں اور اساتذہ اور طلباء کے درمیان بامعنی تعامل کو فروغ دیتی ہے۔ ساتھ ہی

ایک مثبت اور دل چسپ تعلیمی تجربے کو فروغ دیتی ہے۔اس کائی میں ایام طفولیت کے فن تدریس کا مطالعہ کیا جائے گا۔ فن تدریس کے اصول کا تفصیل سے مطالعہ کریں گے اور تدریس کے لئے منصوبہ بندی کیسے کی جاتی ہے اس کا مطالعہ کریں گے۔تدریسی منصوبہ کے مختلف اجزاء کا بھی مطالعہ کریں گے اور ساتھ ہی ساتھ اسکافولڈ نگ اور ذمہ داری کے بارے میں بھی مطالعہ کریں گے۔آپ سے امید ہے کہ اس مطالعے سے ایام طفولیت کے فن تدریس کے تصور،اصول، منصوبہ بندی اور تمام پہلوؤں کی عمومی جانکاری آپ حاصل کر سکیں گے۔

## 1.1 مقاصد(Objectives)

اس اکائی کا مطالعہ کرنے کے بعد آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ :

- ایام طفولیت کے فن تدریس کو اپنے الفاظ میں بیان کر سکیں گے۔
- فن تدریس کے اصول کو اپنے الفاظ میں وضاحت کر سکیں گے۔
- تدریس کے لیے منصوبہ بندی کر سکیں گے۔
- تدریسی منصوبے کے اجزاء کی فہرست بنا سکیں گے۔
- تفریق شدہ ہدایات، سہاروں اور ذمہ داری کی بتدریج رہائی کے لیے منصوبہ بندی کر سکیں گے۔

## 1.2 ایام طفولیت کے فن تدریس(Pedagogy of Early Children)

ایام طفولیت سے مراد بچے کی پیدائش سے لے کر تقریباً آٹھ سال کی عمر تک ہوتی ہے۔ یہ بچے کی نشو ونما کا ایک اہم اور ابتدائی مرحلہ ہے، جو ان کی جسمانی، جذباتی، سماجی اور علمی نشو ونما کی بنیاد رکھتا ہے۔ایام طفولیت ایک ایسا وقت ہوتا ہے جب بچے تیزی سے نئی مہارتیں، علم اور تجربات حاصل کرتے ہیں جو ان کے مستقبل کی تشکیل کرتے ہیں۔اس لئے یہاں ہم پیدائش سے آٹھ سال تک کی عمر کے بچوں کی جسمانی، جذباتی، ذہنی اور سماجی نشو نما پر ہی روشنی ڈالیں گے۔

- **جسمانی نشو ونما:** ایام طفولیت میں جسمانی تشکیل بھی اہم ہوتی ہے. بچے اس دوران مختلف جسمانی مہارتوں کو تربیت دیتے ہیں، جیسے چلنا، دوڑنا، اور پکڑنا. وہ اپنی نقل و حرکت پر قابو پانا سیکھتے ہیں اور رینگتے، چلتے اور دوڑتے ہوئے ترقی کے سنگ میل تک پہنچتے ہیں۔
- **سننا اور بولنا:** بچوں کی طرف سے سننا اور بولنا ایام طفولیت کی اہم توانائی ہوتی ہے. وہ اس مرحلہ میں زبان سیکھتے ہیں اور لفظوں کی تشکیل کرنا شروع کرتے ہیں۔
- **تعلیمی تربیت:** ایام طفولیت میں بچوں کی تعلیمی تربیت کی بنیاد رکھی جاتی ہے. اس دوران وہ مختلف تعلیمی کتب، کھیلوں، اور سرگرمیوں کے ذریعے سیکھتے ہیں.
- **سماجی تعامل:** ایام طفولیت میں بچے سماجی تعامل کی تشکیل کرتے ہیں. وہ دوسرے بچوں اور بڑوں کے ساتھ کھیلتے ہیں اور سماجی مقابلے سے گذرتے ہیں۔

- **سوچنااور تجربہ:** بچے ایام طفولیت میں اپنے ارد گرد دیکھتے اور اشیاء کو تجربہ کرتے ہیں. یہ ان کی تفکری تشکیل کو بڑھاتا ہے۔

ایام طفولیت کی تعلیم و تربیت بچوں کی زندگی کا اہم ترین مرحلہ ہوتا ہے اور یہ ان کی ترقی کی بنیاد رکھتا ہے. اس دوران کے تعلیمی منصوبے اور تربیتی پروگرامز کو مختلف ملکوں اور علاقوں میں مواد کی تعلیم کے لئے تیار کیا جاتا ہے تاکہ بچے اپنی صلاحیت اور ذہانت کے مطابق تربیت پا سکیں۔

**فن تدریس(Pedagogy)**

فن تدریس(Pedagogy)سے مراد تدریس اور تعلیم کا نظریہ اور عمل ہے۔ یہ آموزش میں سہولت فراہم کرنے اور طلباء کو آموزش کے عمل میں مشغول کرنے کے لیے معلمین کی جانب سے استعمال کی جانے والی حکمت عملیوں، طرز رسائی اور طریقوں کو شامل کرتا ہے۔ فن تدریس میں ڈیزائننگ اور ہدایات کی فراہمی طالب علم کی پیشرفت کا اندازہ لگانا اور سیکھنے کا ایک معاون ماحول پیدا کرنا شامل ہے۔ یہ مختلف عوامل کے مطابق ہوتا ہے جیسے سیکھنے والوں کی ضروریات، صلاحیتوں اور دلچسپیوں کے ساتھ ساتھ موضوع اور مطلوبہ سیکھنے کے نتائج۔ مؤثر تدریس افعال سیکھنے، تنقیدی سوچ، مسئلہ حل کرنے کی مہارتوں اور اساتذہ اور طلباء کے درمیان بامعنی تعامل کو فروغ دیتی ہے۔ ساتھ ہی ایک مثبت اور دل چسپ تعلیمی تجربے کو فروغ دیتی ہے۔

ایام طفولیت کے فن تدریس یعنی "Pedagogy of Early Children"بچوں کی عمر کے تناظر میں تعلیم دینے اور تربیت دینے کے عملی منظر عام کی طرف اشارہ کرتا ہے. اس فن کا مقصد بچوں کی نشو نما کو فروغ دینا اور ان کی تعلیمی ضروریات کو پورا کرنا ہوتا ہے۔



https://cheqdin.com/early-years-pedagogy

| **اپنی معلومات کی جانچ(Check your progress)** |
| --- |
| **سوال:** فن تدریس سے کیا مراد ہے؟<br>________________________________________<br>________________________________________ |

## 1.3 فن تدریس کے اصول(Principles of Pedagogy)

فن تدریس(Pedagogy)سے مراد تدریس اور تعلیم کا نظریہ اور عمل ہے۔ یہ آموزش میں سہولت فراہم کرنے اور طلباء کو آموزش کے عمل میں مشغول کرنے کے لیے معلمین کی جانب سے استعمال کی جانے والی حکمت عملیوں، طرز رسائیوں اور طریقوں کو شامل کرتا ہے۔ جو

تدریس اور اکتساب کے موثر طریقوں کی رہنمائی کرتی ہے۔ یہ اصول اساتذہ کے لیے ایک سازگار اور دل چسپ تعلیمی ماحول پیدا کرنے کے لیے ایک بنیاد کے طور پر کام کرتے ہیں۔ فن تدریس کے چند اہم اصول درج ذیل ہیں۔

- **متعلم مرکز طرز رسائی(Learner –Centred Approach):** متعلم کو تدریسی عمل کے مرکز میں رکھیں۔ طلباء کی متنوع ضروریات، دلچسپیوں اور صلاحیتوں کو پہچانیں۔
- **کھیل پر مبنی اکتساب(Play-based learning):** کھیل ایام طفولیت کی تعلیم کا ایک مرکزی جز ہے۔ کھیل کے ذریعے بچے اپنی دنیا کی تلاش، تجربہ، مسائل کو حل کرنا، سماجی اور جذباتی مہارتیں وغیرہ سیکھتے ہیں۔ کھیل پر مبنی تعلیم تخلیقی صلاحیتوں، تخیل اور تنقیدی سوچ کو فروغ دیتا ہے اور جسمانی نشوونما کو بھی فروغ دیتا ہے۔
- **فعال مشغولیت(Active Engagement):** چھوٹے بچے اس وقت موثر طریقے سے سیکھتے ہیں جب وہ فعال طور پر تجربات میں مصروف ہوتے ہیں۔ وہ اس وقت پروان چڑھتے ہیں جب وہ اشیاء کو تلاش کر سکتے ہیں جوڑ توڑ کر سکتے ہیں اور اپنے ماحول کے ساتھ تعامل کر سکتے ہیں۔
- **مناسبت(Relevance):** ہدایات کے مواد اور مقاصد کو طلباء کی زندگیوں اور تجربات سے متعلق بنائیں۔ مواد حقیقی دنیا کے حالات، ذاتی مفادات اور مستقبل کے مقاصد سے کیسے جڑتا ہے۔ اس کو واضح کریں۔
- **واضح مقاصد(Clear Objectives):** واضح اور قابل پیمائش سیکھنے کے مقاصد طے کریں۔ طلباء کو اس بارے میں آگاہ کریں کہ ان سے کیا سیکھنے اور حاصل کرنے کی توقع کی جاتی ہے۔ یہ سمت اور حوصلہ افزائی فراہم کرنے میں مدد کرتا ہے۔
- **تاثرات یا بازرسائی اور تشخیص(Feedback and Assessment) :** طلباء کو بروقت اور تعمیری تاثرات فراہم کریں۔ ان کی پیشرفت اور سمجھ بوجھ کا اندازہ لگانے کے لیے تشخیص کے مختلف طریقے استعمال کریں۔ مزید سیکھنے کی رہنمائی کے لیے فیڈبیک کا استعمال کیا جانا چاہیے۔
- **فعال شرکت(Active Participation):** طلباء کو سیکھنے کے عمل میں فعال طور پر حصہ لینے کی ترغیب دیں۔ کلاس روم کے ماحول کو فروغ دیں جہاں سوالات، مباحثے اور مباحثوں کا خیر مقدم کیا جائے۔ تعاون اور ہم مرتبہ سیکھنے کی حوصلہ افزائی کریں۔
- **ثقافتی طور پر رد عمل کی تدریس(Culturally Responsive Teaching) :** طلباء کے ثقافتی پس منظر، تجربات اور اقدار سے آگاہ رہیں۔ کلاس روم کا ایک ایسا ماحول بنائیں جو تنوع کا احترام کرے اور اس کی قدر کرے اور ثقافتی طور پر متعلقہ مواد کو شامل کرے۔
- **تعمیریت پسندی(Constructivism):** علم کی تعمیر میں طلباء کے کردار پر زور دیں۔ انکوائری پر مبنی سیکھنے، مسئلہ حل کرنے، اور تجربات کرنے کی حوصلہ افزائی کریں۔

- **اسکافولڈنگ(Scaffolding)**: ضرورت کے مطابق مدد اور رہنمائی فراہم کریں۔ بتدریج سپورٹ کو کم کریں کیونکہ طلباء اپنے سیکھنے میں زیادہ خود مختار ہو جاتے ہیں۔ یہ تصور اکثر وائگوٹسکی کے Zone proximal (ZPD) development تھیوری سے منسلک ہوتا ہے۔
- **حوصلہ افزائی(Motivation)**: ایک ایسا ماحول بنا کر اندرونی محرک کو فروغ دیں جہاں طلباء دلچسپی رکھتے ہوں اور سیکھنے کے عمل میں مشغول ہوں۔ کامیابیوں کو پہچانیں اور تقویت دیں۔
- **لچکدار(Flexibility)**: طلباء کی بدلتی ہوئی ضروریات اور حالات کے مطابق موافقت پذیر اور جوابدہ بنیں۔ طلباء کے تاثرات اور نتائج کی بنیاد پر تدریسی طریقوں اور حکمت عملیوں کو ایڈجسٹ کریں۔
- **عکاسی کی مشق(Reflective Practice)**: اپنے تدریسی طریقوں اور ان کی تاثیر پر مسلسل غور کریں۔ پیشہ ورانہ ترقی اور بہتری کے مواقع تلاش کریں۔
- **ٹیکنالوجی کا انضمام(Integration of Technology)**: اکتساب کو موثر بنانے کے لئے جب مناسب ٹیکنالوجی کو شامل کریں۔ سیکھنے کے تجربات کو آسان بنانے، تقویت دینے یا بڑھانے کے لیے ٹیکنالوجی کو بطور آلہ استعمال کریں۔




https://cte.smu.edu.sg/lesson-planning

**اپنی معلومات کی جانچ(Check your Progress)**

سوال: فن تدریس کے کسی دو اصول پر مختصر نوٹ لکھئے۔

---

---

## 1.4 تدریس کے لیے منصوبہ بندی-تدریسی منصوبے کے اجزاء

(Planning for Teaching- Components of a Teaching Plan)

تدریس کے لیے منصوبہ بندی تدریسی عمل میں ایک اہم مرحلہ ہے، اور اس میں ایک جامع تدریسی منصوبہ تیار کرنا شامل ہے جو کسی خاص تدریسی سیشن، کورس یا یونٹ میں استعمال کیے جانے والے اہداف، مقاصد، حکمت عملیوں اور وسائل کا خاکہ پیش کرتا ہے۔ ایک اچھی طرح سے تشکیل شدہ تدریسی منصوبہ اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ تدریس اور سیکھنے کا عمل منظم، بامقصد اور موثر ہو۔ تدریسی منصوبے کے لئے مندرجہ ذیل اجزاء شامل ہیں:

- **اکتساب کے مقاصد(Learning Objectives)**: سیکھنے کے مقاصد یہ بتاتے ہیں کہ تدریسی سبق کے اختتام تک طلباء کو کیا معلوم ہونا چاہیے یا کیا کرنے کے قابل ہونا چاہیے۔ مقاصد واضح، مخصوص اور قابل پیمائش ہونے چاہئیں۔ وہ باقی منصوبہ بندی کے عمل کی رہنمائی میں مدد کرتے ہیں۔
- **سبق کا عنوان(Lesson Title)**: سبق یا تدریسی سیشن کے لیے ایک مختصر اور وضاحتی عنوان جو احاطہ کیے جانے والے موضوع یا مواد کا جائزہ فراہم کرتا ہے۔
- **تعارف(Introduction)**: یہ سیکشن اسباق کا ایک جائزہ فراہم کرتا ہے اور سیکھنے کا مرحلہ طے کرتا ہے۔ اس میں اکثر طلباء کی دلچسپی حاصل کرنے اور مطابقت قائم کرنے کے لیے ایک مشغول سرگرمی شامل ہوتی ہے۔
- **مواد اور وسائل(Materials and Resources)**: ان تمام مواد، وسائل، اور ٹیکنالوجی کی فہرست بنائیں جو سبق کے دوران استعمال ہوں گے، بشمول نصابی کتب، ہینڈ آؤٹ، بصری امداد، آڈیو ویژول آلات، اور کوئی بھی ٹیکنالوجی ٹولز یا سافٹ ویئر۔
- **قبل از تشخیص(Pre-Assessment)**: اگر قابل اطلاق ہو تو، پہلے سے تشخیصی سرگرمیوں یا سوالات کی وضاحت کریں تاکہ یہ اندازہ لگایا جاسکے کہ طالب علم پہلے سے موضوع کے بارے میں کیا جانتے ہیں۔ یہ معلومات طلباء کے موجودہ علم کے مطابق ہدایات کو تیار کرنے میں مدد کرسکتی ہے۔
- **تدریسی حکمت عملی(Instructional Strategies)**: ان طریقوں اور حکمت عملیوں کی وضاحت کریں جو آپ مواد کو پہنچانے اور سیکھنے کے مقاصد کو حاصل کرنے میں استعمال کریں گے۔ اس میں لیکچرز، مباحثے، گروپ سرگرمیاں، مظاہرے، ملٹی میڈیا پریزنٹیشنز، یا کوئی اور متعلقہ نقطہ نظر شامل ہو سکتے ہیں۔
- **مواد کا خاکہ(Content Outline)**: تدریسی سیشن کے دوران احاطہ کیے جانے والے مواد کا تفصیلی خاکہ فراہم کریں۔ مواد کو منطقی طور پر منظم کریں، اسے قابل انتظام حصوں یا عنوانات میں تقسیم کریں۔

- **تشخیص اور تعین قدر(Assessment and Evaluation)**: ان طریقوں اور ٹولز کا خاکہ بنائیں جنہیں آپ طالب علم کے سیکھنے کا اندازہ لگانے اور سیکھنے کے مقاصد کے حصول کی پیمائش کے لیے استعمال کریں گے۔ اس میں کوئز، ٹیسٹ، پروجیکٹس، پریزنٹیشنز، یا تشخیص کی دوسری شکلیں شامل ہو سکتی ہیں۔
- **گھر کا کام(Homework )**: اگر قابل اطلاق ہو تو، کوئی ہوم ورک دیں جو طلباء کو تدریسی سیشن کے بعد مکمل کرنا چاہیے۔
- **معاونت اور خصوصی ضروریات(Support and Special Needs)**: مخصوص طلباء کے لیے درکار خصوصی ضروریات یا معاون خدمات کی نشاندہی کریں اور سبق کے دوران ان ضروریات کو کیسے پورا کیا جائے گا اس کی وضاحت کریں۔
- **وقت کا انتظام(Time Management)**: اسباق یا سیشن کے ہر حصے کے لیے تخمینہ وقت مختص کریں تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ آپ منصوبہ بند ٹائم فریم کے اندر رہیں۔
- **عکاسی(Reflection)**: تدریسی منصوبے پر اپنے خیالات کے لیے ایک سیکشن شامل کریں۔ غور کریں کہ کس چیز نے اچھا کام کیا، کیا بہتر کیا جا سکتا ہے، اور مستقبل میں آپ جو بھی ایڈ جسٹمنٹ کر سکتے ہیں۔
- **حوالہ جات(References)**: اسباق کی تیاری میں استعمال ہونے والے ذرائع اور حوالہ جات کی فہرست بنائیں، بشمول نصابی کتب، مضامین اور دیگر تعلیمی مواد۔

ایک اچھی ترتیب والا تدریسی منصوبہ اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ اساتذہ اچھی طرح سے تیار، منظم، اور سیکھنے کے اہداف پر توجہ مرکوز کر رہے ہیں، جس سے طلباء کے لیے سیکھنے کا زیادہ موثر اور پرکشش تجربہ ہوتا ہے۔ یہ تدریسی طریقوں میں تشخیص، عکاسی اور مسلسل بہتری کے لیے ایک قابل قدر آلہ کے طور پر بھی کام کرتا ہے۔

| **اپنی معلومات کی جانچ(Check your progress)** |
|---|
| **سوال:** ۔تدریسی منصوبے کے پانچ اجزاء کے نام لکھیئے؟<br>________________________________________ |

## 1.5 تفریق شدہ ہدایات، سہاروں اور ذمہ داری کی بتدریج رہائی کے لیے منصوبہ بندی

## (Planning for Differentiated Instruction, Scaffolding and Gradual Release of Responsibility)

طلباء کی متنوع ضروریات کو پورا کرنے اور ان کے سیکھنے میں سہولت فراہم کرنے کے لیے مختلف ہدایات، سہاروں، اور ذمہ داریوں کی بتدریج رہائی کے لیے منصوبہ بندی کرنا ضروری ہے۔ یہ تدریسی حکمت عملی مختلف صلاحیتوں اور تیاری کی سطح کے حامل طلباء کی کامیابی حاصل کرنے میں مدد کرنے میں خاص طور پر موثر ہیں۔ ان طریقوں میں سے ہر ایک کے لیے منصوبہ بندی کرنے کے طریقہ مندرجہ ذیل ہیں۔

## تفریق شدہ ہدایات(Differentiated Instruction)

تفریق شدہ ہدایات ایک تعلیمی طرز رسائی اور تدریسی طریقہ ہے جو ایک ہی کمرہ جماعت میں طلباء کی متنوع سیکھنے کی ضروریات، دلچسپیوں، صلاحیتوں اور تیاری کی سطح کو تسلیم کرتا ہے اور ان کو مطابقت (ایڈجسٹ) کرتا ہے۔ تفریق شدہ ہدایات کے پیچھے بنیادی خیال انفرادی طلباء یا چھوٹے گروپوں کے لیے ہدایات کو تیار کرنا ہے تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جاسکے کہ ہر طالب علم کو اپنے سیکھنے کے عمل میں مناسب چیلنج اور مدد فراہم ہو۔ یہ طرز رسائی اس بات کو تسلیم کرتا ہے کہ طلباء کے سیکھنے کے منفرد انداز ہوتے ہیں اور یہ کہ ایک ہی طرح کے تمام تدریسی طریقہ کار ان کی متنوع ضروریات کو مؤثر طریقے سے پورا نہیں کر سکتا ہے۔

- **اپنے طلباء کو جانیں(Know Your Students)**: اپنے طلباء کے پہلے سے علم، سیکھنے کے انداز، اور طاقتوں اور کمزوریوں کا اندازہ لگائیں۔ جائزوں، سروے، یا مشاہدات کے ذریعے ڈیٹا اکٹھا کریں۔
- **واضح سیکھنے کے مقاصد طے کریں(Set Clear Learning Objectives)**: سبق یا یونٹ کے لیے اپنے سیکھنے کے مقاصد کو واضح طور پر متعین کریں۔ یہ بات واضح ہونی چاہیے کہ آپ کیا چاہتے ہیں کہ تمام طلباء کیا جانیں یا کرنے کے قابل ہوں۔
- **طلباء کے گروپوں کی شناخت کریں(Identify Student Groups)**: طلباء کو ان کی ضروریات اور تیاری کی سطح کی بنیاد پر گروپ کی تسکیل کریں۔ مشترکہ گروپوں میں اعلیٰ کامیابی حاصل کرنے والے، آن لیول طلباء، اور وہ لوگ شامل ہو سکتے ہیں جنہیں اضافی مدد کی ضرورت ہے۔
- **متنوع وسائل فراہم کریں(Provide Varied Resources)**: سیکھنے کے مختلف انداز اور ترجیحات کو ایڈجسٹ کرنے کے لیے مختلف قسم کے سیکھنے کے وسائل، جیسے متن، ملٹی میڈیا، اور ہیرا پھیری کی پیشکش کریں۔
- **لچک(Flexibility)**: سبق کے دوران ضرورت کے مطابق اپنے منصوبے کو ڈھالنے کے لیے تیار رہیں۔ طالب علم کی پیشرفت پر نظر رکھیں اور اس کے مطابق چیلنج یا مدد کی سطح کو ایڈجسٹ کریں۔

## اسکافولڈنگ(Scaffolding)

اسکافولڈ نگ ایک تدریسی تکنیک ہے جس میں طلباء کو مدد فراہم کرنا شامل ہے جب وہ سیکھتے ہیں اور بتدریج اس مدد کو کم کرتے ہیں کیونکہ وہ زیادہ خود مختار ہوتے ہیں۔ سہاروں کی منصوبہ بندی کرنے کے لیے:

- **سیکھنے کے اہداف کی شناخت(Identify Learning Goals)** : واضح طور پر سبق کے لیے سیکھنے کے مقاصد کی وضاحت کریں اور طالب علموں کو جن مہارتوں یا تصورات پر عبور حاصل کرنے کی ضرورت ہے ان کی بھی وضاحت کریں۔
- **مواد کو توڑ دیں(Break Down Content)**: مواد کو قابل انتظام حصوں یا مراحل میں تقسیم کریں۔ ضروری علم اور مہارتوں پر غور کریں جن کی طلباء کو ضرورت ہے۔
- **ڈیزائن سپورٹ ڈھانچا (Design Support Structures)**: معاون ڈھانچے تیار کریں، جیسے کہ بصری امداد، گرافک آرگنائزرز یا رہنمائی والے سوالات، تاکہ طلباء کی مواد کے ذریعے کام کرنے میں مدد کی جاسکے۔

- **ترقی پسند چیلنج(Progressive Challenge)**: طلباء کے زیادہ ماہر ہونے کے ساتھ ساتھ معاونت کی سطح کو بتدریج کم کرنے کا منصوبہ بنائیں۔اس میں سہاروں کو ختم کرنا یا وقت کے ساتھ ساتھ کم رہنمائی فراہم کرنا شامل ہو سکتا ہے۔



https://www.edutopia.org/blog/scaffolding-lessons-six-strategies-rebecca-alber

- **مانیٹرنگ اور فیڈبیک(Monitoring and Feedback)**: فیڈبیک فراہم کرنے اور طالب علم کی پیشرفت کی نگرانی کے لیے تیار رہیں تاکہ یہ یقینی بنایا جاسکے کہ وہ بڑھتی ہوئی آزادی کے لیے تیار ہیں۔

**ذمہ داری کی بتدریج رہائی(Gradual Release of Responsibility)**

ذمہ داری کی بتدریج رہائی ایک تدریسی نمونہ ہے جو طلباء کو استاد کے مرکز کی تعلیم سے آزادانہ تعلیم کی طرف لے جاتا ہے۔ذمہ داری کی بتدریج رہائی کے لیے منصوبہ بندی کرنا:

- **ماڈلنگ(Modelling)**: استاد کے ساتھ مہارت، تصور، یا کام کی ماڈلنگ شروع کریں۔ طلباء کو واضح طور پر عمل کا مظاہرہ اور وضاحت کریں۔
- **گائیڈڈ پریکٹس(Guided Practice)** : گائیڈڈ پریکٹس کی طرف بڑھیں، جہاں طلباء استاد کی مدد اور رہنمائی کے ساتھ کام کرتے ہیں۔اس میں بطور کلاس یا چھوٹے گروپوں میں مل کر کام کرنا شامل ہو سکتا ہے۔
- **تعاون پر مبنی مشق(Collaborative Practice)**: تعاون پر مبنی مشق کی طرف منتقلی، جہاں طلباء ساتھیوں کے ساتھ کام کرتے ہیں، اساتذہ کی کم شمولیت کے ساتھ ہوتی ہے۔
- **عکاسی(Reflection)**: پورے عمل کے دوران، طلباء کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ اپنے سیکھنے اور مسئلہ حل کرنے کی حکمت عملی پر غور کریں۔
- **تاثرات اور تشخیص(Feedback and Assessment)**: ہر مرحلے پر تاثرات اور جائزے فراہم کریں تاکہ یہ یقینی بنایا جاسکے کہ طلباء آزادی کی طرف بڑھ رہے ہیں۔

ان تدریسی حکمت عملیوں کے لیے منصوبہ بندی اس بات کو یقینی بناتی ہے کہ آپ اپنے طلباء کی متنوع ضروریات کو پورا کرنے کے لیے تیار ہیں، ضروری مدد فراہم کرتے ہیں، اور آہستہ آہستہ خود مختار اور اعتماد پیدا کرنے کے لئے ان کی رہنمائی کرتے ہیں۔ یہ نقطہ نظر ایک زیادہ جامع اور مساوی تعلیمی ماحول کو فروغ دیتا ہے۔

| **اپنی معلومات کی جانچ(Check your progress)** |
| --- |
| **سوال:** اسکافولڈنگ سے کیا مراد ہے؟<br>________________________________________________<br>________________________________________________ |

## 1.6 اکتسابی نتائج(Learning Outcomes)

اس اکائی کا مطالعہ کرنے کے بعد آپ نے درج ذیل باتیں سیکھیں:

- ایام طفولیت سے مراد بچے کی پیدائش سے لے کر تقریباً آٹھ سال کی عمر تک ہوتی ہے۔
- ایام طفولیت ایک ایسا وقت ہوتا ہے جب بچے تیزی سے نئی مہارتیں، علم اور تجربات حاصل کرتے ہیں جو ان کے مستقبل کی تشکیل کرتے ہیں۔
- فن تدریس(Pedagogy) سے مراد تدریس اور تعلیم کا نظریہ اور عمل ہے۔
- فن تدریس آموزش میں سہولت فراہم کرنے اور طلباء کو آموزش کے عمل میں مشغول کرنے کے لیے معلمین کی جانب سے استعمال کی جانے والی حکمت عملیوں، طرز رسائی اور طریقوں کو شامل کرتا ہے۔
- فن تدریس کے اصول: متعلم مرکز طرز رسائی، عکاسی کی مشق، لچکدار، حوصلہ افزائی، اسکافولڈنگ، کھیل پر مبنی اکتساب، فعال مشغولیت، تاثرات یا بازرسائی اور تشخیص
- اسکافولڈنگ ایک تدریسی تکنیک ہے جس میں طلباء کو مدد فراہم کرنا شامل ہے۔
- ٹائم مینجمنٹ اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ سبق ٹریک پر رہے۔
- تشخیص اور تاثرات تدریس کو آگاہ کرتے ہیں۔
- فعال تعلیم تنقیدی سوچ اور مشغولیت کو فروغ دیتی ہے۔
- اکتساب کے مقاصد واضح اور قابل پیائش ہونے چاہئیں۔

## 1.7 فرہنگ (Glossary)

| | |
|---|---|
| آموزش،اکتساب | Learning |
| ایام طفولیت | Early Childhood |
| عمل | Process |
| نتیجہ | Product |
| توجہ | Attention |
| تلافی یا اصلاح | Retrieval |
| بازرسائی | Feedback |
| عکاسی | Reflection |
| سماجی تعامل | Social Interaction |
| حسّی | Sensory |
| ہمہ گیر ترقی | Holistic Development |
| جذبہ | Passion |
| جوش | Enthusiasm |
| تعمیریت پسندی | Constructivism |

## 1.8 اکائی کے اختتام کی سر گرمیاں (Unit End Exercise)

معروضی جوابات کے حامل سوالات(Objective Answer Type Questions)

1. ایام طفولیت کی تعلیم کا بنیادی مرکز کیا ہے؟

(a) نوعمری کی نشوونما (b) بالغوں کی تعلیم

(c) **چھوٹے بچوں کی مجموعی ترقی** (d) خصوصی تعلیم

2. مندرجہ ذیل میں سے کون سا ابتدائی بچوں کے لیے تدریس کا کلیدی اصول ہے؟

(a) اساتذہ پر مبنی نقطہ نظر (b) ہائی اسٹیک ٹیسٹنگ

(c) **تفریق شدہ ہدایات** (d) خصوصیت

3. تدریس میں "سہار" سے کیا مراد ہے؟

(a) **طلباء کو سیکھنے کے دوران مدد فراہم کرنا** (b) سخت، لچکدار انداز میں پڑھانا

(c) کلاس روم میں جسمانی ڈھانچے کی تعمیر (d) طلباء کی ضروریات کو نظر انداز کرنا

4. ذمہ داری کے ماڈل کی بتدریج ریلیز میں، کس مرحلے میں طالب علموں میں اساتذہ کی کم شمولیت کے ساتھ مل کر کام کرنا شامل ہے؟

(a) ماڈلنگ (b) گائیڈڈ پریکٹس

(c) **باہمی تعاون کی مشق** (d) آزاد مشق

5. ایام طفولیت کی تعلیم میں متنوع اور جامع تعلیمی ماحول پیدا کرنے کا مقصد کیا ہے؟

(a) طلباء کو ان کی صلاحیتوں کی بنیاد پر الگ کرنا (b) یکساں کلاس روم کو برقرار رکھنے کے لیے

(c) **تنوع، مساوات اور مثبت سماجی تعاملات کو فروغ دینا** (d) معلمین کے لیے تدریس کو آسان بنانا

## مختصر جوابات کے حامل سوالات(Short Answer Type Questions)

1. ایام طفولیت کی تعلیم میں "کھیل پر مبنی سیکھنے" کے تصور کی وضاحت کریں۔
2. ایام طفولیت کے معلمین چھوٹے بچوں کی سماجی-جذباتی نشوونما کا اندازہ کیسے لگا سکتے ہیں اور کس طرح ان کی مدد کر سکتے ہیں؟
3. ایام طفولیت کی تعلیم میں خاندان کی شمولیت کا کردار بیان کریں۔
4. سہاروں کے تناظر میں قربت کی ترقی(ZPD) کا زون کیا ہے؟
5. تدریسی منصوبے میں سیکھنے کے واضح مقاصد فراہم کرنا کیوں ضروری ہے؟

## طویل جوابات کے حامل سوالات(Long Answer Type Questions)

1. ایام طفولیت کی تعلیم کے لیے درس گاہ کے اصولوں پر بحث کریں۔ یہ اصول چھوٹے بچوں کی نشوونما اور سیکھنے میں کس طرح معاون ہیں؟
2. ایام طفولیت کی تعلیم میں "متفرق ہدایات" کے تصور کی وضاحت کریں۔ مثالیں فراہم کریں کہ ایک استاد نوجوان سیکھنے والوں کے متنوع گروپ کے لیے ہدایات میں کس طرح فرق کر سکتا ہے۔
3. تدریس میں ذمہ داری کے ماڈل کے بتدریج اجراء کی وضاحت کریں۔ یہ ماڈل طالب علموں کو وقت کے ساتھ آزاد سیکھنے والا بننے میں کس طرح مدد کرتا ہے؟

4. ایام طفولیت کی تعلیم میں ایک جامع اور ثقافتی طور پر جوابدہ تعلیمی ماحول پیدا کرنے کی اہمیت پر تبادلہ خیال کریں۔ اساتذہ اپنے کلاس رومز میں اس مقصد کو کیسے حاصل کر سکتے ہیں؟

5. بچوں کے سیکھنے اور نشوونما کے لیے ایام طفولیت کی تعلیم میں "مچار" کا تصور کیسے لاگو کیا جا سکتا ہے؟ کلاس روم میں سہاروں کے استعمال کو واضح کرنے کے لیے مخصوص حکمت عملی اور مثالیں فراہم کریں۔

## 1.9 تجویز کردہ اکتسابی مواد (Suggested Learning Resources)


- Mangal, S K & Mangal, S .(2019). Psychology of Learning and Development, PHI Learning Private Limited Delhi
- Mohanty, J & Mohanty, B.(2002). Early Childhood Care and Educational (ECCE), Deep & Deep Publication PVT. LTD, New Dehli
- Mohapatra, D & Mohapatra, L.(2006). Impact of Family Environment on Early Childhood Education, Neelkamal Publication Pvt Ltd, Hyderabad
- Shehla, F & Mraunalini, T.(2019). Children at Early Childhood, Neelkamal Publication Pvt Ltd, Hyderabad

# اکائی 2۔ تعلقات کی تشکیل

(Relationship Development)

اکائی کے اجزا

2.0 تعارف(Introduction)

2.1 مقاصد(Objectives)

2.2 بچوں اور اساتذہ کے مابین مثبت تعلقات قائم کرنا (Building Positive Relationship between Teacher and Children)

2.3 بچوں کے بہتر اکتساب میں اساتذہ کا سپورٹ (Teacher Support to Children to Learn Better)

2.4 اساتذہ اور فیملی کے مابین تعلقات (Relationship between Teachers and Families)

2.5 اساتذہ اور کمیونٹی کے مابین تعلقات(Relationship between Teachers and Community)

2.6 اکتسابی نتائج(Learning Outcomes)

2.7 فرہنگ(Glossary)

2.8 اکائی کے اختتام کی سرگرمیاں (Unit End Exercise)

2.9 تجویز کردہ اکتسابی مواد(Suggested Learning Resources)

---

## 2.0 تعارف(Introduction)

---

معیاری اور بنیادی تعلیم فراہم کرنے کے دوران بچوں سے مثبت تعلقات بنانا ایک اہم کام ہے اور یہ اچھی تعلیمی شروعات کا بنیادی جزو ہے۔ بچے قابل اعتماد اور قریبی تعلقات کے تناظر میں بڑھتے اور پروان چڑھتے ہیں جو کہ ان کی پرورش، ان کے تحفظ اور ذمہ دارانہ تعلقات قائم کرنے میں مدد فراہم کرتے ہیں۔(Joseph & Strain, 2004)۔ کسی بھی بچے کو ابتدائی تعلیم اور تعلیم کے میدان میں ان کی حوصلہ افزائی کو فروغ دینے کے لیے یہ ضروری ہے کے اسکول میں ان کے ساتھ مثبت، اعتماد تفہیم اور پیار و محبت سے پر تعلقات اور رشتہ قائم کیا جائے۔ کوئی بھی استاد یا ادارے کا عملہ بچوں، ان کی فیملی، اور ساتھیوں سے جو رشتہ یا تعلق قائم کرتے ہیں وہ بچوں کی تعلیمی شروعات کی بنیاد ہوتی ہے۔ ہم اور آپ اس بات سے بخوبی واقف ہیں کہ بہتر اور مثبت تعلقات نہ صرف بچوں کی ترقی اور تعلیمی نشو نما میں مددگار ہے بلکہ اس

کے ذریعہ سے اسکول سماج اور معاشرہ کی بھی ترقی ہوتی ہے۔اس یونٹ میں ہم اسی ضمن میں بچوں اور اساتذہ کے مثبت تعلقات، اساتذہ اور بچوں کی فیملی کے مابین مثبت تعلقات اور اساتذہ اور سماج کے مابین تعلقات کے بارے میں تفصیل سے جانیں گے۔

## 2.1 مقاصد(Objectives)

اس اکائی کا مطالعہ کرنے کے بعد آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ :

- مثبت تعلقات کی اہمیت سے واقف ہو جائیں گے۔
- اساتذہ اور بچوں کے مابین مثبت تعلقات کیسے قائم کر سکتے ہیں اس کو جان سکیں گے۔
- بچوں کے بہتر اکتساب کے لیے اساتذہ کس طرح معاون ہو سکتے ہیں اس کو سمجھ سکیں گے۔
- اساتذہ اور کمیونٹی کا مابین تعلق کو سمجھ سکیں گے۔
- اساتذہ اور فیملی کے مابین تعلق اور اس کی اہمیت کو بیان کر سکیں گے۔
- اساتذہ، بچے، فیملی اور کمیونٹی کے مابین آپسی تعلقات کی اہمیت سے واقف ہو سکیں گے۔
- اساتذہ، بچے، فیملی اور کمیونٹی کے مابین مثبت تعلقات کے فروغ کے طریقوں سے واقفیت حاصل کر سکیں گے۔

## 2.2 بچوں اور اساتذہ کے مابین مثبت تعلقات قائم کرنا

## (Building Positive Relationship between Teacher and Children)

بچوں کے ابتدائی تعلیمی ایام میں ان میں تعلیم کے تیئں دلچسپی پیدا کرنے، تعلیم کے تیئں انہیں محرکہ فراہم کرنے اور ان کی تعلیمی ترقی کو یقینی بنانے کے لیے یہ ضروری ہے کہ اساتذہ بچوں سے مثبت تعلقات قائم کریں ۔مثبت تعلقات نہ صرف ایک بہتر اور سازگار تعلیمی ماحول پیدا کرتا ہے بلکہ یہ بچوں کی تعلیمی دلچسپی کو بھی بڑھاتا ہے ۔بچوں اور اساتذہ کے مابین مثبت تعلقات فروغ دینے کے لیے بہت ساری حکمت عملی اپنائی جاسکتی ہیں ۔ذیل میں چند حکمت عملی کا بیان کیا جارہا ہے جو یقینی طور پر تعلقات کو استوار کرنے میں معاون ہو نگی ۔

**بچوں سے تعلق اور ربط قائم کرنا:**

بچوں کے ساتھ مثبت تعلقات استوار کرنے کے لیے ضروری ہے کہ اساتذہ سب سے پہلے بچوں سے میل جول اور تعلق قائم کریں۔ اس کے لیے ضروری ہے کہ اساتذہ بچوں کو انفرادی طور پر سمجھنے اور جاننے کی کوشش کریں ۔ان کی دلچسپیوں کو جانیں، ان کی سرگرمیوں کا جائزہ لیں اور ان کو سنیں، ان کی سوچ اور خیالات کا احترام کریں۔اس سے بچوں کے اندر تحفظ کا احساس پیدا ہوگا اور وہ اپنے خیالات، سوچ اور سرگرمیوں کو بہتر طور پر انجام دے سکیں گے اور اپنی اہمیت کو سمجھیں گے۔

**بچوں کے تئیں محبت اور ہمدردی ظاہر کرنا:**

اساتذہ کے لیے یہ ضروری ہے کہ وہ انفرادی طور پر ہر بچہ کے ساتھ ہمدردی، محبت، رحمدلی اور پیار سے پیش آئیں ۔ مثبت زبانی غیر زبانی اشاروں جیسے مسکراہٹ، حوصلہ بڑھانے والے الفاظ اور شاباشی وغیرہ کا استعمال کریں ۔ ان کو اس بات کا احساس دلائیں کہ آپ یقینی طور پر ان کے تئیں مثبت رویہ رکھتے ہیں، ان کی فکر کرتے ہیں اور ان کی کامیابی کے متمنی ہیں۔

**مستقل مزاجی کو قائم رکھیں :**

بچے ایسے ماحول میں پروان چڑھتے ہیں جو انہیں تحفظ فراہم کرتے ہیں اور وہ مستقل مزاجی کے خواہشمند ہوتے ہیں یعنی آپ ان کے ساتھ ہمیشہ یکساں رویہ رکھیں۔ ان کے لیے واضح توقعات، قوانین اور معمول کو قائم رکھنا مثبت تعلقات کے لیے انتہائی ضروری ہے ۔اساتذہ کے لیے ضروری ہے کہ وہ نقطہ نظر میں استقلال لائیں اور اپنی اصول و ضوابط پر قائم رہیں ۔اس سے بچوں کو یہ سمجھنے میں آسانی ہوتی ہے کہ ان سے کیا توقعات ہیں اور انہیں کس طرح سے اپنے تعلیمی عمل کو انجام دینا ہے۔اس میں وہ خود کو محفوظ تصور کرتے ہیں اور اپنے عمل کو بخوبی انجام دیتے ہیں۔

**بچوں سے موثر طریقہ سے تعامل کرنا:**

بچوں کے ساتھ مؤثر طریقے مواصلات کریں۔ان کی باتوں کو غور سے سنیں، ان کے جذبات اور احساسات کا احترام کریں ، ان کے ہر سوال یا ہر تجسس کی وضاحت آسان طریقہ سے کریں۔ان کی عمر، زبان اور ذہنی صلاحیت کا خیال کریں ۔ان کی حوصلہ افزائی کریں تا کہ وہ بلا خوف اپنے احساسات، خیالات، تصورات، سوالات اور تجسس کو ظاہر کر سکیں۔

**ہدایات کو انفرادی بنائیں:**

اساتذہ کے لیے یہ ضروری ہے کہ وہ اس بات کو سمجھیں کہ ہر بچے کی اپنی انفرادی صلاحیت، قابلیت، دلچسپی اور اکتسابی طریقہ کار ہے۔ان کی انفرادی ضروریات کو پر کرنے کے لیے اپنے تعلیمی طریقہ کار کو منفرد بنائیں تا کہ وہ ان کی انفرادی ضروریات کر پر کر سکیں ۔ان کو کسی بھی عمل کو انجام دینے سیکھنے کے لیے خود مختار بنائیں ۔بچوں کو اس بات کے مواقع فراہم کریں کہ وہ اپنے اکتساب کا تعین خود کر سکیں۔

**آپسی تعاون اور اشتراک کے جذبہ کی حوصلہ افزائی:**

اساتذہ کو چاہیے کہ وہ بچوں کے مابین آپسی اشتراک اور تعاون کے جذبہ کو فروغ دیں ۔ ان کے اندر اپنے ساتھیوں، کمیونٹی کے ساتھ کام کرنے کا احساس پیدا کریں ۔ان کو تعاونی سرگرمیوں کو انجام دینے کے مواقع فراہم کریں ۔بچوں کو اس بات کی تعلیم فراہم کریں کہ کس طرح سے ٹیم ورک کیا جاتا ہے اور اس کے فوائد کیا ہیں ۔ نظریات و تصورات کو شئیر کرنے اور آپسی تنازع یا کسی بھی طرح کے تشدد سے نبرد آزما ہونے کی صلاحیت کو فروغ دیں۔

**ایک مثبت رول ماڈل بنیں:**

بچے اپنے مشاہدات اور آس پاس کے لوگوں سے سیکھتے ہیں۔ چونکہ گھر کے بعد اسکول ان کی پہلی درس گاہ ہوتی ہے جہاں وہ مشاہدات کی بنیاد پر چیزوں کو سیکھتے ہیں ایسے میں اساتذہ کے لیے یہ ضروری ہو جا تاہے کہ وہ ان کے لیے رول ماڈل بنیں ۔ صبر، احترام، مثبت رویہ اور انصاف پسند فرد کی حیثیت سے ان کے سامنے رول ماڈل بنیں تاکہ وہ ان عادات واطوار کو سیکھیں۔

**بچوں میں تعلق کے احساس کو پیدا کرنا:**

کلاس روم کے ماحول کو اس طرح سازگار بنائیں کہ اس میں ہر بچہ خود کو قابل احترام اور قابل قدر محسوس کرے ۔ شمولیت کو فروغ دیں، تنوع کا جشن منائیں اور کسی بھی طرح کے خوف، ڈر اور تنازع والی چیز کی حوصلہ شکنی کریں ۔ ایک دوسرے کے تفاوت کو قبول کر کے اس سے سیکھنے اور اس کی حوصلہ افزائی کرنے کی ترغیب دیں۔

https://www.oakridge.in/visakhapatnam/blogs/what-does-personalised-learning-mean-for-your-child/



| **اپنی معلومات کی جانچ (Check your progress)** |
|---|
| **سوال:** بچوں میں تعلق کا احساس پیدا کرنے کی ضرورت کیوں ہے؟<br>________________________________________<br>________________________________________ |

## 2.3 بچوں کے بہتر اکتساب میں اساتذہ کا سپورٹ

## (Teachers Support to Children to Learn Better)

والدین کے بعد بچوں کی اولین درس گاہ اسکول ہوتی ہے جہاں اساتذہ بچوں کے لیے ان کے ماں باپ جیسے ہوتے ہیں جو نہ صرف ان کو جذباتی طور پر سپورٹ کرتے ہیں بلکہ تعلیمی سپورٹ بھی کرتے ہیں ۔ بچے کسی بھی قسم کے تعلیمی مسائل کو سمجھنے کے لیے اساتذہ کا ہی رخ کرتے ہیں ایسے میں اساتذہ کے لیے یہ ضروری ہے کہ وہ بچوں کی تمام طرح کی تعلیمی ضروریات میں ان کا سپورٹ کریں تاکہ وہ اپنے تعلیمی سفر کو مضبوطی سے جاری وساری رکھ سکیں اور ان کی دلچسپی تعلیم کے تئیں برقرار رہے ۔ بچوں کو تعلیمی اعتبار سے سپورٹ کرنے اور ان کے اکتساب کو بہتر بنانے کے لیے اساتذہ بہت سی حکمت عملی اپنا سکتے ہیں ذیل میں چند حکمت عملی کا ذکر کیا جارہا ہے جو کہ کسی بھی اساتذہ کو اپنے بچوں کے اکتسابی سپورٹ میں معاون ہوگی۔

**اکتساب کے لیے مثبت ماحول بنائیں:**

اساتذہ کو چاہیے کہ وہ کمرہ جماعت کے ماحول کو مثبت اور مشمو لی بنائیں ۔کسی بھی قسم کی تفریق کسی بھی بنیاد پر کمرہ جماعت کے اندر نہ پائی جائے ۔ہر بچہ کمرہ جماعت کے اندر خود محفوظ اور قابل قدر سمجھے۔ طلبا کے اندر احترام اور تعاون کے جذبہ کو فروغ دیں اور تعلق کے احساس کی حوصلہ افزائی کریں۔

**اکتساب کے اغراض و مقاصد کو واضح رکھیں:**

اساتذہ کے لیے یہ ضروری ہے کہ وہ بچوں کے سامنے ان کے اکتساب کے اغراض و مقاصد کو بالکل واضح کریں اور انہیں بتائیں کہ ان سے کیا توقعات ہیں۔ان سے کس قسم کی حصولیا بی کی امید ہے۔اساتذہ کو چاہیے کہ وہ بچوں کے مشکل ٹاسک کو آسان کر کے اور انہیں قابل انتظام بنانے میں مدد کریں۔

**بچوں کو فعال طور پر سر گرمیوں میں مشغول کریں:**

اساتذہ کو چاہیے کہ وہ اس طرح کے طریقہ تدریس کا استعمال عمل میں لائیں جس سے بچوں کی زیادہ سے زیادہ شمولیت ہو سکے ۔ہینڈ آن سر گرمیاں گروپ ڈسکشن ،رول پلے اور حقیقی زندگی پر مبنی سر گرمیوں کو زیادہ سے زیادہ کمرہ جماعت میں عمل میں لایا جائے جس سے کہ طلبا فعال طور پر کمرہ جماعت میں مشغول رہیں اور اپنے اکتسابی عمل کو معنی خیز بنا سکیں۔

https://www.readglobal.org/178-ece-india-playschool



**بچوں کو مثبت باز رسائی فراہم کریں:** اساتذہ کو چاہیے کہ وہ تسلسل کے ساتھ طلبا کو مثبت فیڈ بیک فراہم کریں۔ان کے ذریعہ انجام دی جارہی اکتسابی سر گرمیوں کا اعتراف کریں اور جہاں انہیں اصلاح کی ضرورت ہے وہاں ان کی اصلاح کریں۔انہیں اس بات کا یقین دلائیں کہ وہ اپنے اکتساب کو مزید بہتر بنا سکتے ہیں ۔ان کے اندر خود تشخیص اور خود عکاسی کے جذبہ کو فروغ دیں۔

**ہوم اسکول پارٹنر شپ قائم کریں:**

بچوں کی اکتسابی ضروریات کو سپورٹ کرنے اور انہیں پورا کرنے کے لیے اساتذہ کو چاہیے کہ وہ ان بچوں کے والدین اور سر پرستوں کا تعاون بھی حاصل کریں۔یہ ایک مثبت تعلیمی ماحول تیار کرنے میں کافی معاون عمل ہے۔والدین اور ذمہ داران سے بچوں کے پر و گریس کا ذکر کرتے رہیں اور انہیں ایسی سر گرمیوں سے بھی آگاہ کریں جو گھر میں کی جا سکتی ہیں اور جو بچوں کے اکتساب کے لیے محرکہ کا کام کرے۔

**اکتساب کے لیے مختلف اور جدید طریقہ تدریس کا استعمال:**

اساتذہ کو چاہیے کہ وہ بچوں کی تدریس میں نئے نئے تدریسی طریقوں کا استعمال کریں۔ دوران تدریس مختلف قسم کے حقیقی تدریسی اشیاء کا استعمال کریں جو بچوں کی دلچسپی کو مزید کمرہ جماعت میں بڑھانے میں معاون ہوں۔ تکنیکی آلات اور تجرباتی اکتساب کا استعمال بھی کمرہ جماعت میں کریں۔

**بالیدہ ذہن کو پروان چڑھائیں:**

بچوں کے اندر اس طرح کے بالیدہ ذہن کو فروغ دیں کہ محنت، مشقت، اور مسلسل کوشش کے ذریعہ وہ اپنی ذہنی صلاحیت کو پروان چڑھا سکیں۔ ثابت قدمی ، اور غلطیوں سے سیکھنے کی عادات کو پروان چڑھانے پر زور دیں۔

> اپنی معلومات کی جانچ (heck your ProgressC)
>
> سوال: بہتر اکتساب کے لیے کمارہ جماعت کا ماحول کس طرح کا ہونا چاہیے؟
>
> ______________________________

## 2.4 اساتذہ اور فیملی کے مابین تعلقات (Relationship between teachers and family)

ایک سازگار اور بہتر تعلیمی ماحول کے لیے یہ ضروری ہے کہ اساتذہ اور اہل خانہ یعنی بچوں کی فیملی کے مابین مثبت اور راست تعلقات ہوں۔ یہ معاون اور کامیاب تعلیمی ماحول پیدا کرنے میں اہم رول ادا کرتا ہے ۔ استاد اور فیملی کے مابین کا رشتہ ایک طرح کی شراکت داری ہے جو بچے کے مجموعی نشو و نما، فلاح و بہبود اور تعلیمی کامیابی فراہم کرتی ہے ۔ جب اساتذہ اور فیملی ایک ساتھ مل کر کام کرتے ہیں تو وہ ایک مضبوط سپورٹ سسٹم بنا رہے ہوتے ہیں جو بچوں کی ہمہ جہت نشو و نما میں مثبت رول ادا کرتا ہے ۔ ذیل میں اساتذہ اور خاندان کے مابین مثبت تعلقات قائم کرنے کی چند حکمت عملی کا ذکر کیا جا رہا ہے۔

https://confidentparentsconfidentkids.org/2017/08/31/the-connection-trifecta-building-relationships-between-students-teachers-and-families-from-the-start/



**کھلا/اوپن تعامل:**

اساتذہ اور خاندانوں کے مابین موثر اور اوپن مواصلات ہونا ضروری ہے ۔ اساتذہ کو چاہیے کہ وہ بچوں کی تعلیمی ترقی اور تعلیمی حصولیابی و اسکول کی کارکردگی کے بارے میں تسلسل کے ساتھ والدین اور سرپرستوں سے شئیر کرتے رہیں اور ان کو باخبر کرتے رہیں ۔ اساتذہ والدین کو فون، ای میل، والدین اساتذہ کانفرنس اور میٹنگ کے ذریعہ مسلسل باخبر رکھ سکتے ہیں ۔ اسی طرح والدین اور سرپرستوں کو یہ آزادی حاصل ہونی

چاہیے کہ وہ کسی بھی وقت اپنے کسی بھی سوالات یا خدشات کے ازالہ کے لیے اساتذہ سے رابطہ کر سکتے ہیں ۔ یہ تمام ایک مثبت تعلیمی ماحول تیار کرنے میں معاون ہیں۔

**اعتماد اور بھروسہ قائم کرنا:**

اعتماد اور بھروسہ اساتذہ اور فیملی کے مابین مضبوط رشتہ کی بنیاد ہے ۔ اساتذہ کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ والدین اور سرپرستوں کا اعتماد حاصل کریں اور ان کا احترام کریں ۔ ان کی باتوں اور خدشات کو بغور سنیں، ان کی رائے کو اہمیت دیں اور بچوں کی تعلیمی کے بارے میں فیصلہ کرتے وقت ان کے نقطہ نظر پر غور کریں۔

**اغراض و مقاصد کو شئیر کرنا:**

اساتذہ اور والدین و سرپرست کو چاہیے کہ وہ بچوں کی تعلیم اور ہمہ جہت نشو نما کے لیے مشترکہ اہداف و مقاصد طے کریں اور ایک دوسرے سے اس کو شئیر کریں ۔ وہ بچوں کی ترقی کے لیے ایک دوسرے کا ساتھ مل کر کام کر سکتے ہیں ۔ والدین کو اساتذہ سے اور اپنے بچوں سے کیا توقعات ہیں، اساتذہ بچے اور ان کی سرپرستوں سے کیا توقعات رکھتے ہیں یہ بالکل واضح ہونا چاہیے تاکہ بچوں کی مجموعی ترقی ہوسکے۔ بچوں کو درپیش کسی بھی مسائل سے نبرد آزما ہونے کے لیے حکمت عملی پر تبادلہ خیال کرنا چاہیے۔

**والدین کی شمولیت:**

انتظامیہ اور اساتذہ کو چاہیے کہ وہ والدین اور سرپرستوں کی حوصلہ افزائی کریں تاکہ وہ اپنے بچے کی تعلیم میں فعال طور پر حصہ لیں۔ اساتذہ انہیں بچوں کی تعلیمی سرگرمیوں میں حصہ لینے کے لیے مدعو کریں ۔ یہ شمولیت کسی بھی طرح کی ہوسکتی ہے جیسے اسکول کی تقریبات میں شرکت کرنا، ہوم ورک میں مدد کرنا، والدین اساتذہ میٹنگ میں شامل ہونا، رزلٹ کے لیے والدین کا بچوں کے ساتھ اسکول میں آنا وغیرہ ۔ جب والدین اس فعالیت کے ساتھ بچوں کی تعلیمی سرگرمیوں میں حصہ لیتے ہیں تو اس سے بچوں کی حوصلہ افزائی ہوتی ہے اور تعلیم کی اہمیت کو تقویت ملتی ہے۔

**ثقافتی تنوع کو سمجھنا:**

اساتذہ کو چاہیے کہ وہ سرپرستوں اور خاندانوں کے ثقافتی تنوع کو سمجھیں اور ان کا احترام کریں۔ ہر خاندان کا اپنا ایک الگ پس منظر ہوتا ہے اور ان کے کام کرنے کا طریقہ الگ ہوتا ہے، وہ الگ الگ روایات اور عقائد کو ماننے والے ہوتے ہیں۔ اس لیے ان تمام تنوع کو سمجھتے ہوئے اساتذہ کو سب کو ساتھ لیکر چلنے کی کوشش کرنی چاہیے اور سب کا احترام کرنا چاہیے۔ ثقافتی باریکیوں کو سمجھنا، مضبوط روابط استوار کرنا اور کلاس روم کے ماحول کو زیادہ جامع اور خوش آئند بنانے سے تعلیمی ترقی یقینی ہوتی ہے۔

https://www.brainkart.com/article/Diversity-in-India_43643/



UNITY IN DIVERSITY

### گھر پر سیکھنے میں معاونت:

اساتذہ کو چاہیے کہ وہ بچوں کی فیملی کو اکتسابی مواد فراہم کریں اور ان کو تجاویز بھی دیں کہ کس طرح سے بچوں کی اکتسابی صلاحیت کو گھر پر بھی پروان چڑھایا جاسکتا ہے۔اس میں اساتذہ بچوں کے لیے آن لائن مواد، مختلف قسم کی کتابیں، کورس سے متعلق اکتسابی مواد، کورس سے جڑے ویڈیو گیمز وغیرہ کی معلومات والدین اور سرپرستوں کے تجویز کر سکتے ہیں۔والدین کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ گھر میں سیکھنے کا ایک سازگار ماحول بنائیں اور رہنمائی فراہم کریں۔

| **اپنی معلومات کی جانچ(Check your progress)** |
|---|
| **سوال:** ۔اساتذہ کے لیے بچوں کے اہل خانہ کا اعتماد حاصل کرنا کیوں ضروری ہے؟<br>________________________________________________<br>________________________________________________ |

## 2.5 اساتذہ اور کمیونٹی کے مابین تعلقات
## (Relationship between Teachers and Community)

اساتذہ اور کمیونٹی کے مابین تعلق تعلیم کا ایک لازمی جزہے ۔جب اساتذہ اور کمیونٹی کے افراد آپس میں مل کر کام کرتے ہیں تو اس سے بچوں، اسکول اور مجموعی تعلیمی نظام پر بہت مثبت اثرات مرتب ہوتے ہیں ۔ مجموعی طور پر جب اساتذہ اور کمیونٹی کے افراد مضبوط تعلقات کے ساتھ کام کرتے ہیں تو اس سے ادارے، بچے، اور اساتذہ کے اندر کامیابی کا احساس فروغ پاتا ہے ۔مل کر کام کرنے سے وہ ایک جامع اور مضبوط تعلیمی ماحول بنا سکتے ہیں۔یہ بچوں کو مستقبل کے چیلنجوں اور مواقع کے لیے تیار کرتا ہے ۔ذیل میں اساتذہ اور کمیونٹی کا مابین تعلق کے کچھ پہلوؤں کا ذکر کیا جارہا ہے۔

### اساتذہ اور کمیونٹی کے مابین شراکت داری اور تعاون:

اساتذہ بچوں کی اکتسابی سرگرمیوں کو موثر بنانے اور ان کی کامیابی کو یقینی بنانے کے لیے کمیونٹی کے افراد، والدین، سرپرست، مقامی تاجروں اور سرکاری و غیر سرکاری ایجنسیوں کے ساتھ شراکت داری اور معاونت حاصل کر سکتے ہیں ۔معاونت کے لیے وہ کمیونٹی کے افراد کو بطور مہمان مقرر، مربی، اور مہمان خصوصی کے طور پر ادارے یا اسکول میں مدعو کر سکتے ہی ساتھ ہی بچوں کو کمیونٹی سے جوڑنے کے لیے انہیں کمیونٹی پروگرامس، پروجیکٹس اور سماجی سروس جیسے پروگرام میں شامل کر ان کو حقیقی دنیا سے جوڑ سکتے ہیں تاکہ وہ وہاں کے مسائل سے بخوبی واقف ہو سکیں اور وہاں سے سیکھ کر اپنے اکتساب کو مزید بہتر بنا سکیں۔

**کمیونٹی کے وسائل کا استعمال:**

تعلیمی نظام، اسکول اور بچوں کو فائدہ پہنچانے کے لیے یہ ضروری ہے کہ کمیونٹی جو وسائل مہیا کراتی ہے اس کو اساتذہ زیادہ سے زیادہ استعمال کرنے کی کوشش کریں۔ اساتذہ، مقامی تنظیموں، لائبریریوں، عجائب گھروں اور ثقافتی اداروں سے تعلق قائم کر کے فیلڈ ٹرپس، تعلیمی مواد تک رسائی یا ماہرین کی معاونت حاصل کر سکتے ہیں۔ یہ رابطہ استوار کرنا نصاب کو تقویت بخشنے اور بچوں کو سیکھنے کے متنوع مواقع سے روشناش کرانے میں مدد کرتا ہے۔

**آگاہی اور تفہیم:**

وہ اساتذہ جو کمیونٹی کے سماجی، ثقافتی اور معاشی پس منظر کی گہری سمجھ رکھتے ہیں وہ زیادہ سے زیادہ ان مواقعوں سے فائدہ حاصل کر سکتے ہیں اور جامع تعلیمی نظام کے قیام میں اہم کردار ادا کرستے ہیں۔ سماج اور معاشرے کے اندر موجود مختلف قسم کے سماجی و ثقافتی تنوع کو سمجھ کر اور اس کا احترام کرتے ہوئے وہ ایک محفوظ اور جامع کلاس روم کا ماحول تیار کرستے ہیں۔

**وکالت اور پالیسی:**

اساتذہ کمیونٹی کے ساتھ اشتراک کر کے تعلیم کو بہتر بنانے والی پالیسیوں اور اقدامات کی وکالت کر سکتے ہیں۔ کمیونٹی کے اراکین کے ساتھ تعاون کر کے، اساتذہ تعلیمی پالیسیوں کی تشکیل، مناسب وسائل کے حصول، اور تمام طلباء کے لیے مساوی مواقع کو فروغ دینے میں اجتماعی طور پر کوشش کر سکتے ہیں۔

**سپورٹ سسٹم:**

کمیونٹی اساتذہ کے لیے سپورٹ سسٹم فراہم کر سکتی ہے، جس سے وہ پیشہ ورانہ طور پر ترقی کر سکیں۔ اس میں رہنمائی کے پروگرام، پیشہ ورانہ ترقی کے مواقع، نیٹ ورکنگ ایونٹس، یا کمیونٹی کے وسائل تک رسائی وغیرہ شامل ہیں جو اساتذہ کی مہارتوں اور علم کو جلا بخشتے ہیں۔ اس کے نتیجے میں، اساتذہ اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہیں جس کا اثر بچوں کے اکتساب پر مثبت پڑتا ہے۔

| **اپنی معلومات کی جانچ(Check your progress)** |
| --- |
| **سوال:** کمیونٹی وسائل کے تئیں بیداری رکھنے سے اساتذہ کو تدریسی اکتسابی عمل میں کیا فائدہ حاصل ہوگا؟<br>__________<br>__________ |

## 2.6 اکتسابی نتائج(Learning Outcomes)

اس اکائی کا مطالعہ کرنے کے بعد آپ نے درج ذیل باتیں سیکھیں:

- بچوں کی اکتسابی صلاحیت کو پروان چڑھانے کے لیے ان کے ساتھ مثبت تعلق قائم کرنا ضروری ہے۔
- مثبت تعلقات اور سازگار ماحول میں ہی بچوں کی آموزش بہتر ہوتی ہے۔
- بچوں کو بہتر تعلیمی ماحول فراہم کرنے کے لیے اساتذہ کے لیے یہ ضروری ہے کہ وہ بچوں کے ساتھ ہمدردی، پیار، محبت اور رحم دلی سے پیش آئیں۔
- بچوں کے مابین آزادانہ بات چیت کا ماحول پیدا کریں تاکہ وہ اپنی دلچسپی، خیالات، رائے اور خدشات کو کھلے طور پر بیان کر سکیں۔
- ہر بچہ انفرادی خصلتوں کا حامل ہوتا ہے، اساتذہ کو چاہیے کہ وہ ان کی انفرادی صلاحیتوں کے اعتبار سے ان سے تعامل کرے اور ان کو تدریس فراہم کرے۔
- اساتذہ ہمیشہ بچوں کو مثبت فیڈ بیک فراہم کریں اور ان کو اس بات کا یقین دلائیں کے وہ بے پناہ صلاحیتوں کے حامل ہیں اور تعلیمی میدان میں کامیابی حاصل کر سکتے ہیں۔
- اساتذہ تعلیمی نظام کو بہتر بنانے کے لیے بچوں کے سرپرست اور والدین سے بھی تعلقات کو استوار کریں۔
- اساتذہ اور والدین کے مابین مثبت تعلقات کے فروغ کے لیے ضروری ہے کہ اسکول میں وقت وقت پر سرپرست اور اساتذہ کی میٹنگ، کانفرنس اور تعامل ہوتا رہے۔
- اساتذہ بچوں میں تعاون اور آپسی اشتراک کے جذبوں کو فروغ دیں تاکہ وہ کمیونٹی کے مسائل سے واقفیت حاصل کر کے ان کی فلاح و بہبود کے لیے کام کر سکیں اور اپنی تعلیمی حصولیابی کو بھی کامیاب بنانے کی کوشش کریں۔
- بچوں کے تعلیمی نظام کو بہتر بنانے کے لیے یہ ضروری ہے کہ اسکول اور اس کے منتظمین کمیونٹی کے وسائل سے آگاہ ہوں اور اس کو بخوبی طور پر استعمال کر سکیں۔
- اساتذہ سماج میں موجود سماجی اور ثقافتی تنوع کو سمجھتے ہوئے کمرہ جماعت کے ماحول کو سازگار اور مشمولی بنائیں۔
- مشمولی اور سازگار ماحول بچوں کی سیکھنے کی صلاحیت کو مثبت اثر ڈالے گا۔

## 2.7 فرہنگ (Glossary)

| | |
|---|---|
| تعلق | Relation |
| ترقی | Development |
| مستقل مزاجی | Consistency |
| مثبت تعلقات | Positive Relation |
| تعامل | Interaction |

| | |
|---|---|
| Communication | مواصلات |
| Effective | موثر |
| Learning | اکتساب |
| Individual | انفرادی |
| Instructions | ہدایات |
| Trust | اعتماد |
| Inclusive | مشمولی |
| Collaboration | شراکت داری |
| Advocacy | وکالت |

## 2.8 اکائی کے اختتام کی سرگرمیاں (Unit End Exercise)

معروضی جوابات کے حامل سوالات(Objective Answer Type Questions)

1. اساتذہ اور بچوں کے مابین مثبت تعلقات استوار کرنے کے لیے درج ذیل میں سے کون سا اہم پہلو ہے؟
   (a) سخت قوانین اور توقعات کا تعین۔
   (b) بچوں کی انفرادی ضروریات کو نظرانداز کرنا
   (c) احترام اور ہمدردی کا مظاہرہ کرنا
   (d) آزادانہ بات چیت کی مخالفت
2. انفرادی ہدایات سے کیا مراد ہے؟
   (a) تمام بچوں کے لیے یکساں تعلیمی مواد اور طریقہ مہیا کرنا
   (b) ہر بچے کی انفرادی ضرورت کو پورا کرنے کے لیے مختلف ہدایات
   (c) ذہین بچوں کے ساتھ بہتر سلوک کرنا
   (d) سست سیکھنے والے بچوں کو اضافی ہوم ورک دینا
3. مندرجہ ذیل میں سے کون اساتذہ اور کمیونٹی کے درمیان تعاون کی مثال ہے؟
   (a) والدین اور اساتذہ میٹنگ کی میز بانی کرنا
   (b) کلاس روم کو مشمولی بنانا

(c) فیلڈ ٹرپ کے لیے کمیونٹی کے وسائل تک رسائی

(d) ان میں سے سبھی

4. کمیونٹی اساتذہ کی پیشہ ورانہ ترقی میں کس طرح مدد کرتی ہے؟

(a) والدین اساتذہ میٹنگ کی میزبانی کر کے

(b) کمیونٹی وسائل تک رسائی فراہم کر کے

(c) تعلیمی پالیسیوں کی وکالت کر کے

(d) ان میں سے سبھی

5. اساتذہ اور فیملی کے مابین رشتہ اہم ہے۔

(a) بچے کی صلاحیت کو پروان چڑھانے کے لیے

(b) بچوں کی حوصلہ افزائی میں کمی کے لیے

(c) والدین کو تعلیمی عمل سے الگ تھلگ کرنے کے لیے

(d) ان میں سے کوئی نہیں

## مختصر جوابات کے حامل سوالات(Short Answer Type Questions)

1. مثبت تعلیمی ماحول فراہم کرنے کے لیے اساتذہ کو کون سی حکمت عملی اپنانی چاہیے؟
2. اساتذہ اور والدین کے مابین کھلی بات چیت کیوں ضروری ہے؟
3. کمیونٹی وسائل کے استعمال سے اسکول کو کیا فائدہ ہوگا؟
4. والدین اساتذہ کی میٹنگ سے بچوں کی تعلیمی کامیابی پر کیا اثرات مرتب ہونگے؟
5. مثبت تعلق سے کیا مراد ہے؟

## طویل جوابات کے حامل سوالات(Long Answer Type Questions)

1. مثبت اور سازگار تعلیمی ماحول تیار کرنے کے لیے اساتذہ اور فیملی کے تعلقات کی اہمیت تفصیل سے بیان کریں؟
2. بچوں کی ہمہ جہت ترقی کے لیے اساتذہ کو کون کون سی حکمت عملی اپنانی چاہیے؟
3. اساتذہ کے لیے کمیونٹی وسائل سے آگاہی کیوں ضروری ہے؟ اس کے اثرات بچوں اور اسکول پر کس طرح سے پڑتے ہیں واضح کریں؟
4. اساتذہ، کمیونٹی، فیملی اور بچوں کے مابین اشتراک سے کیا فائدہ ہوگا تفصیل سے بیان کریں؟

## 2.9 تجویز کردہ اکتسابی مواد(Suggested Learning Resources)

- Approaches to Early Childhood Education, 5ht Edition, Roopnaraine, Johnson, Pearson Indi, 2015.
- Care and Education in Early Childhood, Curtis Audrey, Taylor & Francis Ltd.
- Relationship Development Intervention with Young Children: Steven Gutstein, Rachelle K Sheely, Jessica Kingsley Publishers, 2015.
- Early Childhood Care and Education: Shukla, R.P., Sarup & Son, 2004.
- Relationship Based Care for Infants and Toddlers: Susan L, Minsun shin, Eleni Loizou, 2023.

# اکائی 3۔ کمرہ جماعت کا انصرام

(Managing the Classroom)

اکائی کے اجزا

3.0 تعارف(Introduction)

3.1 مقاصد(Objectives)

3.2 کمرہ جماعت کے انصرام کے معنی(Meaning of Classroom Management)

3.2.1 کمرہ جماعت کے انصرام کے مختلف پہلو(Elements of Classroom Management)

3.3 کمرہ جماعت کا طرز عمل(Classroom Behaviour)

3.3.1 کمرہ جماعت کے سازگار ماحول کے عناصر

(Elements of Conducive Classroom Environment)

3.4 بچوں کے ساتھ مل کر اصول و قوانین کی تخلیق (Creating Norms with Children)

3.4.1 کمرہ جماعت کے اصول بنانے کا طریقہ (Procedure of Creating Classroom Norms)

3.5 غیر مناسب رویے کا انصرام(Managing Difficult Behaviour)

3.6 بچوں کی سکونت پذیری/سیٹل کرنے میں مدد کرنا

(Helping Children Get Settled in The Classroom)

3.7 طلبا کے طرز عمل کی مثبت رہنمائی(Guiding Students Behaviour Positively)

3.8 استاد کے ذریعہ کی جانے والی مثبت رہنمائی کی وضاحت

(Illustrations of Positive Guidance by the Teacher)

3.9 نظم و ضبط(Discipline)

3.10 اساتذہ کے ذریعہ استعمال کردہ زبان (Language used by the Teachers)

3.11 کیا نہیں کرنا چاہیے(What Not to Do)

3.12 اکتسابی نتائج(Learning Outcomes)

3.13 فرہنگ(Glossary)

3.14 اکائی کے اختتام کی سر گرمیاں (Unit End Exercise)
3.15 تجویز کردہ اکتسابی مواد(Suggested Learning Resources)

## 3.0 تعارف(Introduction)

کمرہ جماعت کا موثر طریقے سے انصرام کرنا اساتذہ کے لیے بہت ضروری ہوتا ہے۔اس میں مختلف حکمت عملیوں اور تکنیکوں کا استعمال کیا جاتا ہے تاکہ ایک منظم، پرکشش اور باعزت ماحول قائم کیا جا سکے جہاں طلبا تعلیمی اور سماجی طور پر ترقی کر سکیں۔کمرہ جماعت کا انصرام کرنے کا مقصد طالب علم کی تعلیم کو فروغ دینا، نظم وضبط برقرار رکھنا، اور مثبت تعلقات کو فروغ دینا ہے۔اس میں متعدد طرز عمل شامل ہیں، جن میں واضح توقعات کا تعین، مستقل معمولات کو نافذ کرنا، رویے کے مسائل کو حل کرنا، اور طالب علم کی مصروفیت کو فروغ دینا شامل ہیں۔واضح توقعات قائم کر کے اساتذہ ان طرز عمل اور تعلیمی معیارات سے آگاہ کرتے ہیں جن کی وہ اپنے طلبا سے توقع کرتے ہیں۔یہ توقعات رویے، شرکت، اور تعلیمی کارکردگی جیسے شعبوں سے متعلق ہو سکتی ہیں۔جب توقعات کو واضح طور پر اور مستقل طور پر تقویت دی جاتی ہے تو طلبا اپنے حدود کو سمجھتے ہیں اور جانتے ہیں کہ ان سے کیا توقع کی جاتی ہے۔

## 3.1 مقاصد(Objectives)

اس اکائی کا مطالعہ کرنے کے بعد آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ :

- کمرہ جماعت کا مثبت ماحول بنانے کی اہمیت کو سمجھ سکیں گے۔
- کمرہ جماعت میں طالب علم کے مشکل رویے کو منظم کرنے کے لیے موثر حکمت عملیوں کی نشاندہی کر سکیں گے۔
- کمرہ جماعت میں واضح توقعات اور اصول قائم کرنے کی اہمیت کو جان سکیں گے۔
- طالب علم کے رویے کی مثبت رہنمائی اور سمت سازی کرنے کے لیے مہارتیں حاصل کر سکیں گے۔
- طلبا کے ساتھ باعزت اور معاون طریقے سے بات چیت کرنے کے لیے مواصلت کی موثر تکنیکوں کا مظاہرہ کر سکیں گے۔
- ایک نتیجہ خیز اور سازگار تعلیمی ماحول کو برقرار رکھنے میں استاد کے نظم وضبط کے کردار کو سمجھ سکیں گے۔
- طالب علم کی مصروفیت اور رویے پر استاد کی زبان کے اثرات کی نشاندہی کر سکیں گے۔
- کمرہ جماعت میں طالب علم کی آزادی اور خود مختاری کو فروغ دینے کی قدر کو پہچان سکیں گے۔
- کمرہ جماعت کے مثبت ماحول کو فروغ دینے کے لیے طالب علم کے خدشات اور سوالات کو حل کرنے کی اہمیت کو جان سکیں گے۔

## 3.2 کمرہ جماعت کے انصرام کے معنی(Meaning of Classroom Management)

کمرہ جماعت کا نظم و نسق ایک منظم اور سازگار تعلیمی ماحول بنانے کے لیے اساتذہ کے ذریعے استعمال کی جانے والی حکمت عملی اور تکنیکوں کا مجموعہ ہے۔اس میں توقعات قائم کرنا، نظم وضبط کو برقرار رکھنا، طلبا کی مصروفیت کو فروغ دینا،اور موثر سیکھنے کو فروغ دینا شامل ہے۔

کمرہ جماعت کا موثر انصرام ایک مثبت اور نتیجہ خیز ماحول پیدا کرنے کے لیے بہت ضروری ہے جہاں طلبا سیکھ سکیں اور ترقی کر سکیں۔ یہ رکاوٹوں کو کم کرنے، طلبا کی شرکت کو فروغ دینے اور تدریسی وقت کے صحیح استعمال میں مدد کرتا ہے۔کمرہ جماعت کو مؤثر طریقے سے منظم کرنے سے اساتذہ اس کو ایک محفوظ اور باعزت جگہ بنا سکتے ہیں جہاں طلبا کو کامیاب ہونے کے لیے مدد اور حوصلہ افزائی محسوس ہوتی ہے۔




### 3.2.1 کمرہ جماعت کے انصرام کے مختلف پہلو(Elements of Classroom Management)

**درج ذیل نکات کمرہ جماعت کے انصرام کے اہم پہلوؤں کو اجاگر کرتے ہیں۔**

1. **واضح توقعات(Clear Expectations)**: طلبا سے تعلیمی توقعات کو واضح طور پر بتانا اور اس بات کو یقینی بنانا کہ وہ تعلیمی ماحول سے متعلق قواعد وضوابط کو سمجھتے ہیں۔
2. **معمولات قائم کرنا (Establishing Routines )**: روزمرہ کی سرگرمیوں کے لیے مستقل معمولات قائم کرنا، جیسے کمرہ جماعت میں داخل ہونا، اسباق شروع کرنا اور ختم کرنا، سرگرمیوں میں حصہ لینا، اور مواد کا انصرام کرنا۔
3. **مثبت تعلقات قائم کرنا(Building positive relationships)**: اعتماد، احترام اور افہام و تفہیم کی بنیاد پر طلبا کے ساتھ مثبت تعلقات قائم کرنا۔ طلبا کے ساتھ مضبوط روابط بنانے سے سیکھنے کا ایک معاون ماحول پیدا کرنے میں مدد ملتی ہے۔
4. **طرز عمل کا انصرام(Behavior management)** : خلل ڈالنے والے رویے سے نمٹنے اور روکنے کے لیے حکمت عملی کو نافذ کرنا، جیسے مثبت تقویت کا استعمال، واضح نتائج فراہم کرنا، اور منفی رویے کو درست کرنا۔
5. **مصروفیت آمیز تدریس(Engaging instruction)**: ایسے دلچسپ اسباق کی منصوبہ بندی اور تدریس جو طلبا کی دلچسپی کو حاصل کریں اور انہیں سیکھنے کے عمل میں فعال طور پر شامل کریں۔ مختلف قسم کے تدریسی طریقوں اور مواد کو شامل کرنے سے طلبا کی مصروفیت کو برقرار رکھنے میں مدد مل سکتی ہے۔
6. **تفریق کی ہدایات (Differentiating instruction)**: سیکھنے کی مختلف ضروریات اور طالب علموں کی صلاحیتوں کو پہچاننا اور ان سے نمٹنے کے لیے مختلف ہدایات، ضرورت کے مطابق ڈھلنا اور طرز عمل میں تبدیلی کو یقینی بنانا۔

7. **کمرہ جماعت کا نظم(Classroom organization)**:ایک منظم ماحول بنانا جو سیکھنے میں مددگار ثابت ہو،بشمول میزوں کو ترتیب دینا، مواد کی نمائش و پیش کش،اور وسائل کو مؤثر طریقے سے استعمال کرنا۔

8. **وقت کا انصرام(Time management)**: تدریس کے دوران مؤثر طریقے سے وقت کا انصرام کرنا جس سے کہ تدریسی سرگرمیاں مقررہ وقت کے اندر مکمل ہوں اور نصاب کا مناسب احاطہ کیا جا سکے۔

9. **طلبا کی ترقی کا اندازہ لگانا اور ان کی نگرانی کرنا(Assessing and monitoring student progress)**: طالب علم کے سیکھنے اور ترقی کا باقاعدگی سے جائزہ لینا، بروقت بازسائی فراہم کرنا،اور تدریسی فیصلوں سے آگاہ کرنے کے لیے طالب علم کی کارکردگی کی نگرانی کرنا۔

10. **تعاون اور مواصلات (Collaboration and communication)**: طلبا کے درمیان تعاون کی حوصلہ افزائی کرنا اور ہم جماعت کے ساتھ ساتھ والدین یا سرپرستوں اور دیگر اساتذہ کے ساتھ موثر مواصلات کو فروغ دینا۔

| **اپنی معلومات کی جانچ(Check your progress)** |
|---|
| **سوال:** کمرہ جماعت کے انصرام سے کیا سمجھتے ہیں؟<br>______________________________<br>______________________________ |

## 3.3 کمرہ جماعت کا طرز عمل(Classroom Behaviour)

کمرہ جماعت کا ماحول کمرہ جماعت کے اندر جسمانی، سماجی اور جذباتی ماحول سے ہے جس سے مراد جو طالب علم کے سیکھنے، مشغولیت،اور مجموعی طور پر ان کی بہبود کو متاثر کرتا ہے۔ایک مثبت اور معاون کمرہ جماعت کے ماحول کی تشکیل موثر تدریس کی سہولت اور طالب علم کی کامیابی کو فروغ دینے کے لیے بہت ضروری ہے۔

### 3.3.1 کمرہ جماعت کے سازگار ماحول کے عناصر

### (Elements of Conducive Classroom Environment)

1. **طبیعی ترتیب (Physical layout)**: کمرہ جماعت میں میز، کرسی، دیگر فرنیچر اور وسائل کی ترتیب یا وضع قطع طلبا کے تعاملات، استاد اور طلبا کے نقل و حرکت اور مجموعی آرام و سکون کو متاثر کرتی ہے۔ایک اچھی طرح سے منظم کمرہ جماعت اور بصری طور پر دلکش طرز کی جگہ، موافق شمولیت، طلبا کی مشغولیت اور سیکھنے میں آسانی کو فروغ دے دیتی ہے۔

2. **کمرہ جماعت کی فضاء(:Classroom climate)**: کمرہ جماعت کے اندر موجود جذباتی اور سماجی ماحول طالب علم کی حوصلہ افزائی، مثبت رویے کی تشکیل، اور دیگر باہمی تعلقات کو نمایاں طور پر متاثر کرنے کے ساتھ ساتھ اکتسابی عمل کو بہتر بناتا ہے۔

3. **کمرہ جماعت کے اصول اور توقعات (Classroom rules and expectations)**: واضح اصولوں، توقعات اور معمولات کو قائم کرنے سے ایک ایسا منظم ماحول بنانے میں مدد ملتی ہے جہاں طلبا کو معلوم ہوتا ہے کہ ان سے کیا توقع کی جاتی ہے۔ مستقل طور پر تقویت دینے سے نظم کو برقرار رکھنے میں مدد ملتی ہے اور سیکھنے کے مثبت ماحول کی حمایت ہوتی ہے۔

4. **طالب علم کی مشغولیت (Student engagement)**: فعال طالب علم کی مشغولیت اور سیکھنے کی سرگرمیوں میں شرکت کی حوصلہ افزائی کمرہ جماعت کے ایک متحرک ماحول کو فروغ دیتی ہے۔ تعاملی تدریسی حکمت عملی کو شامل کرنا، تجربات اور باہمی تعاون کے ساتھ گروہی سرگرمی طلبا کی شمولیت اور حوصلہ افزائی کو بڑھاتا ہے۔

5. **کمرہ جماعت کے وسائل (Classroom resources)** : نصابی کتب، مواد اور ٹیکنالوجی سمیت سیکھنے کے مناسب اور متنوع وسائل فراہم کرنا، طالب علم کے سیکھنے میں مدد کرتا ہے اور تلاش علم میں سہولت فراہم کرتا ہے۔ وسائل تک رسائی کو یقینی بنانا شمولیت کو فروغ دیتا ہے اور متنوع اکتسابی ضروریات کو پورا کرتا ہے۔

6. **مثبت تعلقات (Positive relationships)** : طلبا کے درمیان اور طلبا اور اساتذہ کے درمیان مثبت تعلقات استوار کرنے سے اعتماد، تعاون اور برادری کے احساس کو فروغ ملتا ہے۔ طلبا کے لیے ایک دوسرے سے جڑنے، تعاون کرنے اور مدد کرنے کے مواقع پیدا کرنے سے کمرہ جماعت کے ماحول کو تقویت ملتی ہے۔

7. **استاد اور طالب علم کے درمیان معاون کن تعامل (Supportive teacher-student interactions)**: وہ اساتذہ جو اپنے طلبا کی فلاح و بہبود میں دیکھ بھال اور حقیقی دلچسپی کا مظاہرہ کرتے ہیں تو کمرہ جماعت کے مثبت ماحول بنانے میں حصہ دار ثابت ہوتے ہیں۔ اس بناء پر تدریس و اکتساب کا عمل دلچسپی سے پر اور مثبت نتائج پر مبنی ہوتا ہے۔

8. **کمرہ جماعت کے معمولات اور طریقہ کار (Classroom routines and procedures)**: روزمرہ کی سرگرمیوں کے لیے مستقل معمولات اور طریقہ کار کا تعین، جیسے مواد کی ترسیلات، کلاس کا آغاز اور اختتام اور مواد کو ہینڈل کرنا ایک منظم ماحول بنانے میں مدد کرتا ہے۔

9. **حفاظت اور بہبود(Safety and well-being)**: جسمانی اور جذباتی طور پر محفوظ ماحول کو یقینی بنانا طالب علم کی فلاح و بہبود اور بہترین تعلیم کے لیے بہت ضروری ہے۔ حفاظتی دستور کا نفاذ، غیر مناسب رویے سے نمٹنا، اور احترام اور ہمدردی کی روایت کو فروغ دینا کمرہ جماعت کے محفوظ ماحول میں مددگار ہوتے ہیں۔

10. **لچک اور موافقت (Flexibility and adaptability)**: یہ تسلیم کرنا کہ طلبا کے مختلف ضروریات ہیں اور ہر ایک کا اکتساب کا انداز مختلف ہے۔ اس کے مطابق استاد تدریسی حکمت عملیوں کو ترتیب دیتا ہے تاکہ ایک جامع اور معاون کمرہ

جماعت ماحول بن سکے- وہ اساتذہ جو کارکردگی میں لچکدار اور موافقت پذیر ہیں طلبا کے انفرادی تفریق کو سمجھ سکتے ہیں اور ذاتی نوعیت کے سیکھنے کے تجربات کو فروغ دے سکتے ہیں۔



https://varthana.com/school/5-ways-to-assess-students-behaviour-in-the-classroom-and-strategies-to-bring-changes-to-them/

| **اپنی معلومات کی جانچ(Check your progress)** |
| --- |
| **سوال:** کمرہ جماعت کے طرز عمل پر روشنی ڈالیں- ____________________ ____________________ |

## 3.4 بچوں کے ساتھ مل کر اصول و قوانین کی تخلیق(Creating Norms with Children)




بچوں کے ساتھ کمرہ جماعت کے اصول بنانا ایک باہمی تعاون کا عمل ہے۔اس عمل میں طلبا اور استاد دونوں کے رول اہم ہیں۔ یہ ماحول طلبا کو اپنے سیکھنے کے ماحول کی تشکیل کرنے کے ساتھ ساتھ کمرہ جماعت کے اصول بنانے اور اسے قبول کرنے میں بھی معاون ہے۔اصولوں کو قائم کرنے کے عمل میں طلبا کو شامل کرنے سے ان میں ذمہ داری کا احساس پیدا ہوتا ہیں، جس کی وجہ سے تدریس واکتساب کے عمل میں شراکت کی شرح میں اضافہ ہوتا ہے۔

### 3.4.1 کمرہ جماعت کے اصول بنانے کا طریقہ(Procedure of Creating Classroom Norms)

1. **اسٹیج سیٹنگ(Set the stage):** طلبا سے کمرہ جماعت کے اصولوں کو قائم کرنے کا مقصد اور اس سلسلے میں ہر ایک کے تعاون کی اہمیت کی وضاحت کریں۔اس بات پر زور دیں کہ تخلیق کردہ کمرہ جماعت کے اصول ایک دوسرے سے متوقع برتاؤ کرنے کے لیے ہیں-

2. . **ذہنی طغیانی سے حاصل آیئڈیاس:(Brainstorm ideas)**: ایسے مباحثے کی سہولت فراہم کریں جہاں طلبا آزادانہ طور پر اس بارے میں اپنے خیالات کا اشتراک کر سکیں۔اس طرح وہ کمرہ جماعت کے لیے اہم اصولوں کو وضع کرنے مین معاون ہوتے ہیں۔استاد ان کی حوصلہ افزائی کریں تاکہ وہ ان رویوں اور اعمال پر غور کریں جو ایک مثبت اور باعزت ماحول پیدا کرنے میں مددگار ہو سکیں۔

3. **درجہ بندی اور مضبوطی کا تعین(Categorize and consolidate)** : حاصل شدہ ملتے جلتے خیالات کو ایک ساتھ ایک گروپ میں کریں۔استاد اور طلبا کے مل کر کام کریں تاکہ اصولوں کی قابل انصرام تعداد اکٹھا کی جاسکے۔ مناسب/تقریباً 3-5 کلیدی اصولوں پر توجہ مرکوز کرا نہیں مضبوطی سے عمل کرنے کی ہدایات دی جائے-

4. **واضح بحث و مباحثہ:(Discuss and clarify)**: استاد تخلیق کردہ اصول کو اپنائیں اور طلبا کے ساتھ اس کے معنی اور مضمرات پر تبادلہ خیال کریں۔ان کی حوصلہ افزائی کریں تاکہ وہ سوالات پوچھیں، وضاحتیں طلب کریں-

5. **اصولی بیانات کی تشکیل:(Craft norm statement) استاد** طلبا کے ساتھ مل کر واضح اور جامع بیانات تیار کریں جو ہر ایک اصول کی عکاسی کرتے ہوں۔ اصولی بیانات کے لیے طالب علم دوستانہ زبان استعمال کریں اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ ان کے بیانات گروپ کی اجتماعی سمجھ کی عکاسی کرتے ہیں۔ کمرہ جماعت میں نمائش کے لیے ان بیانات کو پوسٹر یا چارٹ پیپر پر لکھ کر دیوار پر آویزاں کریں۔

6. **عزم اور معاہدہ (Commitment and agreement)**: طلبا سے انفرادی یا اجتماعی طور پر قائم کردہ اصولوں سے اپنی وابستگی کی تصدیق کروائیں۔ یہ ایک معاہدے پر دستخط کرنے کے ذریعے یا کسی دوسرے ذریعہ سے بھی کیا جاسکتا ہے۔ یہ معاہدے، اصولوں کی سمجھ کو ظاہر کرتے ہیں۔

7. **مستقل یاد دہانی اور کمک/تقویت(Regular reminders and reinforcement)**: تعلیمی سال کے دوران قائم کردہ اصولوں کو مسلسل تقویت دیں اور ان کا حوالہ دیں۔ کمرہ جماعت کے مباحثوں، سرگرمیوں، اور طرز عمل کے حالات سے نمٹنے کے دوران طلبا کو متفقہ توقعات کی یاد دلائیں اور طلبا کے بہترین طرز عمل کی تعریف کریں۔ اسکول میں وہ طلباء جو متعین اصولوں کی پاسداری کرتے ہیں، ان کے اعزاز میں جشن منائیں جو متعینہ معیارات کے مطابق ہوں۔

8. **انعکاس اور نظر ثانی (Reflection and Revision)**: طلبا کے ساتھ وقتاً فوقتاً کمرہ جماعت کے اصولوں کا جائزہ لیں اور ان پر غور کریں۔ان سے رائے طلب کریں کہ وہ کس حد تک ان اصولوں پر یقین رکھتے ہیں اور عمل کرتے ہیں نیز ان میں کوئی ترمیم کی ضرورت تو نہیں ہے-

| **اپنی معلومات کی جانچ(Check your progress)** |
| --- |
| **سوال:** بچوں کے تعاون سے کمرہ جماعت کے اصول کی تخلیق کیسے کی جاسکتی ہے ؟<br>__________________________________________________________<br>__________________________________________________________ |

## 3.5 غیر مناسب رویے کا انصرام(Managing Difficult Behaviour)

طلبا کے غیر مناسب رویے کا انصرام کمرہ جماعت کے انصرام کا ایک اہم پہلو ہے۔اس چیلنج کرنے والے طرز عمل سے نمٹنے کے لیے ایک فعال اور معاون نقطہ نظر کی ضرورت ہوتی ہے۔ یہاں کچھ حکمت عملی ہیں جو اس طرح کے رویے کو مثبت و منظم کرنے میں مدد فراہم کرتی ہیں۔

1. **واضح توقعات (Establish clear expectations)**: کمرہ جماعت میں متوقع رویے کے لیے واضح اور مستقل توقعات قائم کر طلبا کو ان توقعات سے منسلک آگاہ کریں، اس بات کو یقینی بنائیں کہ وہ مطلوبہ رویوں اور ان پر پورا اترنے کے لیے کوشاں رہینگے اور عدم قبولیت پر ہونے والے نقصانات و نتائج کو سمجھیں گے۔
2. **مثبت تقویت(Positive reinforcement)**: طلبا کے مناسب رویے کو تسلیم کریں اور انعام دیکر مثبت تقویت کا استعمال کریں۔ طلبا کی تعریف کریں جب وہ مثبت طرز عمل کا مظاہرہ کرتے ہیں تو ان کی پہچان کریں جو انہیں ان رویوں کو جاری رکھنے کی ترغیب دے سکے۔
3. **نئی سمت اور قربت (Redirection and proximity)**: جب ایک طالب علم خلل ڈالنے والے رویے کا مظاہرہ کر رہا ہو تو اپنی توجہ زیادہ مناسب سر گرمی کی طرف موڑنے کے لیے ری ڈائریکشن کی تکنیکوں کا استعمال کریں۔ مزید ایسے طالب علم سے قربت بڑھا کر ان کی توجہ دوبارہ حاصل کر مزید خلل ڈالنے والے رویے کو تبدیل کریں۔
4. **رویہ کا معاہدہ(Behavior contracts)** : طلبا کے ساتھ مناسب رویے کے اصولوں پر مبنی معاہدوں کو نافذ کریں جو مسلسل چیلنجنگ رویے کے ساتھ جدوجہد کرتے ہیں۔ طالب علم کو اہداف طے کرنے اور ان اہداف کو پورا کرنے اور انعامات نا ملنے والے نتائج کا تعین کرنے میں شامل کریں۔ ضرورت کے مطابق رویے کے معاہدے کا باقاعدگی سے جائزہ لیں اور حسب ضرورت ترمیم کریں۔
5. **انفرادی مدد (Individualized support)**: مشکل رویے کے لیے کسی بھی بنیادی اسباب یا محرکات کی نشاندہی کریں۔ طالب علم کے نقطہ نظر کو سمجھنے کے لیے ان سے انفرادی طور پر ملاقات کریں۔ انفرادی حکمت عملیوں اور مداخلتوں کو تیار کرنے کے لیے معاون عملے، جیسے مشیران یا خصوصی تعلیم کے پیشہ ورافراد کے ساتھ تعاون کریں۔

6. **مناسب اور مثالی طرز عمل (Model Appropriate Behaviour):** طلبا کو واضح طور پر مناسب اور مثالی طرز عمل سکھائیں۔ طلبا کو اپنے اظہار کے مناسب طریقے سیکھنے اور مشق کرنے میں مدد کرنے کے لیے اپنے کردار ادا کرنے یا سماجی مہارت کی تربیت کا استعمال کا سلیقہ سکھائیں۔

7. **مواصلات اور تعاون (Communication and collaboration):** والدین یا سرپرست کے ساتھ بات چیت کی راہ ہموار رکھیں۔ غیر مناسب رویے سے نمٹنے کے لیے خدشات، مشاہدات اور حکمت عملیوں کا ان سے اشتراک کریں۔

8. **مسلسل نتائج (Consistent consequences) :** طلبا کے نامناسب رویے میں تبدیلی کی غرض سے ان کے برتاو کا مجموعی ریکارڈ تیار کریں۔ اس ریکارڈ سے مستقل نتائج کا اطلاق ان طلبا پر کیا جا سکتا ہے جہاں ترمیم و سدھار کی ضرورت ہوں۔ واضح طور پر طلبا کو نامناسب برتاو اور اس سے مرتب ہونے والے اثرات کی پیشگی اطلاع دیں، تاکہ وہ اپنے برتاو میں تبدیلی لا سکیں۔

9. **انعکاسی اور مسئلہ حل کرنا (Reflection and problem-solving) :** طلبا کی ہر ممکنہ حوصلہ افزائی کریں اور اس بات کی تلقین کریں کہ وہ اپنے رویے کے اثرات کا خود انعکاسی جائزہ ساتھ ہی دوسروں کے اعتبار سے بھی جائزہ لیں۔ طلبا کو مشکل حالات کا مقابلہ کرنے کے لیے متبادل، زیادہ مناسب حل/جوابات کی نشاندہی کرے۔ ان حالات میں معلم طلبا کو مسئلہ کا حل نکالنے کی مہارتیں سکھائیں۔

10. **اضافی مدد حاصل کرنا(Seek additional support) :** اگر طلبا کا کمرہ جماعت میں چیلنجنگ رویہ برقرار رہتا ہے یا سیکھنے کے ماحول میں اہم رکاوٹ بن جاتا ہے تو اسکول کے منتظمین، مشیران، یا دیگر متعلقہ پیشہ ور افراد جیسے ماہر نفسیات یا ماہر مشاورسے اضافی مدد حاصل کریں۔




https://heidisongs.blogspot.com/2008/09/getting-control-of-very-difficult-class.html

| |
|---|
| **اپنی معلومات کی جانچ(Check your progress)** |
| **سوال:** طلبا کے مشکل رویے کا انصرام کیسے کیا جائے بیان کیجیے۔<br>________________________________________<br>________________________________________ |

## 3.6 بچوں کی کمرے جماعت میں سکونت پذیری/ سیٹل کرنے میں مدد کرنا

(Helping Children Get Settled in The Classroom)

بچوں کو کمرہ جماعت میں درجہ ذیل طریقے سے سیٹل کیا جاسکتا ہے۔

- پرجوش استقبال کرکے۔
- ہر بچے کو کلاس میں اپنا تعارف پیش کرنے کی اجازت دے کر۔
- کمرہ جماعت میں دستیاب اشیاء سے واقفیت کرا کر۔
- نئے آنے والے طلبا سمیت تمام طلبا کو روزمرہ کے معمولات اور طریقہ کار کی واضح طور پر وضاحت کرکے۔
- کمرہ جماعت کے اصول اور توقعات سے متعلق طلبا سے تبادلہ خیال کرکے۔
- طلبا کی ترجیحات، مشاغل، اور سیکھنے کے انداز کے بارے میں جان کاری اکٹھا کرکے۔
- طلبا کو باہمی تعاون کی سرگرمیوں اور گروہی سرگرمیوں میں مشغول ہونے کے مواقع فراہم کرا کر۔
- حقیقی دلچسپی اور ہمدردی دکھا کر ہر طالب علم کے ساتھ مثبت تعلق پیدا کرکے۔
- دلکش ڈسپلے، اور مختلف قسم کے سیکھنے کے مواد کے ساتھ ایک متحرک اور مدعو کرنے والا کمرہ جماعت کا ماحول کو یقینی بنا کر۔
- ہر بچے کے پس منظر، ماحول، دلچسپیوں اور ضروریات کے بارے میں جان کاری حاصل کرنے کے لیے والدین یا سرپرستوں کے ساتھ بات چیت کے مواقع کو یقینی بنا کر۔
- طلبا کے معمولات اور معاملات میں صبر اور سمجھداری کا مظاہرہ کرکے۔



https://www.opportunityindia.com/article/delhi-governments-mohalla-play-schools-for-underprivileged-12334

| |
|---|
| **اپنی معلومات کی جانچ(Check your progress)** |
| **سوال:** طلبا کو کمرہ جماعت میں سیٹل کرنے کی حکمت عملی کو وضاحت کیجئے۔ |

## 3.7 طلبا کے طرز عمل کی مثبت رہنمائی(Guiding Students Behaviour Positively)

طلبا کے طرز عمل کی مثبت رہنمائی کرنا ایک باعزت اور سازگار تعلیمی ماحول کو فروغ دینے کا ایک مؤثر طریقہ ہے۔ طلبا کے طرز عمل کی مثبت رہنمائی کے لیے درجہ ذیل حکمت عملی مددگار ثابت ہو سکتی ہیں۔

1. **واضح توقعات کا تعین(Set clear expectations)**: طلبا کو رویے کے بارے میں اپنی توقعات کو واضح طور پر بتائیں۔ اس بارے میں واضح کریں کہ کمرہ جماعت میں کون سے طرز عمل قابل قبول اور کونسا نا قابل قبول ہیں۔
2. **مثالی مثبت طرز عمل(Model positive behaviour)** : اساتذہ طلبا سے جس طرز عمل کی توقع کرتے ہیں ان کا مسلسل مظاہرہ کرتے ہوئے ایک رول ماڈل بنیں۔ طلبا اور دیگر افراد کے ساتھ اپنے تعامل میں مہربانی، احترام، صبر اور ہمدردی کا مظاہرہ کریں۔
3. **مثبت طرز عمل کی تقویت(Reinforce positive behavior)**: مسلسل مثبت رویے کو تسلیم کریں اور ان کو تقویت دیں۔ جب طلبا مطلوبہ طرز عمل کا مظاہرہ کریں تو مخصوص اور معنی خیز تعریف کریں۔
4. **مثبت زبان کا استعمال(Use positive language)** :اپنی ہدایات اور تاثرات کو مثبت الفاظ میں ترتیب دیں۔ طلبا کو کیا نہیں کرنا چاہیے اس پر توجہ دینے کے بجائے اس بات پر زور دیں کہ انھیں کیا کرنا چاہیے۔
5. **معمولات اور طریقہ کار کا تعین(Establish routines and procedures)** : مستقل مزاجی فراہم کرنے کے لیے کمرہ جماعت میں واضح معمولات اور طریقہ کار مرتب کریں۔ طلبا کو ان معمولات کو واضح طور پر بیان کریں اور ان کا مظاہرہ کریں، اور انہیں باقاعدگی سے تقویت دیں۔
6. **انتخاب اور خود مختاری(Choice and autonomy)**: جب بھی ممکن ہو طلبا کو ان کی خود مختاری کے احساس کو فروغ دیں۔ انہیں مختلف تعلیمی کام کے حوالے سے ان میں خود مختاری اور خود انتخابی کا فروغ دیں۔
7. **فعال حکمت عملی کا استعمال(Use proactive strategies)** :چیلنجنگ رویے کو روکنے کے لیے فعال حکمت عملی کا استعمال کریں۔ تعلیمی سرگرمیوں کے دوران انفرادی امداد اور اشارے کا استعمال کریں۔
8. **خود ضابطگی کی مہارتیں(Self-Skills regulating)**: خود ضابطہ کی مہارتوں کے بارے میں واضح ہدایات فراہم کریں، جیسے کہ جذباتی انصرام اور مسئلہ حل کرنا۔ طلبا کو اپنے جذبات کی شناخت اور تعمیری انداز میں اظہار کرنے میں مدد کریں۔ انہیں پرسکون ہونے، سوچ سمجھ کر فیصلے کرنے اور تنازعات کو پرامن طریقے سے حل کرنے کی حکمت عملی سکھائیں۔
9. **بازیابی کے طریقے(Restorative approaches)**: جب تنازعات یا واقعات پیش آئیں تو بحالی کے طریقوں کو نافذ کریں۔ نقصان کو دور کرنے، ہمدردی پیدا کرنے، اور جوابدہی کو فروغ دینے پر توجہ دیں۔ مسائل کو حل کرنے اور تعلقات کو دوبارہ بنانے کے لیے کھلے مکالمے، فعال سننے، اور باہمی تعاون کے ساتھ مسائل حل کرنے کی حوصلہ افزائی کریں۔

10. **تعلقات قائم کرنا (Build relationships)**: اعتماد، باہمی احترام اور افہام و تفہیم کی بنیاد پر اساتذہ اپنے طلبا کے ساتھ مثبت تعلقات استوار کریں۔ ہر طالب علم کو انفرادی طور پر جاننے کے لیے وقت نکالیں، ان کی زندگیوں، تجربات اور خواہشات میں حقیقی دلچسپی کا اظہار کریں۔

11. **والدین اور سرپرستوں سے تبادلہ خیال (Communicate and involve parents/guardians)**: اساتذہ والدین اور سرپرستوں کے ساتھ کھلا اور باقاعدہ رابطہ رکھیں۔ طلبا کے رویوں کے بارے میں مثبت اور متعلقہ دونوں مشاہدات کا اشتراک کریں۔ رویے کے چیلنجوں سے نمٹنے کے لیے والدین کے ساتھ تعاون کریں اور گھر میں مثبت رویے کو تقویت دینے میں ان کا تعاون کریں۔

| **اپنی معلومات کی جانچ(Check your progress)** |
| --- |
| **سوال:** طلبا کے طرز عمل کی مثبت رہنمایی کیسے کی جائے بیان کیجئے۔<br>____________________________________<br>____________________________________ |

## 3.8 استاد کے ذریعہ کی جانے والی مثبت رہنمائی کی وضاحت

## (Illustrations of Positive Guidance by the Teacher)

اساتذہ کی طرف سے طلبا کی مثبت رہنمائی کی وضاحت درجہ ذیل طرح سے کی جاسکتی ہیں۔

1. **فعال سننا اور ہمدردی (Active listening and empathy)**: جب بھی طالب علم چیلنجنگ اسائنمنٹ کے بارے میں تشویش کے ساتھ استاد سے رابطہ کرے تو استاد کی ذمہ داری ہے کہ وہ اس کی بات کو بغور سنے۔ اگر استاد فعال طور پر طلبا کی بات سنتا ہے، طلبا کی آنکھوں سے رابطہ برقرار رکھتا ہے، اور طالب علم کے جذبات کو تسلیم کرکے ہمدردی ظاہر کرتا ہے تو اس سے طلبا کی مثبت رہنمائی ہوتی ہے۔

2. **مثبت تقویت(Positive reinforcement)**: کمرہ جماعت میں بحث مباحثہ کے دوران ایک طالب علم مسلسل اپنا ہاتھ اٹھاتا ہے تاکہ وہ اس عمل کا حصّہ بن سکے اور جب استاد کلاس کے سامنے طالب علم کی شاندار شرکت اور تنقیدی سوچ کو اجاگر کرتے ہوئے اس کی تعریف کرتا ہے تو استاد کی یہ مثبت تقویت نہ صرف طالب علم کی حوصلہ افزائی کرتی ہے بلکہ دوسروں کے لیے کمرہ جماعت کے مباحثوں میں فعال طور پر مشغول ہونے کے لیے ایک مثال بھی قائم کرتی ہے۔

3. **باہمی تعاون کے ساتھ مسئلہ حل کرنا (Collaborative problem-solving)**: گروپ پروجیکٹ کے دوران اکثر طلبا میں تنازعہ ہوتا ہے۔ استاد ایک بحث کو آسان بنا کر مداخلت کرتا ہے جہاں طلبا کو اپنے نقطہ نظر کے اظہار کا موقع ملتا ہے۔ استاد

ایک دوسرے کے نقطہ نظر کو سمجھنے میں ان کی مدد کرتا ہے، فعال سننے کی حوصلہ افزائی کرتا ہے اور مل کر حل تلاش کرنے میں ان کی رہنمائی بھی کرتا ہے۔

4. **انتخاب اور خود مختاری (Choice and autonomy)** : تحریری کاموں میں استاد طلبا کو انتخاب کرنے کے لیے مختلف موضوعات فراہم کرتا ہے۔ استاد اس بات پر زور دیتا ہے کہ طلبا کو اس موضوع کا انتخاب کرنے کی خود مختاری حاصل ہے جس میں وہ دلچسپی رکھتے ہیں۔ اس انتخاب سے طلبہ کو ملکیت اور حوصلہ افزائی کا احساس ہوتا ہے۔

5. **انفرادی مدد(Individualized support)** : اگر کوئی طالب علم کسی تصور کو سمجھنے کے لیے جدوجہد کر رہا ہے تو اس میں اور استاد انفرادی ہدایات فراہم کرے، اس کی اضافی مدد کرے۔ استاد تصور کی وضاحت کے لیے بصری امداد اور حقیقی زندگی کی مثالیں استعمال کر سکتا ہے جو طالب علم کے سیکھنے کے انداز کے مطابق ہو۔ استاد مسلسل رہنمائی کرتا ہے اور اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ طالب علم اپنے سیکھنے کے سفر میں حوصلہ افزائی کا احساس کر سکے۔

6. **بازیابی کا طریقہ کار(Restorative approach)**: طلبا میں اختلاف کی صورت میں استاد بازیابی گفتگو کے ذریعہ رہنمائی کرتے ہوئے مداخلت کرے اور طلبا کو اپنے احساسات، نقطہ نظر اور تجربات کا اشتراک کرنے کے لئے آمادہ کرے۔ اس عمل میں استاد فعال سننے، ہمدردی اور افہام و تفہیم کی حوصلہ افزائی کرتا ہے۔ بازیابی گفتگو کے ذریعے، طلبا اپنے اعمال کے اثرات کے بارے میں سمجھ پیدا کر اپنے تعلقات کو ٹھیک کرنے کے لیے کام کرتے ہیں۔



| **اپنی معلومات کی جانچ(Check your progress)** |
|---|
| **سوال:** اساتذہ کے ذریعہ طلبا کی مثبت رہنمائی پر نوٹ لکھیے۔ |

## 3.9 نظم و ضبط(Discipline)

کمرہ جماعت میں نظم و ضبط سے مراد وہ حکمت عملی اور طرز عمل ہے جو استاد کی طرف سے نظم کو برقرار رکھنے، سیکھنے کا ایک مثبت ماحول پیدا کرنے اور طلبا کی تعلیمی اور سماجی ترقی کو فروغ دینے کے لیے استعمال کیے جاتے ہیں۔ کمرہ جماعت میں نظم و ضبط کے کچھ اہم پہلو یہ ہیں:

1. **واضح توقعات(Clear expectations)**: طلبا کے متوقع رویے کے لیے استاد واضح توقعات قائم کرتا ہے اور انہیں طلبا تک مسلسل پہنچاتا ہے۔ یہ توقعات احترام، شرکت، توجہ، اور کمرہ جماعت کے قواعد کی پیروی جیسے شعبوں کا احاطہ کرتی ہیں۔ استاد اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ طالب علم ان توقعات کو سمجھیں اور کمرہ جماعت میں عمل کریں۔
2. **مستقل مزاجی(Consistency)** : استاد اصولوں اور نتائج کو مستقل اور منصفانہ طور پر نافذ کرتا ہے۔ طلبا جانتے ہیں کہ مثبت رویے کے لیے انعامات اور نامناسب رویے کے نتائج کے لحاظ سے کیا امید رکھنی چاہیے۔ یہ مستقل مزاجی کمرہ جماعت میں انصاف پسندی اور پیشین گوئی کا احساس قائم کرنے میں مدد کرتی ہے۔
3. **فعال انصرام(Proactive management)** : کمرہ جماعت میں نظم وضبط کے مسائل پیدا ہونے سے پہلے ان کو روکنے کے لیے استاد فعال حکمت عملی استعمال کرے۔ اس میں معمولات اور طریقہ کار کا قیام، واضح توقعات قائم کرنا، اور حفاظتی اقدامات جیسے کہ ساختی سرگرمیاں، بصری اشارے، اور منتقلی کو نافذ کرنا شامل ہے۔
4. **مثبت تقویت(Positive reinforcement)** : استاد مطلوبہ طرز عمل کی حوصلہ افزائی کے لیے مثبت تقویت پر زور دیتا ہے۔ اس میں زبانی تعریف، تحریری تاثرات، سرٹیفکیٹ، یا شناخت کی دوسری شکلیں شامل ہو سکتی ہیں۔ مثبت رویے کو تسلیم کرنے اور تقویت دینے سے، استاد کمرہ جماعت میں ایک مثبت ماحول پیدا کرتا ہے اور طلبا کو مناسب طرز عمل کا مظاہرہ جاری رکھنے کی ترغیب دیتا ہے۔
5. **کمرہ جماعت کی تنظیم(Classroom organization)** : استاد اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ کمرہ جماعت کی ترتیب ایک منظم اور سازگار تعلیمی ماحول کو فروغ دے۔ ڈیسک یا بیٹھنے کے انتظامات اس طرح سے کیے گئے ہوں جو افراتفری یا بدنظمی کو کم کرتے ہے اور طالب علم کی مصروفیت کو آسان بناتے ہیں۔
6. **کمرہ جماعت کے انصرام کی تکنیک(Classroom management techniques)** : استاد خلل ڈالنے والے رویے سے مؤثر طریقے سے نمٹنے کے لیے کمرہ جماعت کے انصرام کی مختلف تکنیکوں کا استعمال کرتا ہے۔ ان تکنیکوں میں قربت پر قابو، توجہ ہٹانا، غیر زبانی اشارے دینا، یا مناسب زبانی یاد دہانیوں کا استعمال کرنا شامل ہو سکتا ہے تاکہ طلبا کو بہتر رویے کے مظاہرہ کرنے میں رہنمائی کی جا سکے۔
7. **پُرسکون اور پرجوش رویہ (Calm and composed behaviour)**: استاد مشکل حالات میں بھی پرسکون اور پرعزم طرز عمل کا نمونہ پیش کرے۔ وہ اپنے جذبات کو منظم کرے۔ پرسکون رہنے سے استاد طلبا کے لیے ایک محفوظ اور معاون ماحول پیدا کرنے میں مدد کرتا ہے۔
8. **تنازعات کا حل(Conflict resolution)** : دوران تدریس جب طلبا کے درمیان تنازعات پیدا ہوتے ہیں تو استاد مسئلہ کو حل کرنے کے لیے ایک منظم اور باعزت عمل فراہم کر کے تنازعات کے حل میں سہولت فراہم کرتا ہے۔ اس میں ثالثی گفتگو، اور طالب علموں کے درمیان ہمدردی اور افہام و تفہیم کی حوصلہ افزائی شامل ہو سکتی ہے۔

9. **واضح گفتگو(Open communication)**:استاد طلبا کے ساتھ کھلے رابطے کو فروغ دیتا ہے،انہیں اپنے خیالات، خدشات اور جذبات کا اظہار کرنے کی اجازت دیتا ہے جو کہ مایوسی کو کم کر سکتا ہے اور ممکنہ تادیبی مسائل کو روک سکتا ہے۔استاد فعال طور پر سنتا ہے،

10. مدد فراہم کرتا ہے،اور طالب علم کی ضروریات کو مناسب طریقے سے پورا کرتا ہے۔

اپنی معلومات کی جانچ(heck your ProgressC)

سوال: نظم وضبط سے کیا سمجھتے ہیں؟

________________________________________

________________________________________

## 3.10 اساتذہ کے ذریعہ استعمال کردہ زبان(Language used by Teachers)

کمرہ جماعت میں اساتذہ کے ذریعہ استعمال کی جانے والی زبان ایک مثبت اور موثر تعلیمی ماحول پیدا کرنے میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔اساتذہ کے ذریعہ زبان کے استعمال کے کچھ اہم پہلو یہ ہیں:

1. **واضح اور جامع ہدایات (Clear and concise instructions)**:اساتذہ کو نا صرف تدریس کے دوران بلکہ طلبا کو ہدایت دیتے وقت بھی واضح اور جامع زبان کا استعمال کرنا چاہیے تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ طلبا ان سے کیا توقع رکھتے ہیں۔ پیچیدہ یا مبہم زبان استعمال کرنے سے گریز کریں جو طلبا کو الجھن میں ڈال سکتی ہے۔
2. **مثبت اور حوصلہ افزا زبان (Positive and encouraging language)**: طلبا کی حوصلہ افزائی کے لیے اساتذہ کو مثبت اور حوصلہ افزا زبان استعمال کرنی چاہیے۔ طلبا کی کاوشوں اور کامیابیوں کا اعتراف کرتے ہوئے ان کی کی تعریف کریں۔ طلبا کا اعتماد بڑھانے اور سیکھنے کی طرف مثبت رویہ کو فروغ دینے کے لیے حوصلہ افزائی کے الفاظ استعمال کریں۔
3. **تعظیمی اور جامع زبان (Respectful and inclusive language)**: اساتذہ کو باعزت اور جامع زبان استعمال کرنی چاہیے جو تمام طلبا اور ان کے متنوع پس منظر کی قدر کرتی ہو۔ توہین آمیز یا جارحانہ زبان استعمال کرنے سے گریز کریں اور ثقافتی حساسیت کا خیال رکھیں۔ **وضاحت اور سادگی (Clarity and simplicity)**:اساتذہ کو ایسی زبان استعمال کرنی چاہیے جو ان کے طلبا کی عمر اور فہم کی سطح کے لیے موزوں ہو۔ لفظیات، پیچیدہ الفاظ، یا ضرورت سے زیادہ تکنیکی اصطلاحات کے استعمال سے گریز کریں جو طلبا کی سمجھ سے پرے ہو۔ فہم کو یقینی بنانے کے لیے سادہ اور سیدھی زبان استعمال کریں۔
4. **فعال سننے اور جواب دینے والی زبان(Active listening and responsive language)**: اساتذہ کو طالب علموں کو فعال طور پر سننا چاہیے جب وہ بولتے ہیں اور احترام کے ساتھ جواب دیتے ہیں۔ طلبا کے تعاون، خیالات اور سوالات کو تسلیم کریں اور ان کی پزیرائی کریں۔

5. **درست زبان کی مثال(Modelling correct language usage)**:اساتذہ کواپنے طلبا کے لیے درست زبان کے استعمال کے نمونے کے طور پر کام کرنا چاہیے۔اپنی بات چیت میں صحیح قواعد، تلفظ اور الفاظ کا استعمال کریں۔ مواصلات کی موثر مہارتوں کا مظاہرہ کریں، جیسے فعال سننااور واضح طور پر بولنا۔اس سے طلبا کوان کی اپنی زبان کی مہارتوں کی نشوونمااور بہتری میں مدد ملتی ہے۔

6. **طلبا کی ضروریات کے مطابق موافقت (Adaptation to students' needds)** : طلبا کی انفرادی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے اساتذہ کو چاہیے کے زبان کے استعمال میں خاص خیال رکھیں۔ طلبا کی صلاحیتوں اور زبان کی مہارت کی بنیاد پر زبان کی پیچیدگی، رفتار کو برتیں۔ فہم کو یقینی بنانے کے لیے جب ضروری ہو تو اضافی وضاحتیں یا بصری امداد فراہم کریں۔

7. **سوال کرنے کی تکنیک(Questioning techniques)** : طلبا کو مشغول کرنے اور تنقیدی سوچ کو فروغ دینے کے لیے سوالات کی مختلف تکنیکوں کا استعمال کریں۔ کھلے سوالات پوچھیں جن کے لیے سوچ سمجھ کر جوابات درکار ہوں، بحث اور خیالات کی تلاش کی حوصلہ افزائی کریں۔ طلبا کی سمجھ کو گہرا کرنے اور غور و فکر کی حوصلہ افزائی کے لیے تحقیقاتی سوالات کا استعمال کریں۔

8. **غیر زبانی مواصلات کا استعمال(Use of nonverbal communication)**: یاد رکھیں کہ زبان صرف زبانی مواصلات تک محدود نہیں ہے۔ غیر زبانی اشارے، جیسے چہرے کے تاثرات، باڈی لینگویج،اور اشارے کمرہ جماعت کے مواصلات کو نمایاں طور پر متاثر کر سکتے ہیں۔ اپنے زبانی پیغامات کو بڑھانے اور معنی خیز بنانے کے لیے مؤثر طریقے سے غیر زبانی اشارے کا استعمال کریں۔

9. **فعال ذخیرہ الفاظ کی نشوونما (Active vocabulary development)** : کمرہ جماعت میں نئے الفاظ کو متعارف کرواکر اوران کو تقویت دے کر الفاظ کی ترقی کو فعال طور پر فروغ دیں۔ طلبا کو نئے الفاظ کو سمجھنے اور یاد رکھنے میں مدد کے لیے متعلقہ اشارے، تعریفیں اور مثالیں استعمال کریں۔ طلبا کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ اپنے بولنے اور لکھنے میں نئے الفاظ استعمال کریں۔

| **اپنی معلومات کی جانچ(Check your progress)** |
|---|
| **سوال:** ۔ کمرہ جماعت میں استاد کو کس طرح کی زبان استعمال کرنی چاہیے؟ <br> ______________________ <br> ______________________ |

## 3.11 کیا نہیں کرنا چاہیے (What Not to Do)

اگرچہ اساتذہ ایک مثبت سیکھنے کا ماحول بنانے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں، کچھ چیزیں ایسی ہیں جن سے انہیں کمرہ جماعت میں کرنے سے گریز کرنا چاہیے۔ یہاں کچھ چیزیں ہیں جو اساتذہ کو نہیں کرنی چاہئے۔ جیسے:

1. **توہین آمیز زبان کے استعمال سے گریز(Don't use disrespectful or derogatory language) :**
طلبا کے ساتھ بات چیت کرتے وقت اساتذہ کو ہمیشہ احترام والی زبان استعمال کرنی چاہیے۔ توہین آمیز الفاظ استعمال کرنے یا طلبا کو نیچا دکھانے سے گریز کریں۔ تمام طلبا کے ساتھ عزت اور احترام سے پیش آئیں، چاہے ان کی صلاحیتیں یا پس منظر کچھ بھی ہو۔

2. **جانبدار رویہ سے گریز(Don't engage in favouritism) :** اساتذہ کو کسی بھی طلبا کے ساتھ جانبداری کا مظاہرہ نہیں کرنا چاہئے یا ان کے ساتھ دوسروں سے مختلف سلوک نہیں کرنا چاہئے۔ تمام طلبا کے ساتھ منصفانہ اور یکساں سلوک کریں، انہیں سیکھنے اور کامیاب ہونے کے یکساں مواقع فراہم کریں۔

3. **طلبا کو شرمندہ یا ذلیل کرنے سے گریز(Don't embarrass or humiliate students) :** طلبا کو عوامی طور پر شرمندہ یا ذلیل کرنے سے گریز کریں کیونکہ اس سے ان کی عزت نفس کو نقصان پہنچ سکتا ہے اور سیکھنے کے لیے منفی ماحول پیدا ہو سکتا ہے۔ اس کے بجائے نظم وضبط یا رویے کے مسائل کو نجی اور احترام کے ساتھ حل کریں۔

4. **طلبا کے تحفظات کو نظر انداز یا مسترد کرنے سے گریز ( Don't ignore or dismiss students' concerns) :**

5. طلبا کے درست خدشات، افکار یا سوالات ہو سکتے ہیں۔ اساتذہ کو انکے خدشات کو نظر انداز یا مسترد نہیں کرنا چاہیے کیونکہ یہ طلبا کے افکار کی حوصلہ شکنی اور سیکھنے کے عمل میں رکاوٹ ڈال سکتا ہے۔

6. **مکمل طور پر تادیبی اقدامات پر انحصاری سے گریز(Don't rely solely on punitive measures):** اگرچہ نظم وضبط ضروری ہے لیکن یہ ضروری ہے کہ مکمل طور پر تادیبی اقدامات یا سزاؤں پر انحصار نہ کریں۔ طالب علموں کو ان کی غلطیوں کی سزا دینے کے بجائے احتیاطی حکمت عملیوں، مثبت تقویت، اور مناسب طرز عمل سکھانے پر توجہ دیں۔

7. **طنز کرنے سے گریز (Don't use sarcasm or ridicule):** طنز کمرہ جماعت میں منفی اور مخالف ماحول پیدا کر سکتا ہے۔ طنزیہ کلمات اور طلبا کا مذاق اڑانے سے گریز کریں۔ اپنی زبان اور بات چیت میں مثبت اور معاون کن لہجہ برقرار رکھیں۔

8. **کمرہ جماعت کے مباحثوں پر اجارہ داری سے گریز کریں( Don't monopolize classroom discussions):** اساتذہ کو چاہیے کہ وہ طلبا کی شرکت کی حوصلہ افزائی کریں اور انہیں کمرہ جماعت کے مباحثوں میں فعال طور پر مشغول ہونے کی اجازت دیں۔ گفتگو پر اجارہ داری کرنے یا طالب علم کی شراکت کو مسترد کرنے سے گریز کریں۔ تمام طلبا کو اپنے خیالات کا اشتراک کرنے کے یکساں مواقع فراہم کریں۔

9. **طلبا کی انفرادی ضروریات کو نظر انداز کرنے سے گریز(Don't ignore students' individual needs):**
ہر طالب علم منفرد ہوتا ہے اور اساتذہ کو ان کی انفرادی ضروریات کے لیے حساس ہونا چاہیے۔ ایسے طلبا کو نظر انداز کرنے سے گریز کریں جنہیں اضافی مدد کی ضرورت ہے یا انہیں سیکھنے کی مخصوص ضروریات درکار ہیں۔

10. تخلیقی صلاحیتوں اور آزاد سوچ کی حوصلہ شکنی نہ کریں ( Don't discourage creativity and independent thinking): اساتذہ کو کمرہ جماعت میں تخلیقی صلاحیتوں اور آزاد سوچ کی حوصلہ افزائی کرنی چاہیے۔ طلبا کے خیالات کو دبانے یا ان کے منفرد نقطہ نظر کے اظہار میں ان کی حوصلہ شکنی کرنے سے گریز کریں۔ ایک ایسا ماحول بنائیں جو تنقیدی سوچ، تخلیقی صلاحیتوں اور اختراعیت کو پروان چڑھائے۔




| اپنی معلومات کی جانچ(Check your progress) |
| --- |
| **سوال:** استاد کو کمرہ جماعت میں کن چیزوں کا خیال رکھنا چاہیے؟<br>______________________________<br>______________________________ |

## 3.12 اکتسابی نتائج(Learning Outcomes)

اس اکائی کا مطالعہ کرنے کے بعد آپ نے درج ذیل باتیں سیکھیں:

- کمرہ جماعت کا نظم و نسق ایک منظم اور سازگار تعلیمی ماحول بنانے کے لیے اساتذہ کے ذریعے استعمال کی جانے والی حکمت عملیوں اور تکنیکوں کا مجموعہ ہے۔
- کمرہ جماعت کا ماحول کمرہ جماعت کے اندر جسمانی، سماجی اور جذباتی ماحول سے مراد ہے جو طالب علم کے سیکھنے، مشغولیت، اور مجموعی طور پر بہبود کو متاثر کرتا ہے۔
- بچوں کے ساتھ کمرہ جماعت کے اصول بنانا ایک باہمی تعاون کا عمل ہے-
- استاد کمرہ جماعت میں متوقع رویے کے لیے واضح اور مستقل توقعات قائم کر طلبا کو ان توقعات سے آگاہ کرنا چاہیے-
- کمرہ جماعت کے اصولوں اور توقعات سے متعلق طلبا سے تبادلہ خیال کرا نہیں کمرہ جماعت میں سٹل کیا جاسکتا ہے-
- طلبا کے طرز عمل کی مثبت رہنمائی کرنا ایک باعزت اور سازگار تعلیمی ماحول کو فروغ دینے کا ایک مؤثر طریقہ ہے۔
- استاد مسلسل رہنمائی کر اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ طالب علم اپنے سیکھنے کے سفر میں حوصلہ افزائی کا احساس کر سکے۔

- کمرہ جماعت میں نظم و ضبط سے مراد وہ حکمت عملی اور طرز عمل ہے جو استاد کی طرف سے نظم کو برقرار رکھنے، سیکھنے کا ایک مثبت ماحول پیدا کرنے اور طلبا کی تعلیمی اور سماجی ترقی کو فروغ دینے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔
- کمرہ جماعت میں اساتذہ کے ذریعہ استعمال کی جانے والی زبان ایک مثبت اور موثر تعلیمی ماحول پیدا کرنے میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔
- طلبا کی حوصلہ افزائی کے لیے اساتذہ کو مثبت اور حوصلہ افزا زبان استعمال کرنی چاہیے۔
- کمرہ جماعت میں استاد توہین آمیز زبان، جانبدار رویہ، طلبا کو شرمندہ یا ذلیل کرنے والی زبان، مکمل طور پر تادیبی اقدامات پر انحصاری اور طنزیہ کلمات سے گریز کرنا چاہیے۔

## 3.13 فرہنگ (Glossary)

| | |
|---|---|
| بازرسائی | کسی چیز کے بارے میں معلومات یا رائے کا بیان |
| مواصلات | محض معلومات کو ایک جگہ، فرد یا گروہ سے دوسری جگہ منتقل کرنے کا عمل ہے۔ |
| تعاملات | تعامل وہ عمل ہے جو دو یا زیادہ لوگوں کے درمیان ہوتا ہے۔ |
| نقل و حرکت | حرکت پذیر ہونے کا معیار یا حرکت کرنے کی صلاحیت |
| متنوع | ایک دوسرے سے بہت مختلف اور متنوع ثقافتوں سے تعلق رکھنے والے مختلف قسم کے لوگ |
| موافقت پذیر | نئے حالات سے نمٹنے کے لیے خود کو تبدیل کرنے کے قابل۔ |
| مضمرات | کسی نتیجے کا اطلاق یا کسی تجویز کا ممکنہ اثر۔ |
| ترغیب | محرکاتی احوصلہ افزائی کا عمل۔ |
| استقلال | مستحکم ہونے کی حالت۔ |
| بازیابی | بحالی سے متعلق- جیسے صحت کی بحالی۔ |
| پزیرائی | تعریف کرنا یا ستائش کرنا۔ |
| اجارہ داری | مکمل قابو یا قبضہ کرنا۔ |
| اختراعات | ایک نیا خیال یا طریقہ۔ |

## 3.14 اکائی کے اختتام کی سرگرمیاں (Unit End Exercise)

معروضی جوابات کے حامل سوالات (Objective Answer Type Questions)

1. کمرہ جماعت کو مؤثر طریقے سے منظم کرنے کا بنیادی مقصد کیا ہے؟

(a) سیکھنے کا ایک مثبت اور سازگار ماحول بنانا۔ (b) ہر وقت سخت نظم و ضبط برقرار رکھنا ۔

(c) تادیبی اقدامات کے ذریعے طلبا کے رویے کو کنٹرول کرنا۔ (d) طلبا کے درمیان مقابلے کو فروغ دینا۔

2. کمرہ جماعت کے اصول بنانے میں بچوں کو شامل کرنا کیوں ضروری ہے؟

(a) سخت اصول وضوابط قائم کرنا۔ (b) بچوں کو ملکیت اور ذمہ داری کا احساس دلانا۔

(c) بالغوں کا اختیار اور کنٹرول مسلط کرنا (d) طلبا کی شرکت اور فیصلہ سازی کی حوصلہ شکنی کرنا۔

3. طالب علم کے مشکل رویے کو سنبھالنے کے لیے ایک مؤثر طریقہ کیا ہے؟

(a) رویے کو نظر انداز کرنا اور امید کرنا کہ یہ رک جائے گا۔ (b) بد سلوکی کو روکنے کے لیے جسمانی سزا کا استعمال۔

(c) بنیادی وجوہات کو سمجھنا اور ان کو مناسب طریقے سے حل کرنا۔ (d) مزید واقعات کی حوصلہ شکنی کے لیے طالب علم کو عوامی طور پر شرمندہ کرنا۔

4 . اساتذہ بچوں کو کمرہ جماعت میں سیٹل کرنے میں کس طرح مدد کر سکتے ہیں؟

(a) رکاوٹوں کو روکنے کے لیے انہیں اپنے ساتھیوں سے الگ تھلگ کرنا۔ (b) پر جوش اور خوش آئین ماحول فراہم کرنا۔

(c) ان کے خدشات اور پریشانیوں کو نظر انداز کرنا۔ (d) انہیں مصروف رکھنے کے لیے اضافی کام تفویض کرنا۔

5 . طالب علم کے رویے کو منظم کرنے میں مثبت رہنمائی کا مقصد کیا ہے؟

(a) سخت نظم و ضبط کے ذریعے طلبا کو کنٹرول کرنا۔ (b) طلبہ کے ساتھ بد سلوکی کے تمام واقعات کو ختم کرنا۔

(c) خود نظم و ضبط اور ذمہ دارانہ رویے کو فروغ دینا۔ (d) طلبا کے درمیان مقابلے کی حوصلہ افزائی کرنا۔

## مختصر جوابات کے حامل سوالات (Short Answer Type Questions)

1. کمرہ جماعت کو مؤثر طریقے سے منظم کرنے کے لیے کچھ اہم حکمت عملی کیا ہیں؟

2. کمرہ جماعت کے اصول بنانے کے عمل میں بچوں کو شامل کرنا کیوں ضروری ہے؟

3. اساتذہ کمرہ جماعت میں مشکل رویے کو کیسے حل اور ان کا انصرام کر سکتے ہیں؟

4. وہ کون سی عملی ہیں جو اساتذہ بچوں کو کمرہ جماعت میں سٹل میں مدد کرنے کے لیے استعمال کر سکتے ہیں؟

5. اساتذہ طلبا کے رویے کی مثبت اور معاون طریقے سے رہنمائی کیسے کر سکتے ہیں؟

6. استاد کمرہ جماعت میں طالب علم کو کس طرح مثبت رہنمائی فراہم کر سکتا ہے۔

7. سیکھنے کے موثر ماحول کو برقرار رکھنے میں نظم و ضبط کا کیا کردار ہے؟

8. طلبا کے ساتھ بات چیت کرتے وقت اساتذہ کے لیے واضح اور احترام والی زبان استعمال کرنا کیوں ضروری ہے؟

طویل جوابات کے حامل سوالات(Long Answer Type Questions)

1. کمرہ جماعت کو مؤثر طریقے سے منظم کرنے کے کلیدی عناصر پر تبصرہ کریں۔ وضاحت کریں کہ یہ عناصر سیکھنے کا ایک مثبت اور نتیجہ خیز ماحول بنانے میں کس طرح تعاون کرتے ہیں۔
2. کمرہ جماعت کے اصول بنانے میں بچوں کو شامل کرنے کے عمل کی وضاحت کریں۔ اس نقطہ نظر کے فوائد کی وضاحت کریں اور یہ کہ یہ طلبا کے درمیان ملکیت، ذمہ داری اور باہمی احترام کے احساس میں کس طرح تعاون کرتا ہے۔
3. ان اقدامات کی وضاحت کریں جو اساتذہ کمرہ جماعت میں مشکل رویے کو حل کرنے اور ان کو منظم کرنے کے لیے اٹھا سکتے ہیں۔ اس طرح کے رویے کی بنیادی وجوہات کو سمجھنے کی اہمیت پر تبادلہ خیال کریں اور مؤثر مداخلت کی حکمت عملیوں کی مثالیں فراہم کریں۔
4. ان چیلنجوں پر تبادلہ خیال کریں جن کا سامنا بچوں کو نئے کمرہ جماعت میں بسنے پر ہو سکتا ہے۔ ایسی حکمت عملی اور تکنیکیں فراہم کریں جن کا استعمال اساتذہ بچوں کو اپنے نئے سیکھنے کے ماحول میں خوش آمدید، آرام دہ اور مصروف محسوس کرنے میں مدد کرنے کے لیے کر سکتے ہیں۔
5. مثبت رویے کی رہنمائی کے تصور کو دریافت کریں۔ ان اصولوں اور تکنیکوں پر تبادلہ خیال کریں جنہیں اساتذہ مثبت اور معاون انداز میں طلبا کے رویے کی رہنمائی کے لیے استعمال کر سکتے ہیں۔

## 3.15 تجویز کردہ اکتسابی مواد(Suggested Learning Resources)


- Aggarwal, J.C. (2007). School management. New Delhi: Shipra Publications.
- Loomba, K., & Loomba, P. (2013). School management. New Delhi: Twenty first Century Publications.
- Kaushik, V.K. (2002). School administration & organization. New Delhi: Anmol Prakashan.
- Prasad, L.M. (2015). Principles and practice of management. New Delhi: Sultan Chand and Sons.
- Mohanti, J. (2002). Education administration, supervision and school management. New Delhi: Deep and Deep.
- Mohanty, J. (2007). Educational management, supervision and school organization. Hyderabad: Neelkamal Publications Pvt., Ltd.

- Kochhar, S. K. (2011). School administration and management. New Delhi: Sterling Publishers Pvt. Ltd.
- Vashit, S.R. (2002). Classroom and school administration. New Delhi: Anmol Prakashan

# اکائی 4۔ اکتسابی ماحول کا نظم

(Organizing the Learning Environment)

اکائی کے اجزا

4.0 تعارف (Introduction)

4.1 مقاصد (Objectives)

4.2 بیٹھک، مظاہرہ اور پرنٹ سے بھرپور ماحول (Seating, Displays and Print-Rich Environment)

4.2.1 بیٹھک (Seating)

4.2.2 پرنٹ کا مظاہرہ اور پرنٹ سے بھرپور اکتسابی ماحول

4.2.3 مظاہرہ و پرنٹ سے بھرپور اکتسابی ماحول کا معنی

4.2.4 مظاہرہ و پرنٹ سے بھرپور اکتسابی ماحول کا مقصد

4.2.5 مظاہرہ و پرنٹ سے بھرپور اکتسابی ماحول کی قسم

4.2.6 مظاہرہ و پرنٹ سے بھرپور اکتسابی ماحول کا اطلاق

4.3 اندرونی ماحول کو منظم کرنا، کمرہ جماعت میں متحرک اکتسابی جگہ بنانا

4.3.1 کمرہ جماعت میں متحرک لرننگ کارنر/گوشے بنانا

4.3.1.1 گوشہ برائے مطالعہ یا درجہ جماعت کتب خانہ (Study Corner)

4.3.1.2 گوشہ برائے تحریر (Writing Corner)

4.3.1.3 گوشہ برائے گروہی تجربات (Place for Group Experience)

4.3.1.4 آرام گاہ (Rest Area)

4.3.1.5 تنہائی کے لیے جگہ (Place for Privacy)

4.4 بیرونی ماحول، ساز و سامان اور مواد کو منظم کرنا

(Organizing the Outdoor Environment, Equipment and Materials)

4.4.1 بیرونی ماحول سے بچوں کو ہونے والے فائدے

4.4.2 اسکول واداروں میں بیرونی ماحول کے انتظام کا مقصد
4.4.3 اسکول کے بیرونی ماحول کو ڈیزائن کرتے وقت ذہن میں رکھنے کے نکات
4.4.4 بیرونی ماحول میں کھیلنے اور عملی سرگرمیوں کے لیے اشیاء
4.5 وقت اور دن کو منظم کرنا (Organizing Time and the day)
4.5.1 وقت اور دن کی تنظیم کیا ہے؟
4.5.2 وقت اور دن کی تنظیم کرتے ہوئے ذہن میں رکھے جانے والے نکات
4.5.3 اچھے نظام الاوقات کے فوائد
4.6 اکتسابی نتائج (Learning Outcomes)
4.7 فرہنگ (Glossary)
4.8 اکائی کے اختتام کی سرگرمیاں (Unit End Exercise)
4.9 تجویز کردہ اکتسابی مواد (Suggested Learning Resources)

## 4.0 تعارف (Introduction)

عزیز طلبہ! پچھلی اکائی میں آپ نے چھوٹے بچوں کے درجہ جماعت کا انتظام، نظم و نسق اور ساتھ ہی اساتذہ کے ذریعہ درجہ جماعت میں بولی جانے والی زبان کے معیار کے بارے میں معلومات حاصل کی۔ اب اس اکائی میں درجہ جماعت میں ابتدائی بچپن کے مرحلہ کے لیے سازگار و مناسب اکتسابی ماحول کی تشکیل کے بارے میں معلومات حاصل کریں گے۔ ابتدائی بچپن کی دیکھ بھال اور تعلیم یعنی ئی سی سی ئی ادارہ میں 3 سال سے 8 سال تک کے بچے شامل ہوتے ہیں۔ لہٰذا NEP2020 میں کہا گیا ہے کہ بچوں کی تدریسیات کھیل اور سرگرمی پر مبنی ہونا چاہیے انہیں 3Rs کے لیے رسمی تعلیم نہیں دینا چاہیے اور نا ہی ان کے لیے رسمی ماحول ہونا چاہیے۔ ECCE کا مجموعی مقصد جسمانی نشوونما، علمی نشوونما، سماجی و جذباتی نشوونما، اخلاقی نشوونما، ثقافتی/فنکارانہ، مواصلاتی اور ابتدائی زبان کے ساتھ ساتھ شماریاتی نشوونما کرنا ہے۔ یہ مقاصد بچوں کی دلچسپی اور سطح کے مطابق اکتسابی ماحول میں حاصل کیے جاسکتے ہیں۔ لہٰذا درجہ جماعت میں بچوں اور اکتسابی اشیاء کا ہونا ہی ضروری نہیں ہے بلکہ درجہ میں بچوں کو سرگرمی کے مطابق بیٹھانا اور تعلیمی مقاصد و سرگرمی کے مطابق اشیاء کی فراہمی و منظم کرنا اور ساتھ ہی اندرونی اور بیرونی دونوں قسم کے اکتسابی ماحول کا نظام الاوقات کے مطابق بھرپور استعمال کرنا بھی لازمی ہوتا ہے۔

## 4.1 مقاصد (Objectives)

اس اکائی کا مطالعہ کرنے کے بعد آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- بچوں کو درجہ جماعت میں مناسب طریقہ سے بیٹھانے کے طریقہ سے واقف ہو جائیں گے۔

- درجہ جماعت میں تدریس میں معاون اشیاء کے مظاہرے کرنے کے اہمیت وطریقوں کو بیان کر سکوں گے۔
- درجہ جماعت میں پرنٹ سے بھرپور اکتسابی ماحول کے معنی واہمیت کی وضاحت کر سکے گے۔
- اندرونی ماحول کو منظم کرنے کا معنی وطریقہ سے واقف ہو جائیں گے۔
- درجہ جماعت میں متحرک اکتسابی جگہ یعنی لرننگ کارنر کی اہمیت وانتظام میں ماہر ہو جائے گے۔
- بیرونی ماحول، آلات اور مواد کو منظم کرنے کی اہمیت وطریقہ سے واقف ہو جائیں گے۔
- وقت اور دن کو منظم کرنے کی اہمیت وطریقہ سے واقف ہو جائیں گے۔

## 4.2 بیٹھک، مظاہرہ اور پرنٹ سے بھرپور ماحول

## (Seating, Displays and Print-Rich Environment)

### 4.2.1 بیٹھک(Seating)

عزیز طلبہ ! یہاں لفظ بیٹھک کے دو مطلب نکلتے ہیں ایک یہ کہ بچوں کو کس طرح بیٹھانا ہے یعنی بچوں کو فرداً فرداً بیٹھانا ہے یا اجتماعی طور پر۔ اور دوسرے یہ کہ بچوں کو کس چیز پر بیٹھانا ہے جیسے بینچ پر، دری پر، کرسی پر یا تختہ پر، اور کہاں بیٹھانا ہے مثلاً درجہ جماعت کے اندر بیٹھانا ہے یا باہر بیٹھانا ہے۔

دنیا کا کوئی بھی کام ہو اسے کامیاب بنانے کے لیے مناسب منصوبہ بندی اور نظم ونسق کی ضرورت ہوتی ہے آپ اپنے کسی ٹرپ کو لے لیجئے اپنے دوستوں وہم عمر ساتھیوں کے ساتھ کہیں سیر وتفریح کے لیے جاتے ہیں تو اس تفریح سے زیادہ سے زیادہ مزہ لے نے کے لیے ولطف اندوز ہونے کے لیے آپ سبھی مناسب طریقہ اور خاص دوست کے ساتھ بیٹھتے ہیں جیسے مان لیجئے کہ آپ بس سے سفر کر رہے ہیں اور انتاکشری کھیلنا ہوتا ہے ایسے میں آپ گروپ میں بٹ جاتے ہیں اور گروپ میں سبھی اس طرح بیٹھتے ہیں کہ سبھی ایک دوسرے کو دیکھ سکیں تبھی کھیل میں مزہ آتا ہے اور آرام کرنے کے لیے سبھی اپنی اپنی سیٹ پر خاموشی سے بیٹھ جاتے ہیں اسی طرح درجہ جماعت کی تدریس و سرگرمیوں کو کامیاب بنانے کے لیے مقاصد کے اعتبار سے اکتسابی ماحول بنانا ہوتا ہے جس میں درس وتدریس کے لیے مناسب وضروری ساز وسامان رکھے جاتے ہیں اور ساتھ ہی سرگرمی کے اعتبار سے طلبہ کو بیٹھنے کا انتظام بھی کیا جاتا ہے۔ اکتسابی ماحول کی تشکیل میں سب سے پہلے بچوں کو مناسب طریقہ سے بیٹھانا شامل ہے درجہ جماعت میں داخل ہوتے ہی جو چیز اساتذہ کی توجہ اپنی طرف کھینچتی ہے وہ بچوں کا درجہ جماعت میں بیٹھنے کا انتظام ہے۔ چھوٹے بچے بہت چنچل ہوتے ہیں وہ دیر تک ایک جگہ نہیں بیٹھ سکتے ہیں اس لیے وہ بار بار اپنی جگہ سے اٹھتے رہتے ہیں چھوٹے چھوٹے بہانے لے کر اپنی سیٹ سے ہٹنا چاہتے رہتے ہیں۔ اس لیے چھوٹے بچوں کو بیٹھانے کے لیے مناسب انتظام وجگہ کا خاص خیال رکھنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ بچوں کو درجہ جماعت میں بیٹھانے کے لیے مندرجہ ذیل باتوں کو دھیان میں رکھنا چاہیے

1) بچوں کی سیٹ کی اونچائی اتنی ہونی چاہیے جس سے وہ بہ آسانی بنا کسی کی مدد کے خود ہی بیٹھ سکیں اور اتر سکیں۔

2) دو سیٹ سے زیادہ کو ایک دوسرے سے لگا کر نہیں رکھنا چاہیے کیوں کہ اگر سیٹ ایک دوسرے سے لگی رہے گی تو بچوں کو آنے جانے میں مشکل ہو گی۔ وہ آپس میں ایک دوسرے سے ٹکرائیں گے اور ایسی صورت میں ان میں لڑائی ہونے کا خطرہ رہتا ہے اور ساتھ ہی چوٹ لگنے اور گرنے کا بھی خطرہ رہتا ہے۔

3) بچوں کی سیٹ لوہے کی نہیں ہونی چاہیے کیوں کہ اگر بچے ٹکرائیں گے تو چوٹ زیادہ لگے گی۔ ساتھ ہی اس بات کا بھی خیال رکھنا چاہیے کہ سیٹ نکیلی نا ہو کوئی کیل نا نکلی ہو۔

4) بچوں کو بیٹھنے کے لیے نرم سیٹ کا انتظام ہونا چاہئے جیسے پلاسٹک کی کرسی اور ٹیبل رکھنا چاہئے۔

5) چھوٹے بچوں کو عمل کرنے و تجربہ کرنے میں دلچسپی ہوتی ہے اس لیے انہیں زمین پر بیٹھنے کے لیے نرم ملائم دری و فرش یا گلیچے کا انتظام ہونا چاہیے۔

6) سیٹ کو اس طرح سے رکھنا چاہئے جس سے بچوں کو اساتذہ تک اور درجہ جماعت میں ایک جگہ سے دوسری جگہ آنے جانے میں کوئی پریشانی نہ ہو۔

7) مختلف سرگرمیوں کو انجام دینے کے لیے مختلف طریقہ سے سیٹ رکھنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ لہٰذا سرگرمی کی مناسبت سے سیٹ رکھنا چاہئے۔

8) کمرہ جماعت میں سیٹوں کو اس طرح رکھیں کہ سبھی طلبہ کو آسانی سے بورڈ و اساتذہ نظر آئیں۔

کمرہ جماعت میں سیٹوں کو اس طرح رکھیں کہ اساتذہ آسانی سے سبھی طلبہ پر نظر رکھ سکیں۔

### 4.2.2 پرنٹ کا مظاہرہ اور پرنٹ سے بھرپور اکتسابی ماحول

ماہر نفسیات جین پیاجے نے انسان کی ذہنی نشو و نما کو چار زمروں میں تقسیم کیا ہے (1) 0- 2 سال کی عمر تک حسی و حرکی مرحلہ، (2) 2-7 سال کی عمر تک، ما قبل تفاعلی مرحلہ، (3) 7-12 سال کی عمر تک تفاعلی مرحلہ اور (4) 12- 18 سال کی عمر تک رسمی تفاعلی مرحلہ۔ اس طرح جین پیاجے کی اس زمرہ بندی سے ثابت ہوتا ہے کہ انسان کا ذہن یکا یک پیچیدہ عمل کے لیے تیار نہیں ہوتا ہے بلکہ اس کا ذہن رفتہ رفتہ و بتدریج نشو و نما کے مراحل طے کرتا ہوا پیچیدہ عمل کرنے کے قابل بنتا ہے اور انسان رفتہ رفتہ فلسفہ و نظریات جیسے مجرد تصورات و مضامین کو سمجھنے لگتا ہے۔ پہلے مرحلہ میں بچے اپنی حس و حرکت سے اپنے آس پاس کی چیزوں کے بارے میں معلومات حاصل کرتے ہیں اس کے بعد دوسرے مرحلے میں بچے مادّی تصورات و علامتوں کے ذریعہ معلومات حاصل کرتے ہیں۔ اس طرح سے معلوم ہوتا ہے کہ چھوٹے بچوں کے سیکھنے کا طریقہ بڑے بچوں سے بلکل مختلف ہوتا ہے۔ بچے رنگین تصویروں کی طرف متوجہ ہوتے ہیں۔ ابتدائی جماعتوں میں بچے علامتوں و تصویروں سے سیکھتے ہیں۔ وہ حروف و نمبر کی پہچان رنگ برنگی تصویروں سے کرتے ہیں اس لیے ان کی کتاب تصویروں کے البم کے جیسی ہوتی ہیں۔ بچے بہت ذوق و شوق سے ان تصویروں کو دیکھتے ہیں اور بہت خوش ہو کر پڑھائے جانے والے حروف کو دہراتے ہیں اور سیکھتے ہیں۔ وہ راست تجربہ و مشاہدہ سے علم حاصل کرتے ہیں اس لیے ابتدائی خواندگی کے فروغ کے لیے پرنٹ سے بھرپور اکتسابی ماحول بہت اہم ہے۔

### 4.2.3 مظاہرہ وپرنٹ سے بھرپور اکتسابی ماحول کا معنی

عزیز طلبہ ! پرنٹ سے بھرپور اکتسابی ماحول میں درس وتدریس میں معاون پرنٹ کی ہوئی اشیاء کی بہتات ہوتی ہے۔ جن کا مظاہرہ درجہ جماعت کی دیواروں پر چسپہ کر کے کیا جاتا ہے پرنٹ سے بھرپور اکتسابی ماحول صرف مختلف پرنٹ کو درجہ جماعت میں چسپاں کر دینا نہیں ہے بلکہ پرنٹ سے بھرپور ماحول کے تحت پڑھنے کا ماحول بنانے کے لیے کتب خانہ بنانا، بچوں میں لکھنے کا رجحان فروغ دینے کے لیے تحریری مرکز کی تشکیل کرنا، اور ساتھ ہی معلومات، علم و تفہیم کو فروغ دینے کے لیے متن و خانگی مرکز کی تشکیل کرنا شامل ہے۔ کتب خانہ، تحریری مرکز، اور متن و خانگی ماحول میں پرنٹ کی ہوئی یا ہاتھ سے لکھی گئی اشیاء کو دیواروں پر لگا دیا جاتا ہے اور لیبل کے ذریعہ ہر ایک شئے کی نشاندہی کی جاتی ہے اسے ہی پرنٹ سے بھرپور اکتسابی ماحول کہتے ہیں۔

### 4.2.4 مظاہرہ وپرنٹ سے بھرپور اکتسابی ماحول کا مقصد

پرنٹ کو درجہ جماعت میں لگا کر اس کا مظاہرہ کر دینا ہی کافی نہیں ہوتا ہے بلکہ درس وتدریس کے عمل میں اسے استعمال میں لانا بھی ضروری ہوتا ہے دوسرے الفاظ میں کہا جا سکتا ہے کہ اگر درس وتدریسی عمل میں پرنٹ کا استعمال نہ کیا جائے تو اسے کمرہ جماعت میں لگانے کا مقصد پورا نہیں ہوتا ہے اس طرح صاف ظاہر ہوتا ہے کہ پرنٹ کو سبق کی مناسبت سے لگانا ہوتا ہے اور سبق بدلنے کے ساتھ ساتھ پرنٹ بھی بدلتے رہنا ہوتا ہے۔ پرنٹ سے بھرپور اکتسابی ماحول میں پرنٹ کمرہ جماعت کو صرف سجانے کا کام نہیں کرتے بلکہ درس وتدریسی عمل میں ان کا اطلاق کیا جاتا ہے۔ یہ ماحول کو دلچسپ بنانے کے ساتھ ساتھ بچوں کے اکتساب کو آسان بناتا ہے۔






### 4.2.5 مظاہرہ وپرنٹ سے بھرپور اکتسابی ماحول کی قسم

مندرجہ ذیل قسم کے پرنٹ کمرہ جماعت میں لگائے جاتے ہیں۔۔۔

1) اشیاء اور جگہ کی نشاندہی کرنے والے پرنٹ

2) بچوں کو کام کی یاد دلانے والے پرنٹ

3) بچوں کو اطلاع دینے والے پرنٹ

4) تصویر فرہنگ چارٹ
5) عمل کے اقدام کی وضاحت کرنے والے چارٹ
6) بچوں کا ردعمل ظاہر کرنے والے چارٹ
7) ذمہ داری شیٹ
8) سروے چارٹ
9) زبان کے تجربہ کا چارٹ

### 4.2.6 مظاہرہ وپرنٹ سے بھرپور اکتسابی ماحول کا اطلاق

پرنٹ سے بھرپور اکتسابی ماحول میں بچوں میں سیکھنے کے رجحان کا فروغ ہوتا ہے۔ جب استاد بچوں کو پڑھائے تب اسے چاہئے کہ اپنے ہاتھ یا پوائنٹر سے دیوار پر لگی مناسب تصویروں کی طرف اشارہ کرتے ہوئے پڑھائے جیسے مختلف جانوروں کے بارے میں بتانا ہو تو ایک ایسی تصویر بچوں کے سامنے دیوار پر لگائے جس میں ایک پیڑ پر رنگ برنگی چڑیاں، اور دوسرے جانور جیسے گلہری بندر بیٹھے ہوں اور پیڑ کے نیچے چوپائے جیسے بکری، بھیڑ، کتا، ہاتھی اور شیر وغیرہ کھڑے ہوئے ہوں اور پاس کے ایک تالاب یا ندی میں مگرمچھ، مچھلی اور کچھوئے کو دکھایا جائے استاد اپنے ہاتھ یا پوائنٹر سے ان جانوروں کی طرف اشارہ کرکے ان کا نام اور ساتھ ہی کون سا جانور کہاں ہے؛ بچوں سے پوچھے تو اس طرح بچے دلچسپی سے پڑھتے ہیں اور ان میں سیکھنے کے رجحان کا فروغ ہوتا ہے اور ساتھ ہی پرنٹ سے بھرپور اکتسابی ماحول کا مقصد پورا ہوتا ہے۔ پرنٹ سے بھرپور اکتسابی ماحول کا مقصد صرف پرنٹ چسپاں کرکے مختلف قسم کے ماحول کی تشکیل کرنا نہیں ہے بلکہ درس وتدریسی عمل اور بچوں کو سکھانے و سیکھنے کے لیے ان کو استعمال بھی کرنا ضروری ہے۔ اساتذہ کو چاہیے کہ بچوں کو اسکول میں پرنٹ سے بھرپور ماحول مہیا کریں جس سے ان کے سیکھنے کی رفتار مناسب و تیز ہو سکے۔

درجہ جماعت میں چاروں طرف مختلف قسم کے پرنٹ اس طرح لگانا چاہئے کہ بچے آسانی سے دیکھ سکیں اور پڑھ سکیں۔ تیار پرنٹ کے ساتھ ساتھ بچوں کے ذریعہ بنائے گئے پرنٹ بھی دیواروں پر اسی طرح لگائیں جس طرح تیار شدہ پرنٹ لگایا گیا ہو۔ بچوں کو اکتساب کے لیے پرنٹ کا اطلاق بھی بتائیں اور انہیں خود اکتساب میں استعمال کرنے کے لیے محرک کریں۔ روزانہ درجہ جماعت میں ایسے عمل کا اہتمام کریں جس میں پرنٹ کا استعمال ہو۔ ایسا کرنے سے بچوں میں خوداعتمادی کا فروغ ہوتا ہے اور بچے سیکھنے میں دلچسپی بھی لیتے ہیں۔

کثیر زبان والی درجہ جماعت میں بچوں کو نئی زبان سیکھنے میں پرنٹ کا استعمال بہت ہی کارگر ثابت ہوتا ہے۔ اور ساتھ ہی ساتھ اساتذہ کی تدریس کو آسان بناتا ہے۔

| اپنی معلومات کی جانچ(Check your progress) |
| --- |
| **سوال:** لفظ 'بیٹھک' کتنے معنی میں استعمال ہوا ہے ؟ مناسب مثالوں سے واضح کریں۔<br>________________________________________ |

## 4.3 اندرونی ماحول کو منظم کرنا، کمرہ جماعت میں متحرک اکتسابی جگہ بنانا

عزیز طلبہ ! اندرونی ماحول سے مراد اسکول یا ادارہ کے اندر کا ماحول ہے جو بچوں کے اکتساب اور اس کی شخصیت کو براہ راست متاثر کرتا ہے اس لیے اسکول بچوں کا دوسرا گھر کہلاتا ہے۔ یہ ماحول محفوظ، خوشگوار اور پر سکون ہوتا ہے اور ساتھ ہی ساتھ اسکول کے اندر مختلف سر گرمیوں کو انجام دینے کے لیے جیسے پڑھنے ، لکھنے ، کھیلنے ، آرام کرنے ، کھانے اور سونے کے لیے مناسب جگہ کی نشاندہی کی جاتی ہے۔

اندرونی ماحول میں جگہ کی منصوبہ بندی بہت محتاط ہو کر کرنا ہوتا ہے کیوں کہ اسے بچوں کی بدلتی ہوئی ضروریات و دلچسپی کے مطابق تبدیل کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ اعلیٰ معیار کے درس وتدریسی اشیا کا استعمال کیا جانا چاہیے۔ کتابیں ایسی ہونی چاہئے جو دلچسپ، پر کشش اور ظاہری و باطنی خوبصورتی کے ساتھ ساتھ پائے دار بھی ہوں۔ چھوٹے چھوٹے وسائل جیسے عمارت بنانے کے لیے بلاکس، نشان لگانے کے لیے چاک وپینسل اور دیگر چھوٹی اشیا کھیلنے کے لیے کاریں و گڑیا وغیرہ نیچی و کھلی شیلف میں رکھنا ہوتا ہے تاکہ بچے خود ان اشیا کو لے سکیں اور واپس رکھ سکیں۔

بچوں کے اکتساب کی جگہ کا اندرونی ماحول مواصلات کے اعتبار سے معیاری ہونا چاہیے اس سے مراد بچوں کے آس پاس رہنے والوں، ان سے ملنے جلنے والوں ان سے تعامل کرنے والوں اور اساتذہ کرام کی زبان معیاری ہونا چاہیے۔ انہیں چاہئے کہ بات کرنے کے دوران اچھے اچھے الفاظ کا استعمال کریں۔ مبہم و غیر مناسب الفاظ و جملوں کے استعمال سے گریز کریں کیوں کہ یہی وہ مرحلہ ہوتا ہے جب بچے زبان بہت تیزی سے سیکھتے ہیں۔ لہٰذا بچوں کے سیکھنے کے اندرونی ماحول کو مواصلات کے اعتبار سے معیاری ہونا چاہئے جیسے کمرہ جماعت کا ماحول، کھیل کے میدان کا ماحول، کتب خانے کا ماحول وغیرہ۔

### 4.3.1 کمرہ جماعت میں متحرک لرننگ کارنر/ گوشے بنانا

عزیز طلبہ ! جیسا کہ ہم نے دیکھا کہ اسکول و ادارے کا اندرونی ماحول بچے کو راست طور پر متاثر کرتا ہے لہٰذا اسے بہتر اکتساب و بچوں کی شخصیت کی تمام خصوصیات کی زیادہ سے زیادہ فروغ دینے کے لیے منظم کرنے کی ضرورت اور ضروری ساز و سامان کی فراوانی کی ضرورت ہوتی ہے۔ سامان کو مہیا کرانے کے ساتھ ساتھ ضرورت کی مناسبت سے اسے سلیقے سے و منظم طریقہ سے رکھنے کی بھی ضرورت ہوتی ہے۔ اس کے لیے کمرہ جماعت کی جگہ کو ایک منظم طریقہ سے مختلف حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے، جیسے گوشہ برائے مطالعہ ، گوشہ برائے تحریر، گوشہ برائے طلبا کی آرام گاہ، ذاتی سامان رکھنے کی جگہ اور مشترکہ سامان رکھنے کی جگہوں وغیرہ۔

https://www.youtube.com/watch?app=desktop&v=U6xdeGerqzo




یہ گوشے اور جگہ جو بچوں کو عمل کرنے کے لیے متحرک کرتے ہیں اسے ہی متحرک لرننگ کارنر کہا جاتا ہے۔ کچھ متحرک لرننگ کارنر جیسے گوشہ برائے مطالعہ، گوشہ برائے تحریر، گوشہ برائے گروہی تجربات، گوشہ برئے طلبا کی آرام گاہ اور گوشہ برائے تنہائی کا ذکر مندرجہ ذیل میں کیا جارہا ہے:

### 4.3.1.1 گوشہ برائے مطالعہ یا درجہ جماعت کتب خانہ(Study Corner)

ایک درجہ جماعت کتب خانہ یا مطالعہ کی جگہ پر بچوں کے لیے مناسب کتابیں رکھی جاتی ہیں جسے بچے خود بغیر کسی کی مدد کے پڑھ سکیں۔ کتابوں کو اس طرح رکھنے کی ضرورت ہوتی ہے کہ سبھی کتابیں بچوں کو آسانی سے نظر آئے اگر ممکن ہو تو کھلی اور نیچی شیلف میں اور ٹیبل پر رکھیں۔ کتابوں کمرے جماعت میں کسی تار یا رسی کے ذریعے بھی لٹکا کر کیا جا سکتا ہے۔ لیکن اس بات کا خیال رکھنا ہوتا ہے کہ رسی سے بچے خود ہی کتابوں کو لے سکیں اور واپس لٹکا سکیں۔ بچوں کی کتابیں خوبصورت ہونے کے ساتھ ساتھ پائیدار بھی ہونا ضروری ہے۔ مختلف موضوع سے متعلق کتابیں جیسے کہانی کی کتاب افسانے، نظم، گیت حرف تہجی، بنا حروف کی تصویروں کی کتابیں، عملی کتابیں، بچوں کے رسالے، حوالہ جاتی کتابیں جیسے بچوں کی لغت اور اٹلس وغیرہ کتابوں کو مناسب زمرہ بندی کرکے رکھنا ہوتا ہے اور ساتھ ہی موضوع کے لحاظ سے لیبل بھی لگانا لازمی ہوتا ہے۔ کتابیں بچوں کی مادری زبان اور اسکول میں پڑھائی جانے والی زبان دونوں میں رکھی جاتی ہیں۔ پڑھنے۔لکھنے میں کام آنے والے بنیادی سامان جیسے کاغذ پینسل، ربر، رنگ اور کٹر کو بھی مناسب انداز و مناسب جگہ پر رکھنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ بچوں کو بیٹھنے کے لیے مناسب جگہ و مناسب سامان جیسے دری، چٹائی، بینچ، ٹیبل اور کرسی کا انتظام ہونا چاہیے۔ ان کی ساخت اور بناوٹ اس طرح ہو کہ آسانی سے ہلایا اور اس کی مناسب تنظیم کی جا سکے۔ کمرے جماعت میں ان کی ترتیب انفرادی مطالعہ یا اگر گروہی سرگرمی ہے تو اس کی مناسبت سے طلبا کو بٹھا سکیں۔

https://in.pinterest.com/pin/448249587838226500/




- **گوشہ برائے مطالعہ میں کروائی جانے والی سرگرمیاں:**

عزیز طلبہ! مطالعہ کی جگہ پر بچوں سے مندرجہ ذیل سرگرمیاں کروائی جاتی ہیں۔۔

زبانی کہانی سنانااور بلند خوانی کرانا(2)ساتھ ساتھ پڑھنا(3) کہانی کو دہرانا(4) سبق پر مبنی سرگرمیوں (ڈرامے، پہیلیاں، کردار کی ادائیگی اور مکالمہ دہراناو کہنا) کوانجام دینا۔

## 4.3.1.2 گوشہ برائے تحریر(Writing Corner)

مطالعہ کی جگہ کے فوراً بعد کی جگہ کو تحریری سرگرمیوں کے لیے مختص کیا جاسکتا ہے۔ یہ وہ جگہ ہوتی ہے جہاں بچے مختلف اقسام کی اشیاءاور ذرائع کا استعمال کرکے پرنٹ کے مظاہرے کے لیے لکھنے، خاکہ بنانے، کاٹنے اور چسپاں کرنے کا کام انجام دیتے ہیں۔ بچوں کی یہ جگہ برائے تحریر کے لیے مناسب ضروری اشیاء جیسے پینسل (سادی اور رنگین)، اسکیچ پینس، کریانس، مختلف اقسام کے رنگ، پینٹ، ربر اور کٹر مہیا کرناہوتا ہے۔اس کے ساتھ ہی کاغذ، شیٹ، خط والے، بناخط والے، مختلف سائزاور رنگ کے چارٹ پیپر اور نوٹ پیڈ، نوٹ بک کاانتظام کرناہوتا ہے۔ کاغذ کو چپکانے، لگانے وجوڑنے کے لیے پنچ و گوند بھی ضروری سامان ہیں۔ سلیٹ، اگر تحریری جگہ کی دیوار کے نچلے حصہ کو سیاہ رنگ سے پینٹ کرکے سلیٹ بنایا گیا ہو تو بچے اسے سلیٹ کی جگہ استعمال کرتے ہیں۔ مختلف جانوروں، اعداد، اشکال وغیرہ کے ٹھپہ کا بھی انتظام کرنامناسب ہوتا ہے کیوں کہ بچے رنگوں کا استعمال کر مختلف جانوروں، اعداد، اشکال کو بنانے میں دلچسپی لیتے ہیں اور لطف اندوز ہوتے ہیں۔ بچوں کی تخلیقات کا مظاہرہ کرنے کے لیے دیوار پر کھونٹے (ہو کس)، دھاگے یاتار بھی لگاناہوتا ہے۔ بچوں کو بیٹھ کر کام کرنے کے لیے ان کے قد کے مناسبت سے والا بڑا ٹیبل، کرسیاں اور نرم دری وفرش یاغالیچہ رکھناہوتا ہے۔

https://www.pinterest.com.au/pin/322500023293557089/




- **تحریر پر مبنی سر گرمیاں**

عزیز طلبہ! تحریر کی جگہ پر بچوں کو مندرجہ ذیل قسم کی تحریری سر گرمیاں کرنا ہوتا ہے:

ہدایتی تحریر(2)آزاد تحریر،(3)چاک ٹاسک،(4)رنگ بھرنا،اور(5)خاکہ وتصویریں بنانا۔

### 4.3.1.3 گوشہ برائے گروہی تجربات(Place for Group Experience)

بچوں میں سماجی خصوصیات کو فروغ دینے کے لیے گروہی تجربہ بہت ہی کارآمد سر گرمی ہے بچوں کو روزانہ 5-10 منٹ گروہی تجربات میں شامل کرنا بہتر مانا جاتا ہے گروہی تجربات جیسے ایک بچہ اگر کود رہا ہے تو سبھی سے کودنے کے لیے کہنا اور سبھی کو ایک ساتھ حرکات و سکنات کے ساتھ نظم، نغمیں سکھانا وغیرہ۔اس کے لیے کشادہ جگہ پر دری، میز کرسی کو اس طرح رکھا جاتا ہے کہ بچے آسانی سے بیٹھ سکیں اور سبھی ایک دوسرے کے آمنے سامنے رہیں۔

### 4.3.1.4 آرام گاہ(Rest Area)

بچے وقتاً فوقتاً سونے کے عادی ہوتے ہیں، سونا انکی ضرورت بھی ہوتی ہے اس لیے کمرہ جماعت میں ایک طرف سونے کے لیے بھی جگہ بنانا ہوتا ہے جس کے لیے نرم ملائم بستر، تکیہ، کوشن ولحاف کا ہونا ضروری ہوتا ہے۔اگر بنک بیڈ ہو تو زیادہ مناسب ہے کیونکہ یہاں دو یا سو سے زیادہ بچوں کو بہ آسانی سلانا ممکن ہوتا ہے

### 4.3.1.5 تنہائی کے لیے جگہ(Place for Privacy)

چھوٹے بچے ابھی بھی اپنے جذبات کو کنٹرول کرنے اور خود کو پر سکون کرنے کی صلاحیت پیدا کر رہے ہوتے ہیں۔بچوں کو گروپ سے وقفہ لینے کے لیے پر سکون جگہ فراہم کرنا ضروری ہوتا ہے۔سونے کی جگہ کو ہی تنہائی فراہم کرنے کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔

https://www.msejkr.top/products.aspx?cname=kids+dramatic+play&cid=9




اپنی معلومات کی جانچ(heck your ProgressC)

سوال: کمرہ جماعت میں کون کون سے لرننگ کارنر بنانا چاہیے؟

______________________________________________

______________________________________________

## 4.4 بیرونی ماحول، سازوسامان اور مواد کو منظم کرنا

## (Organizing the Outdoor Environment, Equipment and Materials)

بچوں کا ماحول اس کا تیسرا استاد کہلاتا ہے۔ بیرونی ماحول سے مراد بچوں کے اسکول و ادارے کے باہر کا ماحول ہے۔ بچے باہر کھیلنا پسند کرتے ہیں اور فطرت ان کی جذباتی اور جسمانی نشوونما میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ جب بچے باہر ہوتے ہیں تو باہر نکلنے، شور مچانے اور بہت زیادہ توانائی کا استعمال کرنے کے لیے آزاد ہوتے ہیں۔ اور ساتھ ہی باہر بچے کھلے آسمان کے نیچے بہت خوش ہوتے ہیں اور آزادی محسوس کرتے ہیں۔ اپنے ہم عمر ساتھیوں کے ساتھ گروہی و ہنگامی کھیل کھیلتے ہیں جس سے ان کی حرکیاتی نشوونما کا فروغ ہوتا ہے۔ اور وہ سماجی مسائل سے واقف ہوتے ہیں اور انہیں حل کرنا سیکھتے ہیں۔ بچوں میں اپنے ماحول کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کا تجسس رہتا ہے اپنی اسی خوبی کی وجہ سے ماحول کی جتنی بھی چیزیں ان کے تعامل میں آتی ہیں سبھی کو ہر ممکن طریقہ سے جاننے کی کوشش کرتے ہیں اس لیے بچوں کو اکثر جانوروں کو چھوتے، پکڑتے اور ان کے ساتھ کھیلتے ہوئے دیکھا جاتا ہے۔ پیڑ-پودوں کو چھونا دیکھنا، پتیوں و پھولوں کو توڑنا اور رنگ برنگی تتلیوں کے پیچھے بھاگنا اور انہیں پکڑنے کی کوشش کرنا ان کا خاص عمل ہوتا ہے۔ مختلف جانوروں کی آوازیں نکالنا۔ الگ الگ طرح کے لوگوں سے ملنے، جلنے کے

طریقے سیکھنا۔ اگر یوں کہیں تو مبالغہ نہ ہوگا کہ بچہ باہر کے ماحول سے اتنا سیکھ لیتا ہے کہ وہ بنا رسمی تعلیم حاصل کیے بھی ایک اچھی زندگی گزار سکتا ہے۔

https://www.worldpackers.com/positions/15610https://www.worldpackers.com/positions/1561

**https://in.pinterest.com/sharonm5775/headhttps://www.dpscity.com/newsevent/field-trips**



## 4.4.1 بیرونی ماحول سے بچوں کو ہونے والے فائدے

باہر کے ماحول سے بچوں کو مندرجہ ذیل فائدے ہوتے ہیں:

1) بچے جسمانی اعتبار سے صحت مند رہتے ہیں۔

2) بچوں کی حرکی مہارت کو فروغ پانے کے بے شمار مواقع ملتے ہیں۔

3) بچے نفسیاتی پریشانیوں جیسے تناؤ و دباؤ سے آزاد رہتے ہیں۔

4) بصارت کے ذریعہ ہاتھ یا جسم کی حرکت کو کنٹرول کرنے کی صلاحیت کا فروغ ہوتا ہے۔

5) زیادہ سے زیادہ تخلیقی صلاحیت کا فروغ ہوتا ہے۔

6) اعلیٰ زبانی اور سماجی مہارت کی نشوونما ہوتی ہے۔

7) سورج کی روشنی کے ذریعے وٹامن ڈی کی حصولیابی (ہڈیوں کی صحت کے لیے ایک ضروری وٹامن) سے ہڈیاں مضبوط ہوتی ہیں۔

توجہ مرکوز کرنے کی صلاحیت اور علمی صلاحیتوں میں اضافہ ہوتا ہے۔

## 4.4.2 اسکول واداروں میں بیرونی ماحول کے انتظام کا مقصد

اسکول واداروں میں بیرونی ماحول کا مقصد بچوں کو متحرک رہنے کی ترغیب دینا، انہیں اندرونی ماحول سے باہر نکال کر کھلی ہوا میں سانس لینے اور آزادی کا احساس کرانا، اور مختلف ماحول میں سیکھنے میں مدد دینا ہے۔ اندرونی تعلیمی ماحول کی طرح، آپ کی بیرونی جگہ محفوظ اور منظم ہوتی ہے اور اس میں منصوبہ بند سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ فارغ وقت میں بھی بچوں کو بیرونی ماحول کی سرگرمیوں و کھیلوں میں شامل کرنا چاہیے۔

اسکولوں واداروں میں بچوں کی عمر کی مناسبت سے کھیل کے میدان کا ہونا ضروری ہوتا ہے اگر اسکول کے لیے ممکن نہیں ہے کہ وہ کھلا کھیل کے میدان کا انتظام کر سکے ایسی صورت میں وہ آس پاس کے عوامی جگہ پارک، اسٹیڈیم و کھلے میدان کا استعمال کر سکتا ہے۔

کونسل آن ایکریڈیٹیشن نے اسکول کے بعد اور نوجوانوں کی ترقی کے آؤٹ ڈور ماحول کے لیے مندرجہ ذیل معیارات تجویز کیے ہیں:

1) بیرونی جگہ مختلف قسم کی سرگرمیوں، فعال اور پرسکون کے لیے موزوں ہونی چاہیے۔

2) بیرونی سرگرمیوں میں حصہ لینے کے باقاعدہ مواقع دینا چاہیے (پروگرام میں ہر تین گھنٹے کے بلاک میں سے کم از کم 30 منٹ)۔

3) بچوں کی عمر کے لحاظ سے مختلف قسم کے بیرونی آلات اور گیمز مہیا کرنا چاہیے جیسے 3 سال سے لے کر 8 سال تک کے بچوں کے لیے جھولا، سلائڈر، ہنڈولا، اور چھوٹی بڑی گیند وغیرہ۔

کوئی بھی مستقل سامان پروگرام میں بچوں اور نوجوانوں کی عمروں، سائز اور صلاحیتوں کے لیے موزوں ہونا چاہیے۔

## 4.4.3 اسکول کے بیرونی ماحول کو ڈیزائن کرتے وقت ذہن میں رکھنے کے نکات

اسکول کے بیرونی ماحول کو ڈیزائن کرتے وقت، درج ذیل نکات پر غور کرنا ضروری ہے:

1) ئی سی سی ئی پروگرام میں بچوں کو کھیلنے کے لیے مناسب جگہ گھاس کا میدان یا بچھی ہوئی ریت کا میدان کا ہونا لازمی ہے۔

2) محفوظ جگہ جو سایہ اور موسم سے تحفظ فراہم کرتی ہے۔

3) آس پاس میں پینے کے پانی کا انتظام ہونا لازمی ہے۔

4) کتوں اور بلیوں کو کھیل کے میدان میں جانے سے روکنا چاہیے، اور اجنبیوں کا داخلہ ممنوع کرنا چاہیے۔

5) قریب میں ایک بیت الخلاء کا ہونا بھی ضروری ہے۔

6) اندرونی جگہ تک آسان رسائی (خراب موسم کی صورت میں) ہونا چاہیے۔

7) بیرونی کھیل کے سامان کے لیے قابل رسائی اسٹور یج کا انتظام ہونا چاہیے۔

8) نمایاں طور پر مختلف عمروں کے بچوں کو ایک ہی وقت میں ایک ہی جگہ پر نہیں کھیلنا چاہیئے کیوں کہ بڑے بچے جب باہر کھیلتے ہیں تو کافی شوخ ہو جاتے ہیں۔

بچوں کی نگرانی کے لیے مناسب تعداد میں نگران ہونے چاہیے جو ان کے ساتھ بات چیت کریں۔ نگران کا بچوں کے ساتھ کھیلنا اور ان کے خیالات کا احترام کرنا ان کی سماجی اور علمی فروغ میں مددگار ہوتا ہے۔ اگر ممکن ہو تو مختلف قسم کے کھیل اور سرگرمیوں کے انعقاد کے لیے مختلف قسم کے فرش کا انتظام کرنا چاہیے۔ اس کے لیے مندرجہ ذیل مشورہ پر عمل کرنا مناسب ہوگا۔

1) محفوظ فرش - چڑھنے کے فریم، سلائیڈیں اور بائک وغیرہ کے ساتھ کھیلنے کے لیے۔
2) سڑک نما پٹی – مختلف قسم کی گاڑیوں جیسے پرام کو چلانے و کھینچنے کے لیے۔
3) گھاس - گیند کے کھیل، آرام، خیمے / پلے سرنگیں، بیلنس بیم کے لیے۔
4) باغ - کیڑے تلاش کرنے، پودے لگانے کے لیے۔

https://www.google.com/search?q=outdoorgames+and+activities+for+ECCE+in+india&tbm=isch&ved=



### 4.4.4 بیرونی ماحول میں کھیلنے اور عملی سرگرمیوں کے لیے اشیاء

| **اپنی معلومات کی جانچ (Check your progress)** |
| --- |
| **سوال:** ۔بیرونی ماحول کو منظم کرنے کے کیا فوائد ہیں؟ ________________ ________________ |

## 4.5 وقت اور دن کو منظم کرنا (Organizing Time and the day)

جب آپ بچپن کی نگہداشت اور تعلیمی ادارے میں کام کرتے ہیں تو معلوم ہوتا ہے کہ جتنا کام اور جتنی سرگرمی آپ کو خود انجام دینا ہے اور بچوں سے کروانا ہے وہ تمام کو انجام دینا ایک دن میں ممکن نہیں ہے اور بچوں کو دیر تک کسی ایک سرگرمی میں مشغول نہیں رکھا جا سکتا ہے ان کے اندرونی ماحول کی سرگرمیوں اور بیرونی ماحول کی سرگرمیوں کے درمیان توازن بنائے رکھنا ان کی جسمانی و ذہنی صحت کے لیے ضروری ہے اس کے ساتھ ہی ان کے کھانے وسونے کے لیے مناسب وقفہ کا ہونا بھی لازمی ہے لہٰذا وقت اور دن کی تنظیم کرکے ہی سبھی سرگرمیوں کو مناسب وقت پر آسانی سے و شائستگی سے انجام دیا جا سکتا ہے۔




## 4.5.1 وقت اور دن کی تنظیم کیا ہے؟

وقت اور دن کی تنظیم مخصوص سر گرمیوں، کاموں کو کرنے کے لیے اپنے وقت کو مؤثر طریقے سے منصوبہ بندی اور منظم کرنے کا عمل ہے۔ وقت کی تنظیم کرنے سے زیادہ سے زیادہ کار کردگی اور کامیابی حاصل کی جاسکتی ہے۔ ٹائم مینیجمنٹ ہی بچوں کی متوازن و کامل نشو و نما کی کنجی ہے۔

دن کی تنظیم کرنے سے پہلے ایک ہفتہ میں کام کے لیے کتنا دن متعین ہے اس کو سامنے رکھنا ہوتا ہے کیوں کہ کسی کسی ادارے میں یہ دن پیر پیر سے سنیچر تک یعنی 6 دن ہوتا ہے جبکہ کہیں یہ دن ساموار سے جمعہ تک یعنی پانچ دن ہو سکتا ہے کچھ عمل اور سر گرمیاں ایسی ہوتی ہیں جو بچوں سے کروانا ضروری ہوتی ہیں، لیکن انہیں روزانہ عمل میں لانے کی ضرورت نہیں ہوتی جیسے ریت و مٹی سے کھیلنا، پودے لگانا، فٹ بال اور کرکٹ کھیلنا ان سبھی کو ایک دن میں نہیں کھلایا جاسکتا ہے۔ ایسا نہ تو وقت کے اعتبار سے ممکن ہے اور نا ہی بچوں کی جسمانی صحت کے اعتبار سے مناسب ہے۔ اس لیے اس طرح کے کھیل و سر گرمیوں کو ہفتہ کے الگ الگ دن انجام دیا جاسکتا ہے۔

لیب کے وقت میں روزانہ الگ الگ مضمون کی لیب میں لے جانا مناسب ہوتا ہے جس سے بچے سبھی مضمون کا تجربہ کر سکیں۔ اسی طرح کتب خانہ میں الگ الگ دن مختلف مضامین کی کتابیں رکھنے کا اہتمام کرنا مناسب ہوتا ہے۔

## 4.5.2 وقت اور دن کی تنظیم کرتے ہوئے ذہن میں رکھے جانے والے نکات

وقت اور دن کی تنظیم کرتے ہوئے مندرجہ ذیل باتوں کو ذہن میں رکھنا ضروری ہے:

1) بچوں کو پڑھائے جانے والے تمام مضامین و نکات کی فہرست۔
2) بچوں سے کرائی جانے والی سبھی عمل و سر گرمیوں کی فہرست۔
3) کام کا وقت (ایک دن میں کتنے گھنٹے کام کرنا ہے۔)
4) ایک ہفتہ میں کام کا دن (ایک ہفتہ میں 5 دن کام کرنا ہے یا 6 دن)
5) ادارے میں دستیاب وسائل کی فہرست
6) ادارے میں موجود جگہ کی مناسبت۔
7) موسم
8) بچوں کے لیے مناسب فری ٹائم

9) بچوں کے لیے مناسب ناشتہ و کھانے کے اوقات

بچوں کے لیے سونے و آرام کا مناسب و موزوں وقت۔

### 4.5.3 اچھے نظام الاوقات کے فوائد

جب آپ اپنے چائلڈ کیئر سنٹر میں وقت کی اچھی تنظیم کرتے ہیں، تو آپ اپنے لیے بہت سارے فوائد کے دروازے کھول دیتے ہیں جو بالآخر آپ کے کام کو آسان بنانے میں مدد کرتے ہیں۔ وقت کی اچھی تنظیم کے چند فوائد درج ذیل ہیں:

1) مقاصد کی حصولیابی اور کارکردگی کا فروغ،

2) کام کی جگہ کے اندر اور باہر تناؤ کو کم کرنا،

3) ایک بہتر پیشہ ورانہ شاخ تیار کرنا،

4) کیریئر کی ترقی کے امکانات کو بہتر بنانا،

5) ذاتی اور پیشہ ورانہ اہداف کو حاصل کرنے کے زیادہ مواقع،

6) بچوں کی شخصیت کی متوازن و کامل نشو و نما۔

جب بچوں کی دیکھ بھال کی بات آتی ہے تو ہر ایک کام کو مناسب و مقررہ وقت پر انجام دینا ضروری ہوتا ہے جس سے آپ اپنے بچے کے لیے اعلیٰ معیار کی دیکھ بھال اور تعلیم فراہم کرنے پر توجہ مرکوز کر سکیں۔

| **اپنی معلومات کی جانچ (Check your progress)** |
|---|
| **سوال:** وقت اور دن کی تنظیم کے رہنما اصول کیا ہیں؟<br>____________________<br>____________________ |

## 4.6 اکتسابی نتائج (Learning Outcomes)

اس اکائی کا مطالعہ کرنے کے بعد آپ نے درج ذیل باتیں سیکھیں:

- درجہ جماعت میں داخل ہوتے ہی جو چیز اساتذہ کی توجہ اپنی طرف کھینچتی ہے وہ بچوں کا درجہ جماعت میں بیٹھنے کا انتظام ہے۔ چھوٹے بچے بہت چنچل ہوتے ہیں وہ دیر تک ایک جگہ نہیں بیٹھ سکتے ہیں اس لیے وہ بار بار اپنی جگہ سے اٹھتے رہتے ہیں چھوٹے چھوٹے بہانے لے کر اپنی سیٹ سے ہٹنا چاہتے رہتے ہیں۔ اس لیے چھوٹے بچوں کو بیٹھانے کے لیے مناسب انتظام و جگہ کا خاص خیال رکھنے کی ضرورت ہوتی ہے۔

- پرنٹ سے بھرپور اکتسابی ماحول میں درس وتدریس میں معاون پرنٹ کی ہوئی اشیاء کی بہتات ہوتی ہے۔ جن کا مظاہرہ درجہ جماعت کی دیواروں پر چسپاں کر کے کیا جاتا ہے۔
- پرنٹ سے بھرپور اکتسابی ماحول صرف مختلف پرنٹ کو درجہ جماعت میں چسپاں کر دینا نہیں ہے بلکہ پرنٹ سے بھرپور ماحول کے تحت پڑھنے کا ماحول بنانے کے لیے کتب خانہ بنانا، بچوں میں لکھنے کا رجحان فروغ دینے کے لیے تحریری مرکز کی تشکیل کرنا، اور ساتھ ہی معلومات، علم و تفہیم کو فروغ دینے کے لیے متن وخانگی مرکز کی تشکیل کرنا شامل ہے۔
- اندرونی ماحول سے مراد اسکول یا ادارہ کے اندر کا ماحول ہے جو بچوں کے اکتساب اور اس کی شخصیت کو براہ راست متاثر کرتا ہے اس لیے اسکول بچوں کا دوسرا گھر کہلاتا ہے۔ان کا ماحول محفوظ، خوشگوار اور پر سکون ہوتا ہے اور ساتھ ہی ساتھ اسکول کے اندر مختلف سرگرمیوں کو انجام دینے کے لیے جیسے پڑھنے، لکھنے، کھیلنے، آرام کرنے، کھانے اور سونے کے لیے مناسب جگہ کی نشاندہی کی جاتی ہے۔
- بیرونی ماحول سے مراد بچوں کے اسکول وادارے کے باہر کا ماحول ہے۔ بچے باہر کھیلنا پسند کرتے ہیں اور فطرت ان کی جذباتی اور جسمانی نشوونما میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ جب بچے باہر ہوتے ہیں تو باہر نکلنے، شور مچانے اور بہت زیادہ توانائی کا استعمال کرنے کے لیے آزاد ہوتے ہیں۔اور ساتھ ہی باہر بچے کھلے آسمان کے نیچے بہت خوش ہوتے ہیں اور آزادی محسوس کرتے ہیں۔
- وقت اور دن کی تنظیم مخصوص سرگرمیوں، کاموں کو کرنے کے لیے اپنے وقت کو مؤثر طریقے سے منصوبہ بندی اور منظم کرنے کا عمل ہے۔ وقت کی تنظیم کرنے کی صلاحیت ایک اہم مہارت ہے جس سے زیادہ سے زیادہ کارکردگی اور کامیابی حاصل کی جاسکتی ہے۔ ٹائم مینیجمنٹ ہی متعین وقت پر کام کو ختم کرنے اور تناؤ کو کم کرنے کی کنجی ہے۔

## 4.7 فرہنگ (Glossary)

| | |
|---|---|
| لازمی | ضروری |
| جلی | موٹے حروف |
| موزوں | مناسب |
| رفتہ رفتہ | دھیرے دھیرے |
| جگہ برائے مطالعہ | مطالعہ کرنے کی جگہ، پڑھنے کی جگہ |
| جگہ برائے تحریر | لکھنے کی جگہ |
| خط | لائن(Line) |
| کریانس (Crayons) | نرم رنگین پینسل |
| آرام گاہ | آرام کرنے کی جگہ |

| | |
|---|---|
| جگہ برائے طعام | کھانا کھانے کی جگہ |
| مشترکہ | باہمی |
| لرننگ کارنر | سیکھنے کی جگہ |
| مختص | خاص |
| انعقاد | منعقد کرنا |
| پرام(Pram) | بچہ گاڑی، |
| نگران | دیکھ بھال کرنے والا |

## 4.8 اکائی کے اختتام کی سرگرمیاں (Unit End Exercise)

معروضی جوابات کے حامل سوالات(Objective Answer Type Questions)

1. بچوں کی سیٹ۔۔۔ہونی چاہیے۔

(a) ایک دوسرے سے لگی ہوئی (b) بہت دور دور

(c) دیواروں سے لگی ہوئی (d) مناسب دوری پر

2. بچوں کا سامان۔۔۔۔رکھنا چاہیے۔

(a) بچوں کی پہنچ سے دور (b) بچوں کی پہونچ تک

(c) بند شیلف یا الماری میں (d) اونچی جگہ پر

3. بچوں کی تدریسیات۔۔۔پر مبنی ہونی چاہیے

(a) کھیل، سرگرمی اور ترسیل پر (b) کھیل اور پڑھائی

(c) کھیل اور ترسیل (d) کھیل اور 3Rs

4. پرنٹ سے بھرپور اکتسابی ماحول سے کیا مراد ہے؟

(a) کمرہ جماعت میں پرنٹ کی ہوئی تصویریں لگانا (b) کمرہ جماعت کو رنگ برنگی تصویروں سے سجانا

(c) کمرہ جماعت کی دیواروں پر تصویریں لگانا (d) درس وتدریس سے متعلق پرنٹ تصویریں لگانا

5. بچوں کا دوسرا گھر کہلاتا ہے۔

(a) سماج (b) ماں کی گود

(c) اسکول (d) کھیل کا میدان

## مختصر جوابات کے حامل سوالات(Short Answer Type Questions)

1. بچوں کو کمرہ جماعت میں بیٹھانے کے لیے کن باتوں کو دھیان میں رکھنا ضروری ہے؟
2. بچوں کا سامان کیسے رکھنا چاہیے؟
3. پرنٹ سے بھرپور اکتسابی ماحول سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ مثالوں سے سمجھائیے۔
4. اندرونی ماحول کا کیا معنی ہے؟ اندرونی ماحول کیسا ہونا چاہیے؟
5. متحرک لرننگ کارنر کسے کہتے ہیں؟ گوشہ برائے تحریر کے بارے میں تفصیل سے لکھیے۔
6. گوشہ برائے مطالعہ سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ گوشہ برائے مطالعہ پر رکھی جانے والی اشیاء کی فہرست بنائیے؟
7. بیرونی ماحول سے بچوں کو کیا فائدہ ہوتا ہے؟
8. بیرونی ماحول میں استعمال کیے جانے والے کھلونے اور ساز و سامان کی فہرست تیار کیجیے۔
9. وقت اور دن کی تنظیم کیا ہے؟ وقت اور دن کی تنظیم کرتے وقت کن باتوں کو سامنے رکھنا چاہیے؟
10. اچھے نظام الاوقات سے کیا فائدہ ہوتا ہے؟

## طویل جوابات کے حامل سوالات(Long Answer Type Questions)

1. ماحول سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ اندرونی ماحول اور بیرونی ماحول کے درمیاں فرق بتائیے۔
2. اسکول کی بیرونی جگہ کو ڈیزائن کرتے وقت کن نکات پر غور کرنا ضروری ہے اور کیوں؟
3. درجہ جماعت میں کون کون سے متحرک لرننگ کارنر بنائے جاتے ہیں؟ سبھی کے بارے میں مختصر لکھیے۔
4. نظام الاوقات کا کیا مطلب ہے اور اس سے کیا فائدہ ہوتا ہے؟
5. 'پرنٹ اور مظاہرہ دونوں ایک سکہ کے دو پہلو ہیں' مع مثال واضح کیجیے۔

## 4.9 تجویز کردہ اکتسابی مواد(Suggested Learning Resources)


- S.S. Chauhan (2012). Advanced Educational Psychology. Neel Kamal, Hyderabad.
- Kamlesh Vyas (2022, August 25). 'Implementation of NEP 2020: Focusing on early childhood learning. Times of India . Edition. https://timesofindia.indiatimes.com/blogs/voices/implementation-of-nep-2020-focusing-on-early-childhood-learning/ on 24/05/2023

- Venita Kaul. 'Implementing ECCE & Foundational Learning Recommendations of NEP ( 2020) Opportunities & Implications' https://www.education.gov.in/shikshakparv/docs/Venita%20Kaul%20%20PPT.pdf retrieved on 24/05/2023 **Virtual Lab School. (2021).**
- Virtual Lab School. (2021). Learning Environments: An Introduction.
- **https://www.virtuallabschool.org/infant-toddler/learning-environments/lesson**
- Virtual Lab School. (2021). The Indoor Environment: Designing and Organizing.**https://www.virtuallabschool.org/infant-toddler/learning-environments/lesson-2**
- Virtual Lab School. (2021). The Outdoor Environment: Designing for Engagement. https://www.virtuallabschool.org/infant-toddler/learning-environments/lesson-3
- Virtual Lab School. (2021). The Environment: Materials. https://www.virtuallabschool.org/infant-toddler/learning-environments/lesson-4
- Virtual Lab School. (2021). The Environment: Schedules and Routines. https://www.virtuallabschool.org/infant-toddler/learning-environments/lesson-5

# اکائی 5۔ درسیات کی تشکیل

(Developing a Syllabus)

اکائی کے اجزا

5.0 تعارف(Introduction)
5.1 مقاصد(Objectives)
5.2 درسیات کاتصوراور مفہوم(Concept and Meaning of Syllabus)
5.3 مواد کے انتخاب کے اصول(Principles of Content Selection)
5.4 زبان کے لیے مواد (Content for Language)
5.5 ریاضی کے لیے مواد (Content for Mathematics)
5.6 ای وی ایس کے لیے مواداور آرٹس کے لیے مواد(Content for EVS and Content for Arts)
5.7 اکتسابی نتائج(Learning Outcomes)
5.8 فرہنگ(Glossary)
5.9 اکائی کے اختتام کی سرگرمیاں (Unit End Exercise)
5.10 تجویز کردہ اکتسابی مواد(Suggested Learning Resources)

## 5.0 تعارف(Introduction)

تعلیمی عمل میں درسیات اساتذہ اور طلباء دونوں کے لیے ایک روڈ میپ کے طور پر کام کرتے ہوئے ایک اہم کردار ادا کرتا ہے۔ یہ درس و تدریس کے لیے ایک واضح فریم ورک کی تعمیر کرتا ہے اور اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ اس میں شامل ہر شخص کورس کی توقعات اور مقاصد کے بارے میں مشترکہ سمجھ کا حامل ہوں۔ کورس کے مؤثر طریقے سے عمل آوری کرنے کے لیے ایک اچھی طرح سے ڈیزائن کردہ درسیات ایک ضروری ٹول ہے۔ یہ واضح طور پر کورس کی تفصیلات بیان کرتا ہے۔ درسیات طلباء کو یہ معلومات فراہم کرتا ہے کہ کورس کیا ہے،؟ کورس کیوں پڑھایا جاتا ہے ؟اور کورس میں کامیاب ہونے کے لیے کن چیزوں کی ضرورت ہوگی ؟ کسی کورس کے درسیات کا معیار تدریس اور واکتساب کے معیار پر کافی اثرانداز ہوتا ہے۔ لٰہذا، اساتذہ کا فرض ہے کہ وہ ایک اعلیٰ معیار کے درسیات تیار کرنے کی کوشش کریں۔

## 5.1 مقاصد(Objectives)

اس اکائی کا مطالعہ کرنے کے بعد آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ :

- نصاب کے تصور اور معنی کی وضاحت کر سکیں گے۔
- نصاب کے مقصد اور اہمیت کو سمجھیں سکیں گے۔
- نصاب کے اہم اجزاء کی شناخت اور تجزیہ کر سکیں گے۔
- مواد کے انتخاب کے اصولوں کی وضاحت کر سکیں گے۔
- زبان کے لیے مناسب مواد کا انتخاب کر سکیں گے۔
- ریاضی کے لیے مواد کی وضاحت کر سکیں گے۔
- ای وی ایس اور آرٹس کے مواد کی تفہیم اور اس کی وضاحت کر سکیں گے۔

## 5.2 درسیات کا تصور اور مفہوم(Concept and Meaning of Syllabus)

درسیات ایک دستاویز ہے جو کسی مخصوص کورس یا مضمون کا تفصیلی خاکہ فراہم کرتا ہے۔اس میں عام طور پر کورس کا عنوان، کورس کی تفصیل، سیکھنے کے مقاصد، احاطہ کیے جانے والے موضوعات، مطلوبہ نصابی کتابیں یا پڑھنے کا مواد، اور اسائنمنٹس جیسی معلومات شامل ہوتی ہیں۔ نصاب اساتذہ اور طلباء دونوں کے لیے ایک روڈ میپ کا کام کرتا ہے اور کورس کے مواد اور توقعات کا خاکہ پیش کرتا ہے۔ نصاب سے انھیں یہ سمجھنے میں مدد ملتی ہے کہ پورے کورس میں کیا احاطہ کیا جائے گا، انسٹر کٹر کی توقعات، اور کامیابی سے تکمیل کے لیے کیا کیا تقاضے ہیں۔ یہ عام طور پر طلباء کو کورس کے آغاز میں تقسیم کیا جاتا ہے تاکہ انہیں کورس کے ڈھانچے، مواد اور تشخیص کے معیار کی واضح تفہیم فراہم کی جاسکے۔ایک عام نصاب کے کچھ اہم اجزاء یہ ہیں :

i. کورس کی معلومات(Course Information):اس حصے میں کورس کا عنوان اور کوڈ شامل ہوتا ہے۔

ii. کورس کی تفصیل(Course Description):اس میں کورس کا ایک مختصر جائزہ، اس کے مقاصد اور مطابقت کی وضاحت کو پیش کیا جاتا ہے۔ یہ سیکھنے سے متعلق عام تفہیم اور توقع کو فراہم کرتا ہے۔

iii. سیکھنے کے مقاصد(Learning Objectives): کورس کے اختتام تک آپ سے مخصوص علم، ہنر یا قابلیت حاصل ہونے کی توقع سے متعلق معلومات کو فراہم کی جاتی ہے۔ یہ مقاصد انسٹر کٹر کے تدریسی طریقوں کی رہنمائی کرتے ہیں اور کورس کے مطلوبہ نتائج کو سمجھنے میں مدد کرتے ہیں۔

.iv مطلوبہ درسیاتی کتابیں/مواد(Required Textbooks/Materials): درسیاتی کتب، پڑھنے، یا دوسرے مواد کی فہرست جو کورس کے لیے حاصل کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔اس میں کوئی اضافی وسائل یا ٹیکنالوجی کی ضروریات بھی شامل ہو سکتی ہیں۔

.v کورس کا شیڈول/ٹائم لائن(Course Schedule/Timeline): کورس میں شامل موضوعات، تھیمز، یا اکائیوں کا خاکہ، عام طور پر ہفتہ یا سیشن کے لحاظ سے ترتیب دیا جاتا ہے۔

.vi درجہ بندی اور تشخیص(Grading and Assessment): بہتر کارکردگی کا جائزہ کیسے لیا جائے گا اس کا تجزیہ کو پیش کیا جاتا ہے۔

کورس کے مخصوص تقاضے(Course Specific Requirements): کورس کے لیے مخصوص اضافی تقاضے یا معلومات، جیسے لیبارٹری سیشنز، فیلڈ ٹرپس، گروپ پروجیکٹس، یا آن لائن ڈسکشن فورم شامل ہوتے ہیں۔

| |
|---|
| **اپنی معلومات کی جانچ(Check your progress)** |
| **سوال:** عام نصاب کے اجزاء تحریر کیجیے۔ |

## 5.3 مواد کے انتخاب کے اصول(Principles of Content Selection)

مواد کے انتخاب کے لیے کئی باتوں کو ذہن میں رکھنا ضروری ہے۔ان میں سے کچھ تحفظات ذیل میں دیئے گئے ہیں:

.i درستگی(Validity): اس کا مطلب ہے کہ وہ مواد پڑھانا جو ہمیں بنیادی تعلیمی درسیات میں واضح قومی معیارات کے مطابق ہو۔ اس کا مطلب یہ بھی ہے کہ بنیادی تعلیمی نصاب میں بیان کردہ کورس کے اہداف اور مقاصد کو حاصل کرنے کے لیے مواد کو پڑھانا۔

.ii اہمیت(Significance): جو کچھ ہم پڑھاتے ہیں اسے سیکھنے والوں کی ضروریات اور دلچسپیوں کا جواب دینا چاہیے، اس لیے معنی خیز اور اہم ہے۔

.iii توازن(Balance): مواد میں نہ صرف حقائق بلکہ تصورات اور اقدار بھی شامل ہیں۔ تین سطحی نقطہ نظر کا استعمال علمی، سائیکوموٹر، اور جذباتی سبق کے مواد کے توازن کو یقینی بناتا ہے۔ متوازن مواد ایک ایسی چیز ہے جو اوپر کے اوسط طالب علم کو بور کرنا آسان نہیں ہے، اور نہ ہی اوسط کو بند کرنا بہت مشکل ہے۔ یہ ایسی چیز ہے جو طالب علم کو چیلنج کرتی ہے توازن کے اصول کا مشاہدہ کرنے کے لیے، کسی بھی موضوع پر دوسرے موضوعات کی قیمت پر بڑے پیمانے پر بحث نہیں کی جانی چاہیے۔

iv. ivخود کفالت(Self-sufficiency): مواد مکمل طور پر ضروری چیزوں کا احاطہ کرتا ہے۔ سیکھنے کا مواد "میل چوڑا اور انچ گہرا" نہیں ہے۔ لوازم کا کافی احاطہ کیا جاتا ہے اور گہرائی میں علاج کیا جاتا ہے۔ یہ "کم ہے زیادہ" کا معاملہ ہے۔

v. دلچسپی(Interest): استاد سیکھنے والوں کی دلچسپی، ان کی ترقی کے مراحل اور ثقافتی اور نسلی پس منظر پر غور کرتا ہے۔

vi. افادیت(Utility): کیا یہ مواد سیکھنے والوں کے کام آئے گا؟ اس کا مقصد صرف امتحان اور گریڈ کے مقاصد کے لیے حفظ کرنا نہیں ہے۔ جو کچھ سیکھا جاتا ہے وہ امتحانات ختم ہونے کے بعد بھی کام کرتا ہے۔

vii. فزیبلٹی(Feasibility): مواد اس لحاظ سے قابل عمل ہے کہ ضروری مواد کو ہدایات کے لیے دستیاب وقت میں شامل کیا جا سکتا ہے۔

viii. سیکھنے کی اہلیت(Learnability): مواد وہی ہونا چاہئے جو طلباء سیکھ سکتے ہیں اور ان کے تجربے کے مطابق ہونا چاہئے۔ اساتذہ کو سیکھنے کی نفسیات پر نظریات کا اطلاق کرنا چاہیے تاکہ یہ معلوم ہو سکے کہ ان کے مضمون کو پیش کیا گیا ہے، ترتیب وار ترتیب دیا جائے تاکہ طلبہ کی سیکھنے کی صلاحیت کو زیادہ سے زیادہ بنایا جا سکے۔

سماجی حقائق کے ساتھ مطابقت(Consistency with Social Realities): اس کا مطلب یہ ہے کہ مواد کا انتخاب اس بنیاد پر کیا جانا چاہیے کہ وہ ہماری موجودہ سماجی ضروریات معاشی اور سیاسی صورتحال سے متعلق ہیں۔ مواد لوگوں کی ثقافت اور عقائد کے نظام کے لیے قابل قبول ہونا چاہیے۔

اپنی معلومات کی جانچ(heck your ProgressC)

سوال: مواد کے انتخاب کے لیے رہنما اصول کیا ہیں؟

______________________________

______________________________

## 5.4 زبان کے لیے مواد(Content for Language)

زبانیں انسانی علمی، سماجی اور ثقافتی تجربے کا مرکز ہیں۔ زبان بہت سے سادہ اور پیچیدہ کام کو انجام دیتی ہے۔ یہ افراد کو سمجھنے، تجزیہ کرنے اور اپنے نفس اور دنیا سے تعلق رکھنے کی صلاحیت فراہم کرتا ہے۔ یہ علم کے حصول کے ساتھ ساتھ پیداوار میں ثالثی کرتا ہے۔ زبان موثر ابلاغ کو قابل بناتی ہے، جو معاشروں، ثقافت اور شناخت کی تشکیل اور کام کے لیے لازمی ہے۔ لہذا، یہ ضروری ہے کہ ایسے مواد کا انتخاب کیا جائے جو طلباء میں زبان سیکھنے کے ترقیاتی مراحل کے لیے موزوں اور متعلقہ ہو۔



https://www.pediatricsoffranklin.com/resources-and-education/developmental-milestones/speech-development-in-kids

بنیادی سطح پر، زبان کے مواد کو درج ذیل شعبوں میں بنیادی مہارتوں کو فروغ دینے پر توجہ مرکوز کرنی چاہیے:

**i.** زبانی مہارت کو فروغ دینے کے لیے(For developing oral skill): ایسے تعلیمی مواد کا انتخاب کیا جانا چاہیے جو طالب علموں کو ایک دوسرے کے ساتھ بات چیت کی مشق کو فراہم کرتے ہیں۔ چنچل زبان کی سرگرمیاں زبان کے خوف کو دور کرتی ہیں اور تفریحی عنصر کو سیکھنے میں شامل کرتی ہیں۔ مواد میں مختلف قسم کی سرگرمیاں ہونی چاہئیں جیسے رول پلے، ڈرامے اور انٹرویوز جو طلباء کو کلاس روم میں ان پر عمل کرنے کی اجازت دیتے ہیں۔

**ii.** پڑھنے کی مہارت کو فروغ دینے کے لیے(For developing reading skill): پڑھنے کا مواد مختلف قسم کا ہونا چاہیے، بشمول کہانیاں، نظمیں، ڈرامے، مضامین، ڈائری، مزاحیہ، کارٹون، خطوط اور سفر نامے۔ اس میں مانوس اور غیر مانوس متن اور سیاق و سباق کا توازن ہونا چاہیے۔ بڑے فونٹ سائز، رنگین تصویریں، اور ابواب کے دلکش عنوان طلباء میں دلچسپی پیدا کریں گے۔ متن فکر انگیز ہونا چاہئے اور طلباء میں تخیل اور دلچسپی پیدا کرنا چاہئے۔ گائیڈڈ ریڈنگ سے آزاد پڑھنے کی طرف طلباء کی ترقی میں مدد کے لیے مواد کو خود قرض دینا چاہیے۔

**iii.** لکھنے کی مہارت کو فروغ دینے کے لیے(For developing writing skill): منتخب مواد کو طالب علموں کو منظم طریقے سے اور خوشی سے لکھنے کی مہارتیں سیکھنے کے قابل بنانا چاہیے۔ مواد کو اس لیے ڈیزائن کیا جانا چاہیے کہ طالب علم اپنے طور پر سادہ جملوں کی مشق کر سکیں۔ کہانیوں کی تکمیل، تصویروں کے لیے موزوں عنوانات کی تلاش، واقعات کے لیے دلکش سرخیاں، پوسٹر سازی، اور بینرز جیسی سرگرمیاں نصابی کتب کا حصہ ہونی چاہئیں۔

**iv.** ترقی پذیر اقدار اور مزاج کے لیے(For developing values and dispositions): منتخب کردہ مواد کو تعلیم کے بڑے مقاصد اور NEP 2020 اور آئینی اقدار میں سرایت کرنے والے اقدار اور طرز عمل کے مطابق ہونا چاہیے۔ اس کا مطلب ہے ایسے مواد کا انتخاب کرنا جس میں زندگی کے تمام شعبوں کے مصنفین شامل ہوں، اس قسم کے ادب جو زبانوں میں مقامی، علاقائی اور لسانی تنوع کی نمائندگی کرتے ہوں، اور برصغیر کی ثقافتوں کی تعریف کی واضح تعلیم ہو۔

**.v** فنکشنل زبان کی مہارت کو فروغ دینے کے لیے(For developing functional language skill): کوئی بھی سیکھنے کا مواد جو منتخب کیا جاتا ہے اسے سیکھنے والوں کو زبان کے فعال استعمال میں بڑھنے کی اجازت دینی چاہیے۔ یہاں اس کے لیے تجویز کردہ مواد کی فہرست ہے۔

**a.** ایسے موضوعات اور عنوانات کا انتخاب کرنا جو طلباء کے لیے واقف ہوں اور ان کی روزمرہ کی زندگی پر اثر انداز ہوں، انہیں گروپ ڈسکشن، ڈیبیٹ، رول پلے وغیرہ میں حصہ لینے کی اجازت دیں۔ مثال کے طور پر شہروں میں ٹریفک جام، موثر ٹاؤن پلاننگ، سیلاب، خشک سالی، آلودگی

**b.** خط لکھنا، خواہ کاغذ پر ہو یا ای میل کے ذریعے، ایک اہم ہنر ہے۔ مواد میں مختلف قسم کے خطوط کے نمونے ہونے چاہئیں، خاص طور پر رسمی خطوط، بشمول حقیقی زندگی کے حالات کے لیے خطوط کے نمونے جیسے کالج میں نئے کورس کے لیے درخواست دینا، اسکالرشپ، بینک میں قرض، سرکاری دفتر میں کوئی بھی درخواست، پولیس۔اسٹیشن، عدالت، وغیرہ

**c.** اس کے علاوہ مختلف قسم کے مواد بشمول نوٹس، پریزنٹیشنز، مقصد کے بیانات، اور پیشکشیں؛ مضامین، فیچرز، نیوز آئٹمز اور رپورٹس؛ سوشل میڈیا کے لیے اشتہارات، پوسٹرز، بینرز، ہیڈلائنز، ویڈیوز اور اسکرپٹس کو زبان کے کلاس رومز میں استعمال کیا جانا چاہیے۔

**.vi** لسانی مہارتوں کو فروغ دینے کے لیے(For developing linguistic skills): مواد کو زبان کی روانی اور درستگی کو بہتر بنانے میں مدد کرنی چاہیے۔ پڑھنے، بولنے اور لکھنے میں زبان کی مہارت کو بڑھانے کے لیے لسانی پہلوؤں جیسے کہ اوقاف کے نشانات، جنس کا استعمال، جملے کی ساخت، اور ادوار کو مواد میں نمایاں طور پر قابل شناخت ہونا چاہیے۔ اسی طرح، منتخب مواد کو طلباء کو مختلف ادبی آلات اور سیاق وسباق کا استعمال کرتے ہوئے زیادہ نفاست کے ساتھ جدید تخلیقی تحریر کی مشق کرنے کی اجازت دینی چاہیے۔

**.vii** لسانی ورثے اور تنوع کی تعریف کرنے کے لیے (For eliciting appreciation of linguistic heritage and diversity): مواد کو برصغیر پاک وہند کے کثیر لسانی پہلو پر غور کرنا چاہیے، منتخب کردہ مواد میں مقامی اور علاقائی بولیوں اور زبان کے تغیرات کے لیے جگہ بنانا چاہیے۔

**.viii** ابتدائی درجات کے متنی مواد میں تصویروں اور تمثیلوں کے لحاظ سے مناسب بصری اشارے ہونے چاہئیں، تاکہ ابتدائی قاری کو معنی بنانے میں مدد مل سکے۔

| **اپنی معلومات کی جانچ(Check your progress)** |
|---|
| **سوال:** ۔لکھنے کی مہارت کو فروغ دینے کے لیے کس طرح کا مواد ہونا چاہیے۔<br>________________________________________<br>________________________________________ |

## 5.5 ریاضی کے لیے مواد (Content for Mathematics)

ریاضی ہماری زندگی کے مختلف پہلوؤں میں ایک بنیادی اور ناگزیر کردار ادا کرتا ہے۔اس کی اہمیت کلاس رومز اور اکیڈمک سیٹنگز کی حدود سے باہر ہے۔ پرائمری سطح پر ریاضی انتہائی اہمیت کا حامل ہے کیونکہیہ طلباء کی ریاضی کی سمجھ، مسئلہ حل کرنے کی صلاحیتوں، منطقی سوچ، مقامی بیداری، پیائش کی مہارت اور مستقبل کی تعلیمی کامیابی کے لیے بنیاد رکھتا ہے۔ ریاضی میں ایک مضبوط بنیاد فراہم کرنے سے، بچے ضروری مہارتوں اور موضوع کے تیئں مثبت رویہ سے لیس ہوتے ہیں، جو ان کی مجموعی فکری نشوونما اور زندگی بھر سیکھنے کے لیے اہم ہیں۔

پرائمری اسکول کا مرحلہ بنیادی پلیٹ فارم ہے جس پر بعد کے مراحل کو تعمیر کرنے کی ضرورت ہے۔ ریاضی کے لیے مواد کا انتخاب کرتے وقت، درج ذیل باتوں پر عمل کرنے کی ضرورت ہے:

i. چھوٹے بچے کھیل کھیلنا اور سرگرمیوں میں شامل ہونا پسند کرتے ہیں۔ اس لیے اس مرحلے پر مزید ریاضی کے کھیل، پہیلیاں اور دیگر تفریحی سرگرمیوں کو شامل کرنے کے لیے کافی گنجائش فراہم کی جانی چاہیے۔

ii. زیادہ تر ریاضی کے تصورات کا براہ راست اثر بچے کی روزمرہ کی زندگی پر ہوتا ہے۔ اس لیے جہاں تک ممکن ہو ان مواد کو روزمرہ کی زندگی کے حالات سے جوڑ کر پڑھایا جائے۔ اس مرحلے میں شامل کیے جانے والے مختلف عنوانات نمبر اور اس کے عمل، شکلیں، مقامی تفہیم، پیٹرن، پیائش اور ڈیٹا ہینڈلنگ ہو سکتے ہیں۔

iii. ہمیں کلاس روم سے باہر سیکھنے کے کلچر کی ترقی کی حوصلہ افزائی کرنے کی ضرورت ہے۔ مواد میں شامل کرنے کے لیے مزید پلے وے سرگرمیاں کو شامل کیا جائے۔

iv. مواد کے انتخاب کے لیے، توجہ ان سرگرمیوں پر مرکوز ہونی چاہیے جو دلفریب ہوں، یعنی بچوں کی روزمرہ کی زندگی کے تجربات کے ارد گرد بنائی گئی ہوں۔ اسے بیک وقت ایک سے زیادہ سیکھنے کے مقاصد / قابلیت کو پورا کرنا چاہیے اور ایک ہی وقت میں سیکھنے کے ایکیا زیادہ شعبوں کو مد نظر رکھنا چاہیے۔

v. وہ مواد جو سیکھنے کے عمل کی حوصلہ افزائی کرتا ہے (معنی پر یکٹسیاد داشت اور طریقہ کار کی روانی کو بڑھانے کا باعث بنتی ہے) اور علمی مہارتیں (استدلال، موازنہ، متضاد اور درجہ بندی) کے ساتھ ساتھ مخصوص ریاضیاتی صلاحیتوں کا حصول۔

vi. تمام مواد میں مستقل مزاجی اور ہم آہنگی ہونی چاہیے اور تصورات کی ترقی لکیری کے بجائے سرپل ہونی چاہیے۔

vii. مواد کو بچوں کو کسی مسئلے کو حل کرنے کے لیے متعدد حکمت عملیوں کو دریافت کرنے کی اجازت دینی چاہیے۔

viii. مواد میں ایسے حالات اور مسائل ہونے چاہئیں جو متعدد درست جوابات پیش کرتے ہیں۔ اس کے لیے مشقوں میں کھلے عام سوالات کو زیادہ جگہ دی جانی چاہیے۔

ix. مسئلہ پیدا کرنا ریاضی کرنے کا ایک اہم حصہ ہے۔ ایسی مشقوں کی حوصلہ افزائی کی جانی چاہیے جن میں بچوں کو اپنے ساتھیوں اور دوسروں کے لیے مختلف قسم کے مسائل پیدا کرنے اور تشکیل دینے کی ضرورت ہوتی ہے۔

**x.** مواد ایسا ہونا چاہئے جس سے بچوں کو صرف تصورات اور الگورتھم کو یاد کرنے کی بجائے کسی چیز کو دریافت کرنے، تخلیق کرنے، تعریف کرنے اور سمجھنے کیصلاحیتوں کو فروغ دیۓ جا سکیں۔

**xi.** مواد کو با معنی مشق پیش کرنی چاہیے (ورک شیٹس، گیمز، پہیلیاں وغیرہ کے ذریعے) جو ورکنگ میموری کی طرف لے جاتی ہے اور بالآخر ایک طریقہ کار/کمپیوٹیشنل روانی پیدا کرتی ہے۔

**xii.** مواد کو تجرید کی افادیت کو قدرتی طور پر تحریک دینے کے مواقع فراہم کرنے چاہئیں۔



https://komodomath.com/us/blog/kindergarten-math-skills

| **اپنی معلومات کی جانچ (Check your progress)** |
| --- |
| **سوال:** ریاضی کے لیے مواد کا انتخاب کرتے وقت کن نکات پر عمل کرنا چاہیے۔<br>______________________________<br>______________________________ |

## 5.6 ای وی ایس کے لیے مواد اور آرٹس کے لیے مواد

## (Content for EVS and Content for Arts)

- **ای وی ایس کے لیے مواد: (Content for EVS)**

مقامی ماحول نہ صرف جسمانی اور قدرتی دنیا ہے بلکہ سماجی اور ثقافتی دنیا بھی ہے۔ بچے کو اس قابل ہونا چاہیے کہ وہ اپنے علم کو دنیا، زندگی، معاشرے اور ثقافت سے جوڑ سکے۔ ماحولیاتی مطالعہ (EVS) ماحولیات کی منصوبہ بند تحقیق ہے تاکہ مختلف ماحولیاتی عوامل اور قوتوں کے باہمی تعلق اور انسان پر ان کے اثرات کو سمجھا جا سکے۔

علاقائی ماحولیاتی مسائل اور ثقافتی طریقوں کو شامل کرتے ہوئے مواد کو مقامی سیاق و سباق کے مطابق ڈھالنا ضروری ہے۔ مواد کو عمر کے لحاظ سے مناسب اور متعامل انداز میں پیش کیا جانا چاہیے، کہانیاں، گیمز، بصری، اور تجرباتی سیکھنے کے طریقوں کا استعمال کرتے ہوئے طلباء کے تجسس اور ماحولیاتی تعلیم میں فعال شرکت کو فروغ دینا چاہیے۔ پرائمری سطح پر، انوائرنمنٹل اسٹڈیز (EVS) کو بچوں کو قدرتی دنیا سے متعارف کرانے، ان کے تجسس کو فروغ دینے، اور ان کے ماحول کی سمجھ پیدا کرنے پر توجہ دینی چاہیے۔ مندرجہ ذیل کچھ مواد کے شعبے ہیں جن کا احاطہ پرائمری سطح پر EVS میں کیا جا سکتا ہے:

### 1.ماحولیات کا تعارف(Introduction to Environment):

- ماحول کے بارے میں بنیادی تصورات، جیسے ہوا، پانی، مٹی، اور جاندار۔
- مقامی ماحول میں پودوں اور جانوروں کی شناخت اور درجہ بندی۔
- رہائش گاہوں اور ماحولیاتی نظام کے تصور کو سمجھنا۔

### 2.قدرتی وسائل(Natural Resources):

- مختلف قسم کے قدرتی وسائل کا تعارف، جیسے پانی، جنگلات، معدنیات، اور توانائی کے ذرائع۔
- قدرتی وسائل کے تحفظ اور ذمہ داری سے انتظام کرنے کی اہمیت کو سمجھنا۔
- وسائل کے استعمال اور تحفظ کے لیے پائیدار طریقوں کی تلاش۔

### 3.آلودگی اور ماحولیاتی انحطاط(Pollution and Environmental Degradation):

- آلودگی کی مختلف اقسام کی شناخت اور سمجھنا، بشمول ہوا، پانی، اور مٹی کی آلودگی۔
- ماحولیات اور انسانی صحت پر آلودگی کے اسباب اور نتائج کے بارے میں آگاہی۔
- فضلہ مواد کو کم کرنے، دوبارہ استعمال کرنے اور دوبارہ استعمال کرنے کی اہمیت کو فروغ دینا۔

### 4.حیاتیاتی تنوع اور تحفظ(Biodiversity and Conservation):

- حیاتیاتی تنوع کا تعارف اور مختلف انواع اور ماحولیاتی نظام کے تحفظ کی اہمیت۔
- خطرے سے دوچار پرجاتیوں اور ان کے زوال کی وجوہات کے بارے میں جاننا۔
- حیاتیاتی تنوع کے تحفظ میں تحفظ کی حکمت عملیوں اور افراد کے کردار کی تلاش۔

### 5.موسمیاتی تبدیلی اور گلوبل وارمنگ(Climate Change and Global Warming):

- موسمیاتی تبدیلی کے تصور اور ماحول اور انسانی زندگی پر اس کے اثرات کو سمجھنا۔
- گرین ہاؤس اثر، گلوبل وارمنگ، اور ان کی وجوہات کے بارے میں جاننا۔
